تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD

★★★ ہر خبر آپ تک ★★★

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

Power of Pakistan News Agency

چیف ایڈیٹر: مرزا احماد علی

powerofpakistannewsagency.online

جلد نمبر 02 | پیر 25 نومبر 02,2025 جمادی الثانی 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 101

پنجاب حکومت نے صرف ڈیڑھ برس میں وہ کام کر لئے جو دہائیوں میں نہ ہو سکے، مریم نواز

سرمایہ کاری، دفاعی تعاون اور عوامی روابط پر تبادلہ خیال، فلپائن اور پنجاب کے مابین اشتراک کار مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

لاہور کا یونیسکو کریئیٹیو سٹی اور ای سی او ٹورازم کیپیٹل 2027 کا اعزاز، ثقافتی اور سیاحتی تعاون کے نئے دروازے کھولے گا' وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ڈیپارٹمنٹس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے فلپائن کے سفیر ڈاکٹر ایمینوئیل آر فرنینڈز نے ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، سرمایہ کاری، موسمیاتی (بقیہ نمبر 1)

نوجوانوں میں شناخت اور ثقافتی بیداری کی بحالی کے لیے قومی عزم کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات پروفیسر (بقیہ نمبر 2)

کچھ عناصر خطے کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں، نائب وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ کچھ عناصر خطے کا امن (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف صنعت کاری سے متعلق ورکنگ گروپ کے پہلے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

فیصل آباد: کیمیکل فیکٹری میں بوائلر پھٹنے سے 17 افراد جاں بحق

دھماکے کے باعث متعدد گھروں کی چھتیں گر گئیں، فیکٹری منیجر گرفتار، مالک فرار ہونے میں کامیاب

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں کیمیکل فیکٹری میں بوائلر پھٹنے سے چار بچوں سمیت 17 افراد جاں بحق اور 20 زخمی ہوگئے، دھماکے کے باعث متعدد گھروں کی چھتیں بھی گر گئیں۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد کے علاقے ملک پور میں واقع کیمیکل فیکٹری میں بوائلر پھٹنے سے فیکٹری میں آگ بھڑک اٹھی۔ دھماکے سے قریب واقع 9 گھروں کی چھتیں بھی گر گئیں۔ ریسکیو ٹیموں نے فیکٹری کے ملبے سے مزدوروں اور قریبی (بقیہ نمبر 6)

اسحاق ڈار کی جمہوریہ سلووینیا کی نائب وزیر اعظم سے ملاقات، اہم مفاہمت نامے پر دستخط کئے

پاکستان اور جمہوریہ سلووینیا کے مابین باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون کو بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی جمہوریہ سلووینیا کی نائب وزیر اعظم، خارجہ اور یورپی امور کی وزیر تنجا فاجون سے برسلز میں ملاقات ہوئی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات برسلز میں منعقد ہونے والے چوتھے یورپی یونین (بقیہ نمبر 4)

وزیر اعلیٰ پنجاب ''ہنر مند اسیر پروگرام'' میں اہم پیشرفت

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب ''ہنر مند اسیر پروگرام'' میں اہم پیشرفت (بقیہ نمبر 5)

اسحاق ڈار کی ڈنمارک کے وزیر خارجہ سے ملاقات، باہمی تعاون کے فروغ بارے تبادلہ خیال

2025 اور 2026 کی مدت کیلئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ساتھی غیر مستقل اراکین کے طور پر قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق

برسلز (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے برسلز میں چوتھے یورپی یونین انڈو پیسیفک وزارتی فورم کے موقع پر ڈنمارک کے وزیر خارجہ لارس لوکے راسموسن سے ملاقات کی اور دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے فروغ بارے تبادلہ خیال کیا۔ جمعہ (بقیہ نمبر 7)

ضمنی انتخابات، ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر سینیٹر رانا ثناءاللہ کو نوٹس جاری

فیصل آباد (این این آئی) ضمنی انتخابات پی پی 116 فیصل آباد میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر سینیٹر رانا ثناءاللہ کو نوٹس جاری (بقیہ نمبر 8)

ملتان: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے محمود گروپ آف ٹیکسٹائل ملز کا دورہ کیا

کاروباری حضرات کی جانب سے صنعتی ترقی کیلئے عرق ریزی سے تجاویز تیار کی گئیں جو لائق تحسین ہیں، ان تجاویز کا بغور مشاہدہ کر کے عملدرآمد کا لائحہ عمل تیار کیا جائیگا، شہباز شریف

ملکی معاشی ترقی اور آمدن میں اضافہ صنعتی ترقی کے بغیر ممکن نہیں، وزیر اعظم

وزیر اعظم نے ان تجاویز کی تعریف اور معیشت کے دیگر شعبوں کے حوالے سے سفارشات کے ساتھ ان تجاویز کو ملا کر قومی پالیسی فریم ورک میں شامل کرنے کی ہدایت کی

ملکی معاشی ترقی، روزگار کی فراہمی اور آمدن میں اضافہ صنعتی ترقی کے بغیر ممکن نہیں، کاروبار میں آسانی اور سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے اقدامات حکومت کی اولین ترجیح ہیں، ملکی صنعتی ترقی کیلئے نجی شعبے کی تجاویز کلیدی اہمیت رکھتی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے واضح کیا ہے کہ ملکی معاشی ترقی، روزگار کی فراہمی اور آمدن میں اضافہ صنعتی ترقی کے بغیر ممکن نہیں، کاروباری حضرات کی جانب سے صنعتی ترقی کیلئے عرق ریزی سے تجاویز تیار کی گئیں جو لائق تحسین ہیں، ان تجاویز کا بغور مشاہدہ کر کے عملدرآمد کا لائحہ عمل تیار کیا جائیگا۔ جمعہ کو وزیر اعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملکی صنعتی ترقی پر نجی شعبے کی قائم کردہ کمیٹی کا اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ جس میں وفاقی وزراء احسن اقبال، جام کمال خان، احد خان چیمہ، علی پرویز ملک، (بقیہ نمبر 10)

انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی، الیکشن کمیشن نے طلال چوہدری کو طلب کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر الیکشن کمیشن نے وزیر مملکت (بقیہ نمبر 13)

الیکشن کمیشن میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کیخلاف سماعت، سہیل آفریدی پیش نہ ہوئے

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی این اے 96 ہری پور میں ضمنی الیکشن میں (بقیہ نمبر 12)

طالبان کے حملے کے بعد ذہنی مسائل کا سامنا کیا، ملالہ

لندن (این این آئی) نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسف زئی نے لوگوں کو ذہنی صحت پر توجہ دینے کا (بقیہ نمبر 11)

خواجہ سلمان رفیق کا فیصل آباد فیکٹری میں بوائلر پھٹنے سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

وزیر صحت پنجاب کی ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے فیصل آباد کے علاقے ملک پور کی پلاسٹک فیکٹری میں بوائلر پھٹنے کے افسوس ناک واقعہ میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ الائیڈ ہسپتال فیصل آباد 1 میں واقعہ کے (بقیہ نمبر 9)

پاکستان لبنان کیساتھ وابستگی کو اہمیت دیتا ہے، صدر مملکت

صدر مملکت کی لبنان کے یوم آزادی کے موقع پر لبنان کی حکومت اور برادر عوام کو جمہوریہ لبنان کے یوم آزادی کے موقع پر دلی مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے لبنان کی حکومت اور برادر عوام کو جمہوریہ لبنان کے یوم آزادی کے موقع پر دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان لبنان کے ساتھ اپنی دیرینہ وابستگی کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور اس باہمی مفید تعلق کو مزید (بقیہ نمبر 14)

پاکستانی میڈیا کا منظر نامہ مثبت سمت میں ترقی کر رہا ہے، عطاءاللہ تارڑ

آن لائن انتہا پسندی اور نفرت انگیز مواد خطے میں معاشرتی ہم آہنگی کے لئے بڑا خطرہ ہیں، اس کے خلاف شراکت داری وقت کی ضرورت ہے، خطاب

باکو (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاءاللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کا میڈیا منظر نامہ مثبت سمت میں تیزی سے ترقی کر رہا ہے، حکومت بروقت اور موثر ابلاغ کے لئے قومی نشریاتی اداروں کو مضبوط بنا رہی ہے، نئی نسل خصوصاً جنریشن زی کو میڈیا لٹریسی اور درست معلومات کی تعلیم دینا وقت کی ضرورت ہے، آن لائن انتہا پسندی اور نفرت انگیز مواد خطے میں معاشرتی ہم آہنگی کے لئے بڑا خطرہ (بقیہ نمبر 29)

صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین گجرات کے کاشتکاروں میں وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت گرین ٹریکٹرز کی چابیاں تقسیم کر رہے ہیں۔

منشیات کے دو مقدمات میں گرفتار خواتین کی ضمانت منظور

لاہور ہائیکورٹ کے ڈویژن بنچ نے تین، تین لاکھ کے مچلکوں کے عوض ضمانتیں منظور کیں

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے منشیات کے مقدمات میں گرفتار دو خواتین کی ضمانت منظور کرتے ہوئے تین، تین لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض رہا کرنے کا حکم دیدیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر اور جسٹس محمد طارق ندیم پر مشتمل ڈویژن بنچ نے سماعت کی۔ دونوں کیسز میں ملزمان کی جانب سے بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواستیں دائر کی گئی تھیں۔ ایک کیس میں فوزیہ عباس پر 1180 گرام چرس کا مقدمہ درج ہے، تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن (بقیہ نمبر 17)

ضمنی انتخابات، فوج اور سول فورسز افسران کو فرسٹ کلاس مجسٹریٹ کے اختیارات تفویض

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب اور کے پی میں ضمنی انتخابات میں فوج اور سول آرمڈ فورسز کے آفیسر انچارج کو فرسٹ کلاس مجسٹریٹ کے اختیارات تفویض کیے گئے ہیں اس حوالے سے الیکشن کمیشن آف پاکستان نے فرسٹ کلاس مجسٹریٹ کے اختیارات دینے (بقیہ نمبر 16)

یو ای ٹی لاہور کا 32 واں کانووکیشن، 2 ہزار 407 طلبہ میں اسناد، 44 طلبہ میں گولڈ میڈل تقسیم

عالمی رینکنگ میں 205 ویں پوزیشن یو ای ٹی کی تعلیمی و تحقیقی کاوشوں کا ثبوت ہے' گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان

لاہور (این این آئی) یو ای ٹی لاہور میں 32 ویں کانووکیشن کی شاندار تقریب منعقد ہوئی، جس کی صدارت گورنر پنجاب و چانسلر سردار سلیم حیدر خان نے کی۔ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور یونیورسٹی کی کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے خوشی کے اس موقع پر فارغ التحصیل طلبہ، ان کے محنت کش والدین اور درخشاں فیکلٹی کو دلی مبارکباد پیش کی۔ انکا کہنا تھا کہ آج طلبا کی عظیم کامیابی کو منانے کا دن ہے، جنہوں نے نہ صرف اپنی تعلیمی صلاحیتوں کا (بقیہ نمبر 15)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور چیئرمین بورڈ ڈاکٹر فرقد عالمگیر، جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے بورڈ آف گورنرز کے تیسرے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ ڈی ایٹ میڈیا فورم میں شرکت کے لئے باکو پہنچ گئے

باکو (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاءاللہ تارڑ آذربائیجان حکومت کی دعوت پر ڈی ایٹ میڈیا فورم میں شرکت کیلئے جمعرات کو باکو پہنچ گئے۔ حیدر علیوف انٹرنیشنل ایئر پورٹ باکو پر آذربائیجان کی میڈیا ڈویلپمنٹ ایجنسی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر احمد اسماعیلوف نے وفاقی وزیر اطلاعات کا استقبال کیا۔ آذربائیجان میں (بقیہ نمبر 30)

بلاول بھٹو زرداری کا فیصل آباد میں فیکٹری میں بوائلر پھٹنے کے نتیجے میں ہلاکتوں پر اظہار افسوس

حادثے کی فوری تحقیقات اور آئندہ اس طرح کے حادثات کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں، بلاول بھٹو زرداری

فیصل آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے فیصل آباد کے ملک پور علاقہ میں فیکٹری میں بوائلر پھٹنے کے نتیجے میں ہلاکتوں پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ حادثے کی فوری تحقیقات اور آئندہ اس طرح کے حادثات کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے اندوہ ناک واقعہ میں اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے حادثے کی (بقیہ نمبر 18)

پنجاب حکومت کے ویژن کو امریکی کانگریس نے مثال قرار دیا، عظمیٰ بخاری

امریکی قانون سازوں نے اعتراف کیا کہ مریم نواز کے اقدامات امریکی کمپنیوں کے لیے سرمایہ کاری کا پرکشش موقع ہیں، صوبائی

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کے ویژن کو امریکی کانگریس نے جنوبی ایشیا میں مثال قرار دیا ہے، امریکی قانون سازوں نے اعتراف کیا کہ مریم نواز کے اقدامات امریکی کمپنیوں کے لیے سرمایہ کاری کا پرکشش موقع ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ امریکی کانگریس کا مریم نواز کو لکھا گیا خط حوصلہ افزا اور قابل ستائش ہے۔ امریکی قانون ساز بھی مریم نواز کی (بقیہ نمبر 19)

نام نہاد تحریک تحفظ آئین والے یوم سیاہ سے پہلے اپنے سیاہ کرتوتوں پر قوم سے معافی مانگیں، اختر اقبال ڈار

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف (نظریاتی) کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے کہا ہے کہ نام نہاد تحریک تحفظ آئین والے یوم سیاہ منانے سے پہلے اپنے سیاہ کرتوتوں پر قوم سے معافی مانگیں، آر ٹی ایس بٹھا کر حکومت بنانے والے، ڈسکہ سیالکوٹ میں پریذائیڈنگ افسران کو دھند میں غائب کرنے والے اور 2018 کے الیکشن میں جہانگیر ترین کے جہاز سے (بقیہ نمبر 31)

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمن گلبرگ ایم جی موٹرز کے زیر اہتمام ایم جی موٹر کار کے نئے ماڈل کا افتتاح کر رہے ہیں۔

وزیر قانون نذیر تارڑ سے ہیڈ آف ایوانجیلیکل لوتھرن چرچ آف فن لینڈ کی وفد کے ہمراہ ملاقات

بین المذاہب ہم آہنگی اور پرامن بقائے باہمی کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے ہیڈ آف ایوانجیلیکل لوتھرن چرچ آف فن لینڈ آرچ بشپ ٹیپی لوما نے اپنے وفد کے ہمراہ جس میں فن لینڈ کے پاکستان میں سفیر ہونور پائی بھی شامل تھے، نے ملاقات کی۔ اس موقع پر دونوں فریقین نے پاکستان میں انسانی حقوق کے فروغ، بین المذاہب ہم آہنگی اور پرامن بقائے باہمی کے فروغ کے سلسلے میں تبادلہ خیال کیا۔ جمعہ کو وزارت انسانی حقوق سے جاری بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 32)

گوادر فری زون میں پاکستان کی پہلی کیننگ فیکٹری قائم کی جائے گی

گوادر (این این آئی) ہوت انٹر پرائزز نے گوادر نارتھ فری زون میں دو ایکڑ زمین کے لیے سب لیز معاہدے پر دستخط کر دیے، یوں وہ اس زون میں قدم جمانے والی پہلی مقامی کمپنی بن گئی ہے، جہاں وہ سمندری خوراک اور خشک میوہ جات کی پروسیسنگ کی سہولت (بقیہ نمبر 21)

دہشت گردوں کی معاونت ختم نہ کرنے تک افغانستان کیساتھ تجارت بند رہے گی، دفتر خارجہ

پاکستان کے پاس افغانستان کے ساتھ تجارت بند کرنے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کی معاونت ختم نہ ہونے تک افغانستان کے ساتھ تجارت بند رہے گی، پاکستان کے پاس افغانستان کے ساتھ تجارت بند کرنے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں، افغانستان نے پاکستان کے تاجروں اور تجارت پر حملے کیے، پاکستان اپنے شہریوں کی زندگی کی قیمت پر افغانستان (بقیہ نمبر 20)

کبھی انتقامی سیاست نہیں کی نہ کریں گے، شافع حسین

چوہدری شافع حسین کا دورہ گجرات، وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت کاشتکاروں میں گرین ٹریکٹرز کی چابیاں تقسیم کیں

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے گجرات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت کاشتکاروں میں گرین ٹریکٹرز کی چابیاں تقسیم کی گئیں۔ صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین اور اراکین پنجاب اسمبلی سید مددعلی شاہ، چوہدری اعجاز رنیہ، چوہدری موسیٰ الٰہی، عبداللہ یوسف اور راجہ اسلم نے 34 کاشتکاروں کو گرین ٹریکٹرز کی چابیاں حوالے کیں۔ مسلم لیگ (بقیہ نمبر 33)

قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی سے کمشنر ملتان کی ملاقات

ترقیاتی منصوبوں، سموگ اور صحت عامہ کی صورتحال بارے بریفنگ

ملتان (این این آئی) قائم مقام صدر پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے کمشنر ملتان عامر کریم خان نے ملاقات کی، جس میں ملتان ڈویژن میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات اور انتظامی امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ قائم مقام صدر نے سیلاب کے دوران ضلعی انتظامیہ اور کمشنر ملتان کی موثر کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بروقت ریلیف آپریشن اور متاثرین کی بحالی انتظامیہ کی موثر حکمت عملی کا ثبوت ہے۔ کمشنر ملتان عامر کریم خان نے اس موقع پر رکن (بقیہ نمبر 22)

موسم کی خرابی اور انتظامی مسائل کے سبب 12 پروازیں منسوخ، 32 تاخیر کا شکار

کراچی (این این آئی) موسم کی خرابی اور انتظامی مسائل کے باعث ملک بھر کی 12 پروازیں منسوخ کر دی گئیں، 32 تاخیر کا شکار ہوئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق شارجہ کراچی کی غیر ملکی ایئر لائن کی 2 جبکہ قومی ایئر لائن کی کراچی سے سکھر اور لاہور کی 5 پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق قومی ایئر کی کراچی دبئی کی 1، اسلام آباد دبئی اور (بقیہ نمبر 25)

پاک کینیڈا معیشت میں بزنس کمیونٹی پل کا کردار ادا کر رہی ہے: پاکستانی ہائی کمشنر محمد سلیم

ترقی کی طرف گامزن پاکستان کے تمام شعبوں میں تجارت اور سرمایہ کاری کے بہترین مواقع موجود ہیں، خطاب

ٹورنٹو (این این آئی) کینیڈا میں متعین پاکستان کے ہائی کمشنر محمد سلیم نے کہا ہے کہ پاکستان اور کینیڈا کی معیشتوں کے درمیان بزنس کمیونٹی ایک پل کا کردار ادا کر رہی ہے۔ ہائی کمشنر محمد سلیم پاکستانی نژاد کاروباری افراد کی تنظیم 'اوپن' کی سالانہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقی کی طرف گامزن پاکستان کے تمام شعبوں میں تجارت اور سرمایہ کاری کے بہترین (بقیہ نمبر 24)

لاہور، شادمان اور گلبرگ ڈرینز کے اطراف شجر کاری، کمشنر لاہور مریم خاں نے آغاز کیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن گرین لاہور کے تحت کمشنر لاہور مریم خان نے شادمان ڈرین اور گلبرگ ڈرین کے اطراف پر شجر کاری مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے، دونوں مقامات پر بانس کے ہزاروں نئے پودے لگائے جائیں گے۔ (بقیہ نمبر 23)

لاہور: چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد پنجاب اسمبلی میں بچوں کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی ہیں۔

لاہور: گورنر پنجاب و چانسلر سردار سلیم حیدر خان یو ای ٹی کے 32 ویں کانووکیشن کے موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر اور ڈینز کے ہمراہ اسٹیج پر بیٹھے ہیں۔

خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن کے امتحانات کے دوران دفعہ 144 نافذ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن (کے پی ایس سی) امتحانات کے موقع پر امتحانی مراکز کے قریب ہجوم پر پابندی عائد کر دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر پشاور کے مطابق پابندیاں دفعہ 144 کے تحت 4 دسمبر تک لگائی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر پشاور نے بتایا کہ اس دوران (بقیہ نمبر 27)

کوہستان کرپشن سکینڈل، گرفتار 3 ملزمان کی پلی بارگین کیلئے درخواست

نیب خیبر پختونخوا ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس 28 نومبر کو ہوگا، درخواستوں کا جائزہ لیا جائے گا

پشاور (این این آئی) کوہستان کرپشن سکینڈل کیس میں گرفتار تین ملزمان نے نیب کو پلی بارگین کی درخواستیں دے دیں۔ نیب ذرائع کے مطابق تین ملزمان نے نیب کو 15 ارب روپے سے زائد کی پلی بارگین کی درخواستیں جمع کرائی ہیں تاہم نیب خیبر پختونخوا ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس 28 نومبر کو ہوگا جس میں ان درخواستوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ نیب ذرائع نے بتایا کہ درخواستوں میں بینک اکاؤنٹس، جائیدادیں، گاڑیاں، سونا اور نقدی ظاہر کی گئی ہے اور ملزمان کی متعدد جائیدادیں (بقیہ نمبر 26)

پی ٹی اے کو فروری 2026ء تک فائیو جی اسپیکٹرم نیلامی کا ہدف دیدیا گیا

ٹیلی کام آپریٹرز کے پاس صرف 274 میگا ہرٹز اسپیکٹرم ہے' ڈی جی لائسنسنگ پی ٹی اے

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کو فروری 2026ء تک فائیو جی اسپیکٹرم کی نیلامی کا ٹاسک دے دیا۔ ڈائریکٹر جنرل پی ٹی اے لائسنسنگ عامر شہزاد نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں بتایا کہ ملک میں ہائی اسپیڈ انٹرنیٹ کی مانگ ر (بقیہ نمبر 34)

پاسکو کی جگہ ویئر ہاؤس اسٹاک کمپنی لمیٹڈ کے قیام کی منظوری

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے پاسکو کی جگہ ویئر ہاؤس اسٹاک کمپنی لمیٹڈ کے قیام کی منظوری دیدی، کمپنی کو ساڑھے 300 ارب روپے مجاز سرمایہ کی اجازت ہوگی۔ نجی ٹی وی کے مطابق پاکستان بزنس کونسل کے چیف آرگنائزر احمد جواد نے کہا کہ وزیر اعظم نے اعلان کیا تھا کہ (بقیہ نمبر 35)

ملک بھر میں ریلوے کی زمینوں پر قبضوں کی دستاویزات سامنے آگئیں

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس 7 جون کو پاکستان ریلوے کی 2019-20 کی آڈٹ رپورٹس کا جائزہ لینے کیلئے ہوا تھا

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں ریلوے کی 12 ہزار 500 ایکڑ اراضی پر افراد اور ادارے قابض ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں پاکستان ریلوے کی ملکیتی اراضی اور قبضہ شدہ اراضی کے سرکاری اعداد و شمار کی تفصیل سامنے آگئی۔ سرکاری دستاویزات (بقیہ نمبر 37)

واسا کا شہر میں 3 نئے واٹر ٹینکس بنانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) واسا نے شہر میں تاریخ میں پہلی بار اپنی ذاتی سورس فنڈنگ سے تین نئے واٹر ٹینکس بنانے کا فیصلہ کیا (بقیہ نمبر 36)

لاہور: ایڈیشنل جنرل منیجر ریلوے یوسف خان لاہور اسٹیشن پر اپ گریڈ ٹرین لائنائی ایکسپریس کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

بنیادی حقوق کا تحفظ وفاقی آئینی عدالت کی اولین ترجیح، جسٹس امین الدین خان

فیصلے شہریوں کی زندگیوں، آزادیوں اور امنگوں پر براہ راست اثر انداز ہوں گے، چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کا پہلا پیغام جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت پاکستان کے پہلے چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کا کردار ایک مقدس امانت ہے جس کے فیصلے شہریوں کی زندگیوں، آزادیوں اور امنگوں پر براہ راست اثر انداز ہوں گے، عدالت آئین کی تشریح شفافیت، آزادی اور دیانت کے ساتھ کرے گی، بنیادی حقوق کا تحفظ وفاقی آئینی عدالت کی اولین ترجیح ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 28)

عمران خان سے ملاقات میں رکاوٹیں ڈالنے پر وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کا مریم نواز کو خط

سابق وزیراعظم اور پی ٹی آئی کے قائد ہیں جن کے مینڈیٹ پر کے پی حکومت قائم ہے، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل خان آفریدی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو باضابطہ خط لکھ کر اڈیالہ جیل میں عمران خان سے ملاقاتوں میں مبینہ رکاوٹوں پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے۔ خط میں موقف اختیار کیا گیا کہ عدالتی احکامات کے باوجود سابق وزیراعظم عمران خان سے ملاقاتوں کو روکنا قابل قبول نہیں۔ وزیراعلیٰ سہیل خان آفریدی نے خط میں الزام لگایا کہ عمران خان کی بہنوں سمیت اہل خانہ کے ساتھ بدسلوکی کی گئی۔

کم سن بچوں کی حفاظت کیلئے آگاہی مہم کی تیسری قسط جاری

محکمہ داخلہ پنجاب نے ”گڈ ٹچ بیڈ ٹچ“ بارے آگاہی کیلئے خصوصی اینیمیشن سیریز تیار کی

لاہور (این این آئی) ”بچے محفوظ پنجاب محفوظ“ وژن کے تحت کم سن بچوں کیلئے آگاہی مہم کی تیسری قسط جاری کر دی گئی۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے ”گڈ ٹچ بیڈ ٹچ“ بارے آگاہی کیلئے خصوصی اینیمیشن سیریز تیار کی۔ بچوں کو جنسی استحصال سے محفوظ رکھنے اور ان کی آگاہی کیلئے بنائی گئی کارٹون سیریز میں ”حیاء اور بہادر“ کے کردار متعارف کروائے گئے ہیں جو گڈ ٹچ اور بیڈ ٹچ بارے بچوں کی تربیت کر رہے ہیں۔ آگاہی مہم میں بچوں کیلئے پیغام ”بیڈ ٹچ کرنے والوں سے گھبرائیں گے نہیں، ٹکرائیں گے“ جاری کیا گیا ہے۔ کارٹون سیریز میں سکھایا جا رہا ہے کہ بچے نامناسب جسمانی رویے کی اطلاع والدین کو دیں۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق کارٹون سیریز کی ابتدائی دو اقساط میں ”حیاء اور بہادر“ نے بیڈ ٹچ کرنے والوں کی کامیابی سے نشاندھی کی۔

لودھراں، 2013 کے اندھے قتل کا اشتہاری ملزم دبئی سے گرفتار، لاہور منتقل

لودھراں (این این آئی) لودھراں پولیس نے 2013 میں دنیاپور کے علاقے چک 344 ڈبلیو بی میں شہری الطاف کے قتل کے کیس میں ملوث خطرناک اشتہاری ذوالفقار علی کو دبئی سے گرفتار کر کے لاہور منتقل کر دیا۔ ترجمان پولیس لودھراں کے مطابق ذوالفقار علی قتل کی واردات کے بعد روپوش ہو کر بیرون ملک فرار ہو گیا تھا۔ مجرم کے خلاف ریڈ نوٹس جاری کروایا گیا۔

لاہور: ڈی جی سپورٹ پنجاب خضر افضال چودھری نیشنل گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے پنجاب کی تمام سپورٹس ایسوسی ایشنز کے عہدیداران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ٹیکسٹائل ایشیا نمائش 2025، پاکستانی صنعت کیلئے تاریخی پیش رفت

نمائش میں وفاقی وصوبائی وزراء، متعدد ملکی اور بین الاقوامی ماہرین کی شرکت متوقع

اسلام آباد (این این آئی) جنوبی ایشیا کی سب سے بڑی ٹیکسٹائل انڈسٹری نمائش اور کانفرنسز (آج) ہفتہ سے لاہور میں شروع ہوں گی۔ تفصیلات کے مطابق اکتیسویں ٹیکسٹائل ایشیا انٹرنیشنل نمائش و کانفرنسز (آج) ہفتہ 22 تا 24 نومبر پیر تک لاہور ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوں گی۔ نمائش میں وفاقی وصوبائی وزراء کے علاوہ متعدد ملکی اور بین الاقوامی ماہرین کی شرکت متوقع ہے۔ کپاس کی پیداوار میں پاکستان عالمی ٹاپ فائیو ممالک میں شامل ہے اور ٹیکسٹائل صنعت کی ترقی میں کپاس بنیادی قوت کا درجہ رکھتی ہے۔ ٹیکسٹائل ایشیا 2025 میں چین، ترکی، جرمنی، اٹلی، جاپان، کوریا، امریکہ اور فرانس سمیت پندرہ سے زائد ممالک کی شرکت متوقع ہے۔ 22 نومبر کو ایکو ٹیکسٹائل کانفرنس 2.0 بعنوان " ذمہ دار ٹیکسٹائل شفٹ" منعقد ہوگی۔

شدید دھند کے باعث موٹروے ایم ون کے دو سیکشنز ٹریفک کیلئے بند

راولپنڈی (این این آئی) شدید دھند اور حد نگاہ صفر ہونے کے پیش نظر موٹروے ایم ون کو مختلف مقامات سے ٹریفک کیلئے بند کیا گیا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق پشاور ٹال پلازہ سے رشکئی تک اور صوابی سے برہان تک موٹروے ایم ون کو حدِ نگاہ انتہائی کم ہونے کے باعث بند کیا گیا۔ موٹروے پولیس نے شہریوں کو ہدایت کی کہ دھند کے دوران گاڑیوں میں لازمی طور پر فوگ لائٹس کا استعمال کریں اور غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔

بابر علاؤالدین کی چیئرپرسن پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر رانا اقرار احمد خان سے ملاقات

اعلیٰ تعلیم کے مجموعی ڈھانچے، یونیورسٹیوں کی کارکردگی، تحقیق کے معیار اور شعبے کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب انسپکشن، سرویلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے چیئرپرسن پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر رانا اقرار احمد خان سے ملاقات کی۔ سابق چیئرمین پی آئی اے، ائیر مارشل ارشد ملک (ر) اور ڈاکٹر زاہد بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات میں اعلیٰ تعلیم کے مجموعی ڈھانچے، یونیورسٹیوں کی کارکردگی، تحقیق کے معیار اور شعبے کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔

انسداد سمگلنگ کیلئے ملک گیر کریک ڈاؤن، کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد

7 مختلف کارروائیوں میں نائیجیرین باشندے سمیت 4 ملزمان گرفتار، 47 کلو سے زائد منشیات برآمد

راولپنڈی (این این آئی) انسداد سمگلنگ کیلئے ملک گیر کارروائیوں کے دوران کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان اینٹی نارکوٹکس فورس کے مطابق ملک کے مختلف شہروں میں منشیات سمگلنگ کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 7 الگ الگ کارروائیوں میں نائیجیرین باشندے سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کر کے مجموعی طور پر 69.417 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی، جس کی مالیت 37 کروڑ 50 لاکھ روپے سے زائد بتائی گئی۔ کراچی میں کوریئر آفس پر چھاپے کے دوران برطانیہ بھیجے جانے والے پارسل میں لیڈیز پرس کے اندر چھپائی گئی 93 گرام ہیروئن پکڑی گئی۔ اسی طرح کراچی ہی میں ایک اور کارروائی میں موٹر سائیکل سوار سے 348 ہزار ڈائزیپام گولیوں کا ذخیرہ برآمد ہوا جن کا وزن 106.8 کلوگرام تھا۔ اسلام آباد ایکسپریس وے پر بس اسٹاپ سے ایک نائیجیرین شہری کو گرفتار کیا گیا۔

ٹنڈو محمد خان، تیز رفتار ٹینکر موٹر سائیکل پر چڑھ دوڑا، دو نوجوان جاں بحق

ٹنڈو محمد خان (این این آئی) ٹنڈو محمد خان میں افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا جہاں سول ہسپتال روڈ پر تیز رفتار ٹینکر نے موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی، جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل پر سوار دو نوجوان موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے نوجوانوں کی شناخت بان بازار کے رہائشی ریحان گدی اور اسامہ گدی کے نام سے ہوئی ہے۔ حادثے کے بعد دونوں کی لاشیں ضروری قانونی کارروائی کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دی گئیں۔

(ن) لیگ ضمنی انتخابات میں واضح اکثریت سے کامیابی حاصل کریگی' ملک افضل کھوکھر

ہمارا ایجنڈا ہمیشہ عوامی خدمت رہا، کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ حاصل کریں گے، رکن قومی اسمبلی

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) پنجاب میں قومی اور صوبائی اسمبلی کے 13 حلقوں میں ہونے والے ضمنی انتخابات میں واضح اکثریت سے کامیابی حاصل کرے گی، (ن) لیگ کا ایجنڈا ہمیشہ عوامی خدمت رہا ہے اور ہم کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ حاصل کریں گے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں صوبے میں اربوں روپے کی لاگت سے ریکارڈ ترقیاتی کام مکمل کیے گئے، ہر گلی میں عملی طور پر ترقی کا سفر جاری ہے، عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی، سڑکوں کے جال اور جدید سیوریج سسٹم جیسے منصوبے مسلم لیگ (ن) کی خدمت اور کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کا ایجنڈا ہمیشہ عوامی خدمت رہا ہے

ناقص کارکردگی والے کالجز کو آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں ناقص کارکردگی والے کالجز کو آؤٹ سورس کرنے کی تیاری کر لی گئی ہے، کم کارکردگی والے جنرل کالجز کو بھی آؤٹ سورسنگ کیا گیا، 100 سے کم طلبہ والے کالجز پہلے مرحلے میں آؤٹ سورس ہو چکے ہیں۔ حکومت کو جنرل کالجز آؤٹ سورس کرنے کی تجویز ارسال کر دی گئی، حکام کے مطابق کالج مینجمنٹ کمیٹیز کا نیا ڈھانچہ بھی تیار کیا گیا ہے۔

کراچی: وزیر کھیل اور سندھ اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر سردار محمد بخش مہر 35 ویں نیشنل گیمز 2025 کے حوالے سے مقامی ہوٹل میں تمام اسٹیک ہولڈرز کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

جیلوں میں قیدیوں کی تیار کردہ مصنوعات اب آن لائن دستیاب ہونگی

محکمہ داخلہ، جیل خانہ جات اور دراز کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ہنرمند اسیر پروگرام میں اہم پیشرفت ہوئی ہے، جس کے تحت پنجاب کی جیلوں میں قیدیوں کی تیار کردہ مصنوعات اب آن لائن دستیاب ہوں گی۔ اس حوالے سے محکمہ داخلہ، جیل خانہ جات اور دراز کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیئے گئے ہیں۔ معاہدے کے تحت پنجاب کی مختلف جیلوں میں تیار ہونے والی مصنوعات دراز ایپ کے ذریعے آن لائن فروخت کی جائیں گی۔

عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر سطح پر جدوجہد جاری ہے' رانا جمیل منج

عوام کے ساتھ رابطے مزید مضبوط کرنے کیلئے لاہور میں تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال بنایا جا رہا ہے

رائے ونڈ (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہر سطح پر جدوجہد کر رہی ہے، پارٹی قیادت نے ہمیشہ جمہوریت، رواداری اور عوامی خدمت کی سیاست کو فروغ دیا ہے، لاہور میں تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال بنایا جا رہا ہے تاکہ عوام کے ساتھ رابطے مزید مضبوط کیے جائیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پارٹی قیادت کی ہدایت پر شہر بھر میں عوامی رابطہ مہم تیز کر دی گئی ہے، پیپلز پارٹی ہمیشہ سے عوامی خدمت، جمہوریت اور رواداری کی سیاست کی ترجمان رہی ہے۔ لاہور میں تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال بنانے کے لیے یونٹ سطح تک نئے اقدامات کیے جا رہے ہیں جبکہ کارکنوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے خصوصی کمیٹیاں بھی قائم کی جا رہی ہیں۔

انسداد دہشت گردی کی عدالت نے مصطفی عامر قتل کیس کی سماعت 5 دسمبر تک ملتوی کر دی

کراچی (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے مصطفی عامر قتل کیس کی سماعت 5 دسمبر تک ملتوی کر دی ہے۔ انسداد دہشت گردی کورٹ کراچی سینٹرل جیل میں مصطفی عامر قتل کیس کی سماعت ہوئی، جس میں ملزمان ارمغان اور شیراز کو جیل حکام نے پیش کیا۔ ملزم ارمغان کے والد اور والدہ بھی عدالت میں موجود تھے جبکہ ملزم شیراز کے وکیل عظیم خواجہ نے نمائندگی کی۔ عدالت نے ملزم ارمغان سے سوال کیا کہ آپ کا وکیل کہاں ہے

کراچی، شہر میں 3 روز کے دوران بھتہ طلب کرنے کا تیسرا واقعہ بھی سامنے آ گیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں 3 روز کے دوران تاجروں اور شہریوں سے بھتہ طلب کرنے کا تیسرا واقعہ بھی سامنے آ گیا۔ آرام باغ پولیس نے ریسٹورنٹ کے کاروبار سے وابستہ شخص کی مدعیت میں نامعلوم بھتہ خوروں کے خلاف بھتہ طلب کرنے کا مقدمہ درج کر لیا جس میں بھتہ خور نے رقم کی منتقلی کے لیے نجی بینک کا اکاؤنٹ نمبر بھی دیا ہے۔ شہر میں بھتہ خوری کے واقعات سے متعلق سی پی ایل سی کے اعداد و شمار کا جائزہ لیا جائے تو گزشتہ 2 سالوں میں 139 بھتہ خوری کے واقعات رپورٹ ہوئے۔

لاہور: لاہور پولو کلب کے زیر اہتمام کیوی گولڈ پولو کپ 2025ء کے چوتھے دن ٹیموں کے درمیان میچ کا منظر۔

حکومتی کوششوں کے باوجود پنجاب کی فضا بدستور خراب، لاہور دنیا کا دوسرا آلودہ ترین شہر قرار

خانیوال میں ایئر پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد 412، فیصل آباد 354، ملتان میں 342 ریکارڈ کی گئی

لاہور (این این آئی) حکومتی کوششوں کے باوجود پنجاب کی فضاء بدستور خراب ہے اور گزشتہ روز بھی لاہور کو پنجاب کا آلودہ ترین شہر قرار دیا گیا۔ محکمہ ماحولیات پنجاب کی ویب سائٹ کے مطابق لاہور میں ایئر پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد 414 ریکارڈ کی گئی۔ لاہور کے ساتھ ساتھ دیگر شہروں کی صورتحال بھی خراب ہے، خانیوال میں ایئر پارٹیکولیٹ میٹرز کی تعداد 412، فیصل آباد 354 اور ملتان میں 342 ریکارڈ کی گئی۔

کراچی: وفاقی حکومت کے ترجمان بیرسٹر راجہ انصاری پی ٹی آئی ڈی سی ایل کے وفد کے ہمراہ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب سے گرین لائن منصوبے سے متعلق تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔

مسابقتی کمیشن نے ملک کے 17 بڑے نجی سکولز سسٹمز کو نوٹس جاری کر دیئے

سکولز سسٹمز کو مبینہ اجارہ داری کے غلط استعمال، مشروط فروخت کی شکایات پر شوکاز نوٹس جاری کئے گئے

لاہور (این این آئی) مسابقتی کمیشن آف پاکستان نے ملک کے 17 بڑے نجی سکولز سسٹمز کو مبینہ طور پر اجارہ داری کے غلط استعمال اور مشروط فروخت کی شکایات پر شوکاز نوٹس جاری کر دیئے ہیں،، تمام نجی سکولز سسٹمز کو 14 روز میں تحریری جواب جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کمیشن کے اعلامیے کے مطابق نجی سکولوں پر الزام ہے کہ وہ طلبہ کو مخصوص وینڈرز سے مہنگی کاپیاں، نوٹ بکس اور لوگو والی یونیفارمز خریدنے پر مجبور کرتے ہیں جس کے باعث والدین سستے متبادل بازار سے خریداری نہیں کر سکتے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ شکایات کی بنیاد پر کمیشن نے سوموٹو ایکشن لیا، داخلے کے بعد طلباء یرغمال بن جاتے ہیں اور سکول تبدیل کرنا مشکل ہونے کے باعث والدین سکولوں کے تجارتی فیصلے ماننے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ مسابقتی کمیشن کے مطابق ملک کے 50 فیصد طلبہ نجی سکولوں میں زیر تعلیم ہیں، جب کہ نجی سکولز سسٹمز ملک بھر میں ہزاروں کیمپس چلاتے ہیں جس سے لاکھوں طلبہ اور والدین متاثر ہوتے ہیں۔

مبینہ پولیس مقابلے میں دہشتگردی کے مقدمہ میں ملوث ملزم ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا

نامعلوم ملزمان نے اپنے زیر حراست ساتھی کو چھڑوانے کے لئے پولیس پارٹی پر اندھا دھند فائرنگ کی

لاہور (این این آئی) انویسٹی گیشن پولیس تھانہ گجر پورہ اور نامعلوم ملزمان کے درمیان باغبانپورہ میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا، مبینہ طور پر فائرنگ کے تبادلے میں دہشت گردی کے مقدمہ میں ملوث انتہائی خطرناک ملزم عنصر لودھی اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق انویسٹی گیشن پولیس ٹیم ملزم کو بارودی مواد کی برآمدگی کے لئے علاقہ تھانہ غازی آباد لے جا رہی تھی، نامعلوم ملزمان نے اپنے زیر حراست ساتھی کو چھڑوانے کے لئے پولیس پارٹی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ پولیس حکام نے بتایا کہ اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ملزم عنصر لودھی شدید زخمی ہو گیا، ملزم کو ہسپتال منتقل کیا جا رہا تھا جو کہ راستے میں ہی دم توڑ گیا، ہلاک ملزم عنصر لودھی پولیس ملازمین کو فائرنگ کر کے زخمی کرنے، خودکش جیکٹ رکھنے اور دیگر رابری کے مقدمات میں ملوث تھا۔ ملزم دہشت گردی اور رابری کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ بھی ہے۔

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے آسٹریا کے سفیر وولف گانگ ملاقات کر رہے ہیں۔

مہنگی کاپیاں، یونیفارم، 17 بڑے نجی اسکول سسٹمز کو شوکاز نوٹس جاری

کمیشن کی تمام نجی اسکول سسٹمز کو 14 روز میں تحریری جواب جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) مسابقتی کمیشن آف پاکستان نے ملک کے 17 بڑے نجی اسکول سسٹمز کو مبینہ طور پر اجارہ داری کے غلط استعمال اور مشروط فروخت کی شکایات پر شوکاز نوٹس جاری کر دیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کمیشن نے تمام نجی اسکول سسٹمز کو 14 روز میں تحریری جواب جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ کمیشن کے اعلامیے کے مطابق نجی اسکولوں پر الزام ہے کہ وہ طلبہ کو مخصوص وینڈرز سے مہنگی کاپیاں، نوٹ بکس اور لوگو والی یونیفارمز خریدنے پر مجبور کرتے ہیں، جس کے باعث والدین سستے متبادل بازار سے خریداری نہیں کر سکتے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ شکایات کی بنیاد پر کمیشن نے سوموٹو ایکشن لیا داخلے کے بعد طلبا یرغمال بن جاتے ہیں اور اسکول تبدیل کرنا مشکل ہونے کے باعث والدین اسکولوں کے تجارتی فیصلے ماننے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ مسابقتی کمیشن کے مطابق ملک کے 50 فیصد طلبہ نجی اسکولوں میں زیر تعلیم ہیں۔

کراچی: وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے دفتر میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

بغیر ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کی خلاف ورزیوں پر کارروائیاں تیز کر دی گئیں

رواں ماہ کے دوران ہیلمٹ نہ پہننے پر 44 ہزار سے زائد شہریوں کو جرمانے کیے گئے

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک کی خصوصی ہدایات پر صوبے بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئیں۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق رواں ماہ کے دوران ہیلمٹ نہ پہننے پر 44 ہزار سے زائد شہریوں کو جرمانے کئے گئے جبکہ سیٹ بیلٹ نہ لگانے پر 4 ہزار سے زائد چالان کئے گئے ہیں۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق مختلف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر مجموعی طور پر 13 ہزار سے زائد شہریوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہے، اس میں ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کی خلاف ورزیاں شامل ہیں جن پر خاص توجہ دی گئی ہے۔ چیف ٹریفک آفیسر اطہر وحید نے اس بات پر زور دیا کہ ہیلمٹ کا استعمال حادثات کی صورت میں ہیڈ انجری سے بچا کا بہترین طریقہ ہے، انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ اپنی اور دوسروں کی حفاظت کیلئے ٹریفک قوانین کی پابندی کو یقینی بنائیں، خاص طور پر ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کے استعمال کو معمول بنائیں۔

وزیراعلیٰ پنجاب سیلاب بحالی پروگرام 2025 کے تحت قصور سپورٹس کمپلیکس میں بحالی کیمپ قائم

ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی کا ریلیف کیمپ کا دورہ، انتظامات اور سہولیات کا جائزہ لیا

قصور (این این آئی) آپ کا حق، آپ تک، وزیراعلیٰ پنجاب سیلاب بحالی پروگرام 2025 کے تحت قصور سپورٹس کمپلیکس میں بحالی کیمپ قائم، سیلاب زدگان میں نقد رقوم اور چیکس تقسیم کیے گئے۔ کیمپ میں اسسٹنٹ کمشنر قصور، ریونیو ڈیپارٹمنٹ، بینک عملہ اور دیگر ٹیمیں اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر عمران علی کا قصور سیلاب زدگان کے لیے قائم کردہ ریلیف کیمپ کا دورہ، انتظامات کا جائزہ اور سہولیات کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر عمران علی کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت کے مطابق سیلاب متاثرین کو مرحلہ وار امدادی چیکس جاری کیے جا رہے ہیں۔ سیلاب متاثرین میں رقوم کی تقسیم کا عمل شفافیت اور ڈیجیٹل طریقہ کار سے جاری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا سیلاب بحالی پروگرام نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ فلڈ بحالی کیمپ میں تمام متعلقہ ادارے اپنے فرائض پوری ذمہ داری سے ادا کر رہے ہیں۔

کراچی: پاکستان انڈونیشیا کے 75 سالہ تعلقات پر استقبالیہ تقریب کے موقع پر گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری اور وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، قونصل جنرل انڈونیشیا مدذ کیر کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر عمران علی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا جائزہ اجلاس

تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو روزانہ کی بنیاد پر شہر سمیت ضلع بھر میں تجاوزات اور وال چاکنگ کے مکمل خاتمہ کی رفتار کو مزید تیز کرنے کا حکم

قصور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر عمران علی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پاک آرمی، رینجرز، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ایس ای واپڈا، سول ڈیفنس آفیسر، لائیو سٹاک، ایگری کلچر و دیگر محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں غیر قانونی پٹرول پمپس کے حوالے سے سول ڈیفنس آفیسر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ غیر قانونی ایل پی جی ری فیلنگ کی چیکنگ کے لیے تشکیل کردہ ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر آپریشن کر رہی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے شہری علاقوں میں غیر قانونی ایل پی جی گیس کی ری فلنگ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کو مزید تیز کرنے کا حکم دیا۔ ڈی سی عمران علی نے کہا کہ پنجاب روڈ اینڈ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ سڑکوں کی ڈیزائننگ اور برجز کے دونوں اطراف پر وال لگانے کی نشاندہی کیساتھ ساتھ وال لگانے کا کام بھی کریں گے

پنجاب کی تمام شوگر ملز میں کرشنگ کا آغاز، چینی کی قیمتوں میں کمی متوقع

کرشنگ سے چینی کی بلیک میں فروخت اور مصنوعی قلت کا خاتمہ ہو سکے گا' کین کمشنر ذرائع

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کے نوٹیفکیشن اور ایکشن کے بعد صوبے کی تمام 41 شوگر ملز نے کرشنگ کا آغاز کر دیا۔ ذرائع کین کمشنر کے مطابق لاہور کی باقی 12 ملوں نے کسانوں سے گنا خریداری اور کرشنگ شروع کر دی، چینی کی بازار میں نئی سپلائی آنے سے نرخوں میں 10 روپے تک فوری کمی کا امکان ہے۔ کین کمشنر ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ کرشنگ سے چینی کی بلیک میں فروخت اور مصنوعی قلت کا خاتمہ ہو سکے گا۔

سرگودھا، سیلاب سے متاثرہ علاقہ کوٹ مومن کیلئے امدادی پیکیج کی شفاف اور تیز رفتار تقسیم تیزی سے جاری

سرگودھا (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے ریلیف پیکیج کے تحت سرگودھا میں سیلاب سے متاثرہ علاقہ کوٹ مومن کیلئے امدادی پیکیج کی شفاف اور تیز رفتار تقسیم تیزی سے جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے بتایا کہ کوٹ مومن سیلاب کے متاثرہ علاقہ میں اب تک ایک ہزار 763 سیلاب متاثرین میں پانچ کروڑ 64 لاکھ 61 ہزار روپے تقسیم کر دیئے گی اور امدادی تقسیم کا کام تیزی سے جاری ہے۔

لاہور ہائیکورٹ کی سڑکوں پر دھواں چھوڑتی گاڑیوں کیخلاف کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت

اینٹی سموگ کا کوئی فائدہ نہیں ہے اگر اتنی ہی گرد پھر آنی ہے اس چیز کو روکنا پڑے گا' جسٹس شاہد کریم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے نیلا گنبد پراجیکٹ میں تاریخی ورثے کو محفوظ بنانے کو خوش آئند قرار دے دیا، عدالت نے سڑکوں پر دھواں چھوڑتی گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سموگ تدارک سے متعلق شہری ہارون فاروق سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت عدالت نے ریمارکس دیئے کہ بہاولپور میں اس وقت سب سے زیادہ ایئر کوالٹی انڈیکس ریکارڈ ہو رہا ہے، اس کی سب سے بڑی وجہ ہیوی ٹریفک ہے، سڑکوں پر ابھی بھی دھواں چھوڑتی گاڑیاں نظر آتی ہیں۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ محکمہ ماحولیات کے سینئر آفیسرز سڑکوں پر کھڑے نظر آنے چاہیے آپ جب سڑکوں پر نظر آئیں گے تو لوگ خود احتیاط کریں گے، لاہور میں ابھی بھی بہت سے تعمیراتی کام جاری ہیں

حویلی کہوٹہ: وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ فیصل ممتاز راٹھور ممتاز آباد میں استقبالیہ سے خطاب کر رہے ہیں۔

محکمہ خزانہ نے ٹورازم فورس کے ملازمین کیلئے پیکج کی منظوری دیدی

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ نے ٹورازم فورس کے ملازمین کیلئے پیکج کی منظوری دیدی، گریڈ 17 کے افسر کی تنخواہ 1 لاکھ 20 ہزار روپے مقرر کی گئی۔ گریڈ 16 کے ملازمین کی تنخواہ 1 لاکھ 10 ہزار روپے مقرر کر دی گئی، گریڈ 15 کے ملازمین کی تنخواہ 90 ہزار روپے اور ٹورازم فورس کے کانسٹیبل کی تنخواہ 70 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔ محکمہ خزانہ نے پیکیج کی منظوری محکمہ سیاحت کی سفارشات پر دی۔

شہید کانسٹیبل اصغر علی کی 20 ویں برسی پر لاہور پولیس کا خراج تحسین

ہمارا ہر جوان شہادت کے جذبے سے سرشار ہے۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ

لاہور (این این آئی) پولیس گارڈز نے شہید کانسٹیبل اصغر علی کی 20 ویں برسی کے موقع پر انہیں شاندار خراجِ تحسین پیش کیا۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید کی قبر پر حاضری دی، شہید کو سلامی پیش کی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر شہید کے اہل خانہ بھی موجود تھے۔ فرض کی راہ میں جانیں قربان کرنے والے شہدائے پولیس کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ کانسٹیبل اصغر علی 21 نومبر 2005ء کو پٹرولنگ کے دوران قانون شکن عناصر کی فائرنگ سے شہید ہوئے تھے۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے شہید کانسٹیبل اصغر علی کی برسی کے موقع پر آج یہاں جاری اپنے پیغام میں کہا ہے کہ لاہور پولیس کے 343 شہداء نے اپنی جانیں وطن پر نچھاور کی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہمارا ہر جوان شہادت کے جذبے سے سرشار ہے۔

منافع خوروں، ذخیرہ اندوزوں اور ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں' سلمیٰ بٹ

افسران و اہلکاران کو بہترین ورکنگ انوائرمنٹ فراہم کرنا اولین ترجیح ہے' ایڈیشنل چیف سیکرٹری احمد رضا سرور

لاہور (این این آئی) معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب سلمیٰ بٹ سے ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب احمد رضا سرور اور چیئرمین اوورسیز پاکستانی کمیشن بیرسٹر امجد ملک کی ملاقات پرائس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ میں ہوئی۔ ملاقات کے دوران معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب سلمیٰ بٹ نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب احمد رضا سرور اور چیئرمین اوورسیز پاکستانی کمیشن سے پرائس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی بارے تبادلہ خیال کیا۔

سرگودھا، تین ٹریفک حادثات میں 2 خواتین، ایک بچی جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں تین ٹریفک حادثات میں 2 خواتین اور ایک بچی جاں بحق اور رکشہ ڈرائیور تین طالبات سمیت چھ افراد شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا فیصل آباد روڈ پر مٹھ معصوم کے قریب تیز رفتار ڈمپر کی چنگچی رکشہ کو ٹکر میں چک 37 جنوبی کی 50 سالہ خاتون افضال بی بی جاں بحق اور 2 افراد 25 سالہ مکہ بی بی، 33 سالہ خرم شہزاد شدید زخمی ہو گئے۔

کراچی، آزادی کے 80 سال اور پاکستان-انڈونیشیا کے 75 سالہ تعلقات کا جشن

تقریب میں گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری اور وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بھی شرکت کی

کراچی (این این آئی) کراچی میں قائم جمہوریہ انڈونیشیا کے قونصل خانے نے پی سی ہوٹل میں ایک انتہائی شاندار سفارتی استقبالیہ کا انعقاد کیا، جس میں انڈونیشیا کی 80 ویں سالگرہ آزادی اور پاکستان۔ انڈونیشیا کے سفارتی تعلقات کے 75 سال کا تاریخی جشن منایا گیا۔ یہ تقریب دونوں ممالک کے مابین دیرینہ دوستی، باہمی احترام، ثقافتی ہم آہنگی اور سفارتی تعاون کی روشن مثال بن گئی۔ تقریب کی میزبانی قونصل جنرل انڈونیشیا مدذ کیر نے کی۔ اس موقع پر سندھ کی اعلیٰ قیادت نے شرکت کر کے تقریب کے وقار میں اضافہ کیا، جن میں گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری اور وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ شامل تھے۔ معزز مہمانوں کی آمد نے اس سفارتی تقریب کو مزید اہمیت بخش دی۔ قونصل جنرل مدذ کیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ انڈونیشیا اور پاکستان کی دوستی مشترکہ ورثے، اسلامی یکجہتی اور جنوبی۔ جنوب تعاون پر قائم ہے۔

پی آئی اے ملازمین کا بیرون ملک فلائٹس پر سلپ ہونے کا سلسلہ جاری

لاہور (این این آئی) قومی ائیر لائن کے ملازمین کا بیرون ملک فلائٹس پر سلپ ہونے کا سلسلہ جاری ہے، لاہور سے کینیڈا کی فلائٹ کے فضائی میزبان آصف نجم مبینہ طور پر غائب ہو گئے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق آصف نجم نے رابطہ کرنے پر طبیعت کی ناسازی کا عذر پیش کیا، فضائی میزبان آصف نجم نے ٹورنٹو سے لاہور آنے والی پرواز پر رپورٹ نہیں کیا۔

نیپال میں بھارتی پرچم لہرانے پر طلحہ انجم نے معافی مانگ لی

جن لوگوں کا دل میری کسی عمل سے دکھا ہے، میں ان سب سے معذرت کرتا ہوں، پاکستانی ریپر

لاہور (این این آئی) معروف پاکستانی ریپر طلحہ انجم نے نیپال میں بھارتی پرچم لہرانے کے واقعے پر لائیو شو کے دوران معافی مانگ لی۔ طلحہ انجم نے گزشتہ ہفتے نیپال میں پرفارمنس کے دوران بھارتی پرچم تھامنے اور اسے اپنے کاندھوں پر اوڑھا تھا جس پر پاکستانی مداحوں نے ناپسندیدگی کا اظہار کیا تھا۔ طلحہ انجم کی جانب سے معذرت ایک نجی ٹی وی کے پروگرام کے مارننگ شو کی گئی۔ میزبانوں نے ان سے وائرل ویڈیو کے بارے میں سوالات کیے۔ واقعے کی وضاحت کرتے ہوئے طلحہ انجم نے کہا کہ اسٹیج پر صورتحال بالکل مختلف محسوس ہو رہی تھی۔ یہ لمحہ اس وقت پیش آیا جب وہ اپنا مشہور ڈِس ٹریک کون طلحہ پرفارم کر رہے تھے، جو بھارتی ریپر نیزی پر بنایا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے اس اشارے کو اسٹیج پر موجود بھارتی مداحوں کی حمایت کے طور پر لیا تھا۔

لاہور پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر فاروق افضل، پروفیسر غیاث النبی طیب کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

بنوں امن کمیٹی کے دفتر پر خارجیوں کا حملہ 7 بے گناہ شہریوں کو شہید کر دیا

وزیراعظم اور وفاقی وزیر داخلہ کی بنوں میں امن کمیٹی کے دفتر پر فتنہ الخوارج کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

بنوں (این این آئی) بنوں کے تھانہ ہوید کی حدود میں رات گئے امن کمیٹی کے دفتر پر نامعلوم افراد نے دھاوا بول دیا، اندھا دھند فائرنگ سے 7 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا۔ اطلاعات کے مطابق بنوں کے تھانہ ہوید کی حدود میں فائرنگ کے نتیجے میں 7 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا، حملہ آور فائرنگ کے بعد فرار ہو گئے جن کی تلاش کیلئے پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کارروائی شروع کر دی۔

الیکٹرک ٹیکسی سکیم کی ڈسٹری بیوشن کا فارمولہ تبدیل کرنے کا فیصلہ

پہلی مرتبہ خواتین کو بھی ماحول دوست الیکٹرک ٹیکسی سکیم کا شیئر دیا جائے گا

لاہور (این این آئی) الیکٹرک ٹیکسی سکیم کی ڈسٹری بیوشن کا فارمولہ تبدیل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا، پہلی مرتبہ خواتین کو بھی ماحول دوست الیکٹرک ٹیکسی سکیم کا شیئر دیا جائے گا۔ 100 الیکٹرک گاڑیاں خواتین کو بیلٹنگ کے ذریعے دی جائیں گی، 200 الیکٹرک گاڑیاں ٹیکسی چلانے والے مرد ڈرائیورز کو دی جائیں گی۔ پنجاب حکومت کارپوریٹ ٹیکسی آپریٹرز کو 800 گاڑیاں فراہم کی جائیں گی، 100 الیکٹرک گاڑیاں انفرادی طور پر شہریوں کو فراہم کی جانی تھیں۔ حکومت نے کمرشل کارپوریٹ ڈرائیورز کے لئے 1 ہزار گاڑیاں بلاسود فراہمی کی منصوبہ بندی کی تھی۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ کا کہنا تھا کہ نئے فارمولہ سے خواتین کو بھی روزگار کا موقع میسر آ سکے گا۔

لاہور: پنجاب یونیورسٹی انسٹیٹیوٹ آف زوالوجی کے زیر اہتمام ایکیمین آگاہی نمائش کے شرکاء کا گروپ فوٹو۔

جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس

لاہور (این این آئی) جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور کے بورڈ آف گورنرز کا تیسرا اجلاس محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور چیئرمین بورڈ ڈاکٹر فرقد عالمگیر نے کی۔ اجلاس میں سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود خان نے شرکت کی۔

پی پی ایس سی امتحان، مختلف محکموں کی آسامیوں کے حتمی نتائج کا اعلان

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن کی جانب سے مختلف محکموں کی آسامیوں کیتحریری و حتمی نتائج کا اعلان کر دیا گیا، پرائمری ہیلتھ کیئر میں ڈائریکٹر ایڈمن کی آسامی کے امتحان پر کوئی کامیاب نہ ہو سکا۔ سیکرٹری پی پی ایس سی افضال احمد نے کامیاب امیدواروں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، جس کے مطابق سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر میں ایسوسی ایٹ پروفیسر سرجری کی آسامی پر ایک امیدوار کامیاب، سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر میں سینئر رجسٹرار کارڈیک سرجری کی آسامیوں پر 4 امیدوار کامیاب ہوئے

پاکستان کا سب سے بڑا ڈیجیٹل لرننگ پروگرام سندھ میں جاری ہے' مراد علی شاہ

گیم بیسڈ لرننگ سے خواندگی و عدد شناسی میں واضح بہتری آئی ہے، وزیراعلیٰ سندھ کا تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ پاکستان کا سب سے بڑا ڈیجیٹل لرننگ پروگرام سندھ میں جاری ہے، تھرڈ پارٹی جائزے میں پروگرام کی شاندار کارکردگی کی تصدیق ہوئی۔ کراچی میں تقریب سے خطاب میں مراد علی شاہ نے کہا کہ گیم بیسڈ لرننگ سے خواندگی و عدد شناسی میں واضح بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے مطابق حکومت کی ذمہ داری ہے کہ بچوں کو تعلیم دی جائے

اشاعت خاص

ذخیرہ اندوزی

تحریر: علامہ پیر محمد تبسم بشیر اویسی

اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا فرمانے سے پہلے اس کی غذا کا انتظام فرمایا۔ خوراک میں حلال چیزوں کو جائز اور حرام چیزوں کو ناجائز قرار دیا۔ مگر حلال اشیاء خورد و نوش کو منافع خوری کیلئے انسانیت کیلئے روک کر ذخیرہ اندوزی کرنے کو اسلام نے حرام قرار دیا۔ تاکہ انسانیت و حامیان اسلام میں احساس ہمدردی پیدا ہو۔ اسی سلسلہ میں یہ مضمون نظر قارئین ہے۔

غلہ روکنا: شیخ ابواللیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ حضرت معمر بن عبد اللہ عدوی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ذخیرہ اندوزی غلط کار آدمی ہی کرسکتا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ جو شخص لوگوں کی تنگی کے باوجود چالیس روز تک غلہ روک کے رکھتا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے کٹ گیا اور اللہ تعالیٰ اس سے بری ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضور اکرم ﷺ سے نقل فرماتے ہیں کہ غلہ لانے والا رزق پاتا ہے اور روک رکھنے والا ملعون ہے۔

جالب اور محتکر: حدیث مبارکہ کی رو سے جالب سے مراد وہ شخص ہے جو غلہ خرید کر شہر میں لاتا ہے اور بیچتا ہے۔ سوایسا شخص روزی پاتا ہے کہ لوگوں کو اس سے فائدہ ہوتا ہے اور اُسے مسلمانوں کی دعاؤں کی برکت نصیب ہوتی ہے اور محتکر ایسے شخص کو کہتے ہیں جو روک رکھنے کیلئے غلہ خریدتا ہے کہ لوگوں کو تنگی پہنچے۔

گندم فروشی، گوشت بنانا اور کفن فروشی: شعبی رحمۃ اللہ علیہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے اپنے بیٹے کو کسی کام پر لگانے کا ارادہ کیا اور حضور اکرم ﷺ سے مشورہ لیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اسے گندم فروش نہ بنائیو اور نہ ہی اسے گوشت بنانے والے کے سپرد کرنا، نہ کفن بیچنے والے کے پاس کام میں لگانا۔ پھر گندم فروش کے متعلق ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے حضور زنا اور شراب خوری کا جرم لے کر پیش ہونا اس سے کہیں بہتر ہے کہ چالیس روز تک لوگوں کی تنگی کے باوجود غلہ کو روکے رکھے۔ گوشت بنانے والے کے متعلق ارشاد فرمایا کہ جانور ذبح کرتے کرتے اس کا دل سخت ہو جاتا ہے، شفقت اور رحمت ختم ہو جاتی ہے اور کفن بیچنے والا میری امت کی موت کی تمنا میں رہے گا۔ حالانکہ میری اُمت کا ایک بچہ بھی مجھے پوری دنیا سے زیادہ عزیز ہے۔

ذخیرہ اندوزی کی صورتیں: فقیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حکرہ یعنی ذخیرہ اندوزی جو منع ہے اس کی صورت یہ ہے کہ شہر سے غلہ خرید کر بند کرے جب کہ شہریوں کو بھی ضرورت ہو اور تنگی محسوس کریں۔ ہاں اگر کسی کی اپنی زمین کی فصل ہو یا دوسرے شہر سے خرید کر لایا ہو تو اسے جمع کرنا منع نہیں۔ تاہم افضل یہی ہے کہ اسے فروخت کر دے۔ روک رکھے گا تو بُرا کرے گا کہ اس کو مسلمانوں کے ساتھ کوئی ہمدردی نہیں۔ مناسب ہے کہ ذخیرہ اندوز کو غلہ کی فروخت پر مجبور کیا جائے، نہ مانے تو تنبیہ اور تادیب کی جائے تاہم اسے کسی نرخ کا پابند نہ کیا جائے بلکہ بازار والے عام نرخ پر بیچنے کو کہا جائے۔

نرخ کا فیصلہ: حضور اکرم ﷺ سے منقول ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں بھاؤ مقرر نہیں کرتا۔ بھاؤ کے فیصلے اللہ تعالیٰ کرتے ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ گرانی اور ارزانی اللہ تعالیٰ کی جماعتوں میں سے دو جماعتیں یا لشکر ہیں۔ ایک کا نام رغبت اور دوسری کا نام رہبت ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کسی چیز کی ارزانی کا ارادہ فرماتے ہیں تو لوگوں کے قلوب میں رہبت اور خوف پیدا فرما دیتے ہیں۔ اس لئے لوگ اس شے کو بازار سے لا ڈالتے ہیں اور ارزاں ملنے لگتی ہے اور جب اللہ پاک کسی چیز کی گرانی کا ارادہ فرماتے ہیں تو لوگوں کے قلوب میں اس کی رغبت ڈال دیتے ہیں جس سے وہ اس شے کو محفوظ کرنے لگتے ہیں، اس لیے وہ کمیاب اور گراں ہو جاتی ہے۔

نیت کا ثمرہ: روایات میں آتا ہے کہ بنی اسرائیل کے عابدوں میں سے ایک عابد ریت کے ٹیلے پر سے گزرا۔ دل میں کہنے لگا کہ اگر یہ ٹیلہ آٹے کا ہوتا تو میں بنی اسرائیل کو جو

اس وقت قحط میں مبتلا ہیں خوب پیٹ بھر کر کھلاتا۔ اللہ تعالیٰ نے اس وقت کے نبی پر وحی فرمائی کہ فلاح شخص سے کہہ دو کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے وہ اجر لکھ دیا ہے جو تو ٹیلے کی مقدار آٹا صدقہ کر کے حاصل کرتا۔ مطلب یہ کہ اس نے ایک اچھی نیت کی تو اللہ تعالیٰ نے اس کی اچھی نیت پر مخلوق پر شفقت اور مہربانی کے جذبہ پر اسے اجر عطا فرمایا۔ لہٰذا ہر مسلمان کو چاہیے کہ مسلمانوں کیلئے شفیق اور مہربان ہو کے رہے۔

چھ نصیحتیں: ایک آدمی حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آ کر کہنے لگا کہ مجھے کچھ نصیحت فرمائیے۔ آپ نے فرمایا کہ میں تجھے چھ باتوں کی تاکید کرتا ہوں: 1﴾ ایک ان چیزوں کے متعلق قلبی یقین پیدا کرنا جن کے ضامن اللہ تعالیٰ ہو چکے ہیں۔ دوسری یہ کہ فرائض کو ان کے وقت پر ادا کرنا۔ تیسری یہ کہ زبان کو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر رکھنا۔ چوتھی یہ کہ شیطان کی موافقت نہ کرنا کہ وہ مخلوق سے حسد کرتا ہے۔ پانچویں یہ کہ دنیا کو آباد نہ کرنا، یہ تیری آخرت برباد کر دے گی۔ چھٹی بات یہ ہے کہ مسلمان کیلئے ہمیشہ ہمدرد اور خیر خواہ رہنا۔

حضرت فقیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کو مسلمانوں کا خیر خواہ ہونا چاہیے کہ یہ سعادت کی علامتوں میں سے ہے۔

سعادت اور بد بختی کی علامتیں: بزرگ کہتے ہیں کہ سعادت کی گیارہ علامات ہیں جو یہ ہیں:

1﴾ آدمی دنیا سے بے رغبتی اور آخرت میں رغبت رکھتا ہے۔ 2﴾ عبادت و تلاوت قرآن اس کا اہم مقصد ہو۔ 3﴾ غیر ضروری بات بہت کم کرتا ہو۔ 4﴾ پانچوں نمازوں کا پابند ہو۔ 5﴾ حرام سے بہت بچنے والا ہو خواہ وہ تھوڑا ہو یا زیادہ۔ 6﴾ اس کی ہم نشینی نیک لوگوں کے ساتھ ہو۔ 7﴾ مسکین طبع ہو، متکبر نہ ہو۔ 8﴾ بااخلاق سخی ہو۔ 9﴾ اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے ہمدردی رکھتا ہو۔ 10﴾ مخلوق کیلئے نفع رساں ہو۔ 11﴾ موت کو کثرت سے یاد کرتا ہو۔

شقاوت و بد بختی کی بھی گیارہ علامتیں ہیں: 1﴾ مال جمع کرنے پر حریص ہو۔ 2﴾ دنیاوی لذات اور خواہشات میں منہمک ہو۔ 3﴾ گفتگو میں بدزبان اور کثیر گو یعنی زیادہ بولنے والا ہو۔ 4﴾ نمازوں میں سستی کرتا ہو۔ 5﴾ حرام اور مشتبہ مال کھاتا ہو اور برے لوگوں سے ہم نشینی رکھتا ہو۔ 6﴾ بدخلق ہو۔ 7﴾ متکبر اور مغرور ہو۔ 8﴾ لوگوں کو نفع پہنچانے سے روکتا ہو۔ 9﴾ مسلمانوں سے ہمدردی نہ رکھتا ہو۔ 10﴾ بخیل ہو۔ 11﴾ موت سے یکسر غافل ہو۔ مطلب یہ کہ موت یاد ہو تو مسلمانوں سے ہمدردی کرتا ہے۔ ضرورت کے وقت غلہ وغیرہ بیچنے میں رکاوٹ نہیں ڈالتا۔

کسی زاہد کا واقعہ ہے کہ اس کے گھر میں کچھ گندم پڑی تھی، قحط پڑ گیا تو سب بیچ ڈالی اور پھر لوگوں کی طرح خود بھی حسب ضرورت خریدنے لگا۔ کسی نے کہا کہ پہلے ہی اپنی ضرورت کو رکھ لی ہوتی۔ کہنے لگا میں نے چاہا کہ لوگوں کے قحط والے غم میں میں بھی شریک ہو جاؤں۔

مذکورہ تمام احادیث و حکایات اور اقوال بزرگان دین سے ثابت ہوتا ہے کہ ذخیرہ اندوزی سے اللہ و رسول ﷺ کی ناراضگی اور مخلوق خدا کی نفرت میسر آتی ہے۔ لہٰذا وہ کام جس سے اللہ و رسول ﷺ ناراض ہوں وہ جہنم میں لے جاتے ہیں۔ تاجر برادری اور دوکانداروں کو چاہیے کہ وہ ماہ رمضان و غیر ماہ رمضان میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں یکساں رکھیں۔ ذخیرہ اندوزی کر کے مصنوعی قحط کی کیفیت پیدا کر کے مخلوق خدا کو تنگ کر کے منافع خوری وقتی قلبی خوشی کا باعث تو ہو سکتی ہے مگر آخرت کی راحت کا سامان کبھی نہیں ہو سکتی۔ آج پاکستانی قوم مختلف آفات سے دوچار ہے اور ذخیرہ اندوزی کرنے والے روپیہ بنانے کے چکر میں ہیں جو سراسر زیادتی ہے اور خسارہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں شریعت اسلامیہ کی پاکیزہ تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ذخیرہ اندوزی سے بچنے اور مخلوق خدا سے ہمدردی کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

☆☆☆

☆☆☆

امریکہ اور سعودی عرب کی "میگا ڈیل"

سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے دورۂ امریکہ کے دوران صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کی اور امریکہ میں سعودی سرمایہ کاری ایک ہزار ارب (ایک کھرب) ڈالر تک بڑھانے کا اعلان بھی کیا۔ وہ جب امریکی صدر سے ملاقات کے لئے وائٹ ہاؤس پہنچے تو جنابِ صدر اُن کے استقبال کے لئے وائٹ ہاؤس سے باہر آئے، سعودی ولی عہد کو توپوں کی سلامی کے علاوہ جنگی طیاروں سے فلائی پاسٹ دیا گیا جس کے بعد دونوں رہنماؤں نے اوول آفس میں ملاقات کی۔ اِس ملاقات کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے میڈیا سے گفتگو میں سعودی عرب کو نان نیٹو اتحادی کا درجہ دیتے ہوئے بتایا کہ اِس سے قبل امریکہ 19 ممالک کا نان نیٹو اتحادی ہے۔ اُنہوں نے ولی عہد کو "انتہائی قابلِ احترام شخص" قرار دیتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب امریکہ کا عظیم شراکت دار ہے، اُس کے ساتھ دفاعی معاہدے پر پہنچ چکے ہیں، سعودی عرب ایف۔35 لڑاکا طیارے خریدے گا، یہ ٹاپ آف لائن اور اُسی معیار کے ہوں گے جس معیار کے ایف۔35 اسرائیل کو دیے گئے ہیں کیونکہ وہ اپنے دونوں دوستوں کے درمیان توازن رکھنا چاہتے ہیں۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ اُنہوں نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ سمیت آٹھ جنگیں رکوائیں، پاکستان اور بھارت اب اچھا کام کر رہے ہیں، ایران سے جوہری معاہدے پر مل کر کام کریں گے کیونکہ تہران یہ معاہدہ چاہتا ہے۔ روسی صدر پیوٹن نے جنگ روکنے میں بہت وقت لیا۔ ابراہیمی معاہدے سے متعلق سوال پر امریکی صدر کا کہنا تھا کہ اِن معاملات پر بہت اچھی بات چیت ہوئی ہے تاہم سعودی ولی عہد نے واضح کر دیا کہ وہ فلسطین اور اسرائیل کے لئے اَمن چاہتے ہیں، وہ ابراہیمی معاہدے کا حصہ بننا چاہتے ہیں تاہم وہ اس کے ساتھ دو ریاستی حل کا راستہ بھی محفوظ بنانا چاہتے ہیں۔ ایک صحافی نے سعودی ولی عہد سے ایک کھرب ڈالر کی سرمایہ کاری کے بارے میں سوال کیا موجودہ تیل کی کم قیمتوں کے باوجود سعودی عرب ایسا کر سکتا ہے تو اُن کا جواب تھا کہ وہ امریکہ یا اُس کے صدر کو خوش کرنے کے لئے جعلی مواقع نہیں بنا رہے بلکہ یہ حقیقی مواقع ہیں۔ مصنوعی ذہانت کے میدان میں سعودی عرب کو بہت زیادہ کمپیوٹنگ پاور کی ضرورت ہے، امریکہ کے ساتھ ہونے والا معاہدہ سعودی عرب کی ضروریات پوری کرنے میں مدد کرے گا۔ سعودی صحافی جمال خاشقجی کے قتل سے متعلق سوال پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مداخلت کرتے ہوئے کہا کہ اُس کے متعلق سعودی ولی عہد کچھ نہیں جانتے تھے، جبکہ سعودی ولی عہد کا کہنا تھا کہ صحافی خاشقجی کے قتل کی خبر بہت افسوسناک تھی۔ اُنہوں نے اُسامہ بن لادن کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ اُس نے جو کچھ کیا وہ سعودی عرب اور امریکہ کے تعلقات خراب کرنے کے لئے کیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ سعودی ولی عہد اور امریکی صدر ٹرمپ کے درمیان تعلق خاصا گہرا ہے، امریکی صدر نے اُن کا بے مثال استقبال کر کے یہ ثابت بھی کر دیا، انہوں نے وائٹ ہاؤس سے باہر آ کر ولی عہد کو خوش آمدید کہا، اپنی بانہیں اُن کے لئے پھیلا دیں اور پھر مستقبل کے بادشاہ کے اعزاز میں پُرتکلف عشائیہ بھی دیا۔

سعودی ولی عہد نے 2018ء میں وائٹ ہاؤس کا دورہ کیا تھا اور اب سات سال بعد وہ امریکہ گئے ہیں جبکہ ڈونلڈ ٹرمپ اپنے گزشتہ دورِ حکومت میں منتخب ہونے کے بعد سب سے پہلے سعودی عرب گئے تھے اور اب بھی اُنہوں نے سب سے پہلے ریاض ہی کا دورہ کیا تھا۔ ولی عہد کے حالیہ دورے میں سعودی عرب کا امریکہ کا 20واں نان نیٹو اتحادی ملک بننے کا اعلان بھی کیا گیا جس کا مطلب ہے امریکہ اُسے ہر طرح کا اسلحہ اور دفاعی ساز و سامان کسی داخلی بندش کے بغیر فروخت کر سکتا ہے، پاکستان بھی اِن 20 ممالک کی فہرست میں موجود ہے۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ پریس بریفنگ کے دوران امریکی صدر سوالات کا جواب دیتے ہوئے خاصے محتاط رہے بلکہ صحافیوں کو ڈانٹ ڈپٹ بھی کرتے رہے۔ جب ابراہیمی معاہدے کی بات ہوئی تو سعودی ولی عہد نے اپنا اصولی موقف ہی دہرایا کہ وہ اِس کا حصہ بن سکتے ہیں بشرطیکہ فلسطین کا دو ریاستی حل یقینی بنایا جائے۔ ابراہیمی معاہدہ دراصل اسرائیل اور مختلف مسلم ممالک کے درمیان اُسے تسلیم کرنے اور اُس سے تعلقات، خصوصاً سفارتی روابط، باضابطہ طور پر قائم کرنے سے متعلق ہے۔ امریکہ اِس حوالے سے ثالث اور سہولت کار کا کردار ادا کر رہا ہے۔ کئی مسلم ممالک اِس معاہدے کا حصہ بن چکے ہیں، سعودی عرب کا موقف بھی سامنے ہے جبکہ پاکستان کا کہنا ہے کہ 1967ء سے پہلے کی سرحدوں کے ساتھ ایک مضبوط اور قابلِ عمل فلسطینی ریاست کا قیام عمل میں لایا جائے جس کا دارالحکومت القدس شریف ہو۔ اِس موقف پر عرب اور مسلم ممالک کے درمیان وسیع تر اتفاق ہو چکا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ عرب ممالک کئی بار لڑ کر دیکھ چکے ہیں، حماس نے بھی جنگ کر کے دیکھ لی، حماس کی پشت پر کوئی بین الاقوامی طاقت کھڑی نہیں ہوئی کیونکہ اسرائیل کی پشت پر امریکہ تھا۔ ایسے میں یہ تسلیم کرنا ہو گا کہ جذباتی نعروں کے ذریعے اہلِ فلسطین کے دیرینہ مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ اگر فلسطینی ریاست کو تسلیم کر لیا جائے تو اَمن کی جانب ایک حقیقی اور ٹھوس پیشرفت ممکن ہو سکتی ہے اور اِسی نقطے سے آگے بڑھ کر کوئی پائیدار سیاسی حل تشکیل دیا جا سکتا ہے۔ اِس وقت سب سے زیادہ ضروری ہے کہ غزہ میں اَمن قائم ہو، اِس کی تعمیرِ نو ممکن ہو سکے اور اسرائیلی فوج وہاں سے نکل جائے۔ عالمی سیاسی مبصرین کے نزدیک سعودی ولی عہد کا دورہ امریکہ بہت کامیاب رہا ہے، اُنہوں نے امریکہ میں کثیر سرمایہ کاری کا اعلان کیا، اِسے دونوں ممالک کے درمیان "میگا ڈیل" کا نام دیا جا رہا ہے۔ یہ پیشرفت نہ صرف سعودی امریکہ تعلقات کو ایک نئی جہت دے گی بلکہ خطے کی کشیدہ صورتحال پر بھی مثبت اثرات مرتب کرے گی۔

ضمنی انتخابات اور موروثیت کا عنصر

تنویر قیصر شاہد

پاکستان میں دولتمندوں اور موروثیت کی سیاست ختم نہیں کی جا سکی ہے، حالانکہ اِس ضمن میں بڑے بڑے سیاستدانوں نے دعوے اور وعدے تو بہت کیے۔ اب 23 نومبر 2025 کو پنجاب اور خیبر پختونخوا کے کئی علاقوں میں ضمنی انتخابات ہو رہے ہیں تو ہم دیکھ رہے ہیں کہ جنہیں ٹکٹ دیے گئے ہیں، وہ موروثی اور مقتدرانہ سیاست ہی کا ایک سلسلہ لامتناہی ہے۔ کسی سیاسی پارٹی نے اپنے کسی مخلص اور غریب سیاسی کارکن کو ٹکٹ جاری نہیں کیا۔

گویا سیاسی کارکن بیچارے ساری حیاتی بس مقتدر اور دولتمند سیاستدانوں کے تھڑے بھرنے کے لیے ہی رہ جاتے ہیں۔ اِس ضمن میں پی پی پی، پی ٹی آئی اور نون لیگ بھی برابر کی ذمے دار ہیں۔ 23 نومبر کے ضمنی انتخابات کے لیے نون لیگی قیادت نے جن افراد کو ٹکٹ جاری کیے ہیں، وہ موروثی سیاست ہی کا بڑھاوا ہے۔ مثال کے طور پر: فیصل آباد کے علاقے میں ضمنی انتخابات کے لیے جن اصحاب (بلال بدر چوہدری، رانا احمد شہریار اور راجہ دانیال) کو نون لیگ نے ٹکٹ جاری کیے ہیں، وہ نون لیگ کے مقتدر سیاستدانوں کے مقربین ہیں۔

بلال بدر چوہدری، وفاقی وزیر مملکت برائے داخلہ، طلال چوہدری، کے برادرِ خورد ہیں۔ رانا احمد شہریار، سابق وفاقی وزیر اور اب وزیر اعظم، شہباز شریف، کے مشیرِ سیاسی امور، رانا ثناء اللہ، کے داماد، جب کہ راجہ دانیال، سابق وفاقی وزیر، راجہ ریاض، کے صاحبزادے ہیں۔ سرگودھا سے نون لیگ کا ٹکٹ جس صاحب (سلطان علی رانجھا) کو عطا کیا گیا ہے، وہ سابق وزیر میاں مناظر رانجھا کے لختِ جگر ہیں۔ اِسی طرح ساہیوال سے جن جٹ برادران (چوہدری طفیل جٹ اور چوہدری حنیف جٹ) کو نون لیگی ٹکٹ جاری کیا گیا ہے، دونوں بھائی ہیں۔

اب یہ خبر ضرور آئی ہے کہ پنجاب کی نون لیگ نے صوبائی حلقہ 269 (مظفر گڑھ) کے ضمنی الیکشن میں اپنے اُمیدوار (اقبال خان پتافی) کو پیپلز پارٹی کے اُمیدوار (علمدار قریشی) کے حق میں دستبردار کرا دیا ہے۔ علمدار عباس قریشی نون لیگ میں بھی رہ چکے ہیں اور پی ٹی آئی میں بھی۔ پہلے بھی رکن صوبائی اسمبلی منتخب ہو چکے ہیں۔ فروری 2024 کے عام انتخابات میں بھی وہ ایم پی اے منتخب ہو گئے تھے، مگر اُن کے ووٹوں کو چیلنج کر دیا گیا۔ اور جب دوبارہ گنتی کا حکم دیا گیا تو علمدار قریشی بوجوہ اسمبلی کی رکنیت سے مستعفی ہو گئے۔

اُنہیں چیلنج بھی اقبال پتافی ہی نے کیا تھا۔ اقبال پتافی کو اب دستبردار کرانے میں پیپلز پارٹی کے رہنما اور ایم این اے، علی قاسم گیلانی، نے مرکزی کردار ادا کیا ہے۔ یاد رہے علی گیلانی سابق وزیر اعظم اور حالیہ سینیٹ کے چیئرمین، سید یوسف رضا گیلانی، کے صاحبزادے ہیں۔ گیلانی صاحب کے اپنے گھر میں نصف درجن کے قریب قومی و صوبائی اسمبلی کی کئی منتخب سیٹیں ''پڑی'' ہیں۔ یہ بھی موروثی سیاست کا ایک زندہ شاہکار ہے۔

23 نومبر 2025 کو ہری پور (خیبر پختونخوا) کی ایک سیٹ کے لیے ضمنی انتخابات کے لیے اگرچہ نصف درجن سے زائد اُمیدوار کھڑے ہیں، مگر یہاں بھی موروثی سیاست غالب ہے۔ ہری پور کے این اے 18 میں مسلم لیگ نون، پی ٹی آئی کے حمائت یافتہ آزاد اُمیدوار، پی پی پی، ہزارہ قومی محاذ، پاکستان نظریاتی پارٹی اور 4 آزاد اُمیدوار (جن میں 2 خواتین بھی شامل ہیں) قسمت آزمائی کے لیے سامنے ہیں۔ مگر سب واقفانِ حال کا کہنا ہے کہ اصل مقابلہ پی ٹی آئی کی حمائت یافتہ اور نون لیگ کے ٹکٹ ہولڈر میں ہے۔ ہری پور میں موروثیت کا کردار پی ٹی آئی اور پی ٹی آئی کے ایک معروف لیڈر ادا کر رہے ہیں۔ اور یہ صاحب ہیں: عمر ایوب خان۔ خود بھی کئی بار (دوسری سیاسی جماعتوں کے پلیٹ فارم سے) وفاقی وزیر رہ چکے ہیں۔

اُن کے والد صاحب (گوہر ایوب خان مرحوم) بھی وفاقی وزیر رہے ہیں اور تین عشروں سے زائد بار قومی اسمبلی کے رکن۔ اور اُن کے دادا جان کو تو یہ ''اعزاز'' حاصل ہے کہ اُنھوں نے پہلی بار پاکستان میں مارشل لا نافذ کیا۔ عدالت اور الیکشن کمیشن آف پاکستان سے پانچ سال کے لیے نااہل ہونے سے قبل موصوف قومی اسمبلی میں، پی ٹی آئی کی جانب سے، قائدِ حزبِ اختلاف تھے۔ وہ پی ٹی آئی کے ٹکٹ پر (فروری 2023 کے انتخابات میں) این اے 18 سے ایم این اے منتخب ہُوئے تھے۔ 9مئی کے ''معروفِ عالم'' احتجاجات کے ''الزامات'' میں مگر وہ بھی دَھر لیے گئے۔ عدالت کی جانب سے نااہلی کا ٹھپہ عمر ایوب خان نے، پہلے پہل، تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ اُنھوں نے عدالت کے دروازے پر دستک بھی دی، مگر پھر حالات کے آگے سرِ تسلیم خم کر لیا۔

عمر ایوب خان کے سیاسی خاندان کا جائزہ لیا جائے تو سمجھ میں آتا ہے کہ کیوں اُن کے خاندان کو Tareens of Haripur کہا جاتا ہے؛ چنانچہ اِسی سیاسی و مقتدر وراثت کے پسِ منظر میں عمر ایوب خان نے این اے 18 (ہری پور) میں ضمنی انتخابات کے لیے پی ٹی آئی کا ٹکٹ اپنی اہلیہ محترمہ (شہر ناز ایوب خان) کو دلوایا ہے۔ یہ بھی موروثی سیاست کی ایک ''اعلیٰ'' اور ''ارفع'' مثال ہے۔

داخلی ترجیحات کا تعین

سلمان عابد

پاکستان کو اپنے داخلی، علاقائی اور عالمی معاملات کی بہتری کے لیے ایک مضبوط موثر حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ ایسی حکمت عملی جو ہمیں عملاً بطور ریاست ایک مضبوط ریاست کے طور پر دنیا کے سامنے پیش کر سکے۔ پاکستان کی سیاسی اور سفارتی محاذ پر گرم جوشی دیکھنے کو مل رہی ہے۔ ہمیں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ عالمی سطح پر ہمیں جہاں بہت زیادہ پذیرائی ملی ہے وہیں نئے سیاسی اور معاشی امکانات نے ہمارے لیے ترقی کے نئے دروازے کھولے ہیں۔

پاکستانی حکمرانی کا ایک سنجیدہ مسئلہ یہ رہا ہے کہ اس میں زیادہ تر داخلی معاملات کو درست رکھنے کی حکمت عملی کم اور باہر کی دنیا پر انحصار زیادہ ہوتا ہے۔ ہمیں ایسے لگتا ہے کہ ہم باہر کی دنیا سے آنے والے امکانات اور مواقعوں کی بنیاد پر خود کو آگے بڑھانے کی خواہش رکھتے ہیں۔ اس کے مقابلے میں داخلی معاملات کی درستگی میں ہماری ترجیحات کمزور نظر آتی ہیں یا پھر ہم نے داخلی مسائل اور مشکلات پر اپنی آنکھیں بند رکھی ہوئی ہیں۔ یہ خوش فہمی موجود [illegible]

حکمرانی کے مفادات کم اور شخصی حکمرانی کے مفادات کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ ہم نے ایک سیاسی روش یہ بھی اختیار کر لی ہے کہ ہم داخلی معاملات کی ناکامی پر اپنی ذمے داری قبول نہیں کرتے اور اس ناکامی کا بڑا ملبہ داخلی اور خارجی قوتوں پر ڈال کر خود کو بچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ ہی حکمت عملی ہمیں مستقبل میں درست حکمت عملی اختیار کرنے سے دور کرتی ہے۔

ایسا نہیں کہ خارجی مسائل اور مشکلات نہیں ہیں ہمیں یقینی طور پر ان کا بھی علاج تلاش کرنا ہے مگر یہ عمل بھی درست حکمت عملی کا تقاضہ نہیں کہ ہم داخلی مسائل کو نظرانداز کریں یا ان کا ادراک نہ رکھنے کی عادت کو مستقل اپنی قومی پالیسی کا مزاج بنا لیں۔ حکومت کی سطح پر یہ سوچ رکھنا کہ ہم داخلی مسائل کو کم اہمیت دے کر آگے بڑھ سکتے ہیں یا ان کے علاج کو تلاش کیے بغیر ہم درست طور پر کچھ حاصل کر سکتے ہیں غلط سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔

ہماری حکمرانی کی توجہ کا مرکز بھی امریکا، چین، ترکی، قطر، سعودی عرب اور دیگر ممالک ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ ان کے پاس ہمارے مسائل کا حل موجود ہے یا ہم ان کی مدد اور تعاون کی بنیاد پر اپنی مشکلات کو کم کر سکتے ہیں۔ جب کہ اس کے برعکس ہماری داخلی سیاست، جمہوریت، آئین و قانون کی حکمرانی، معاشی ترقی، گورننس کے نظام اور سیکیورٹی کے حالات پر ہماری سنجیدگی وہ نہیں جو بطور ریاست ہمیں درکار ہے۔ ہم اس پہلو کو مسلسل نظرانداز کر رہے ہیں کہ ایک مضبوط ریاست میں عوامی مفادات کی بہت زیادہ اہمیت ہوتی ہے۔ حکومت اور عوام کے درمیان بہتر تعلق ہی ایک دوسرے پر بھروسہ قائم کرتا ہے۔ اگر یہ بہتر تعلق نہ ہو تو حکومت اور عوام کا رشتہ کمزور پڑ جاتا ہے۔

منصوبے ہیں جو کئی دہائیوں سے مکمل ہی نہیں ہو سکے اور ان پر توجہ نہ دینے کی وجہ سے حکومتی وسائل کو بھی بڑے پیمانے پر ضایع کیا جا رہا ہے مگر ان معاملات میں کوئی بھی کسی بھی سطح پر کسی کو بھی جوابدہ بنانے کے لیے تیار نہیں ہے۔

حکمرانی کا بحران وفاقی اور صوبائی سطح پر اصلاح کے تناظر میں سخت گیر اقدامات چاہتا ہے۔ لیکن حکومت کی ترجیحات میں گورننس کے نظام کو موثر بنانے کے لیے مضبوط اور خود مختار مقامی حکومتوں کا کوئی تصور نہیں۔ یہ ہی وجہ ہے کہ اضلاع، چھوٹے شہروں اور دیہاتوں کی سطح پر حکمرانی کا نظام کمزور ہے۔

حکمران اسلام آباد یا صوبائی دارالحکومت میں بیٹھ کر پورے ملک کے مسائل کا حل تلاش کرتے ہیں جو یقینی طور پر ممکن نہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا وجہ ہے کہ ہمارا حکومتی نظام اصلاحات یا سخت گیر اقدامات اٹھانے کے لیے تیار نہیں جو ہماری ریاستی ترجیحات کا اہم حصہ ہونا چاہیے تھا۔ یہ جو سیاسی سمجھوتے پر مبنی کھیل ہمیں نظر آتا ہے جہاں شخصی مفادات کی کے لیے مضبوط گٹھ جوڑ کیونکر نہیں ٹوٹ رہا۔ کیا ایسا تو نہیں کہ طاقت کے اہم افراد اور اداروں نے خود ریاست کے مفادات پر سیاسی سمجھوتہ کر لیا ہے۔ یہ سوال بھی سنجیدہ بحث کا تقاضہ کرتا ہے کہ عام آدمی یا کمزور سطح کے افراد کی ترقی کے نام پر جو عالمی امداد یا منصوبے آتے ہیں اس کا براہ راست اثر لوگوں کی سیاسی، سماجی اور معاشی ترقی پر نہیں پڑ رہا۔

اب وقت آ گیا ہے کہ ہم قومی سطح پر اپنے قومی مسائل اور بحران کا درست تجزیہ کر کے درست داخلی حکمت عملی کا راستہ اختیار کریں ہمیں ان غیر معمولی حالات میں غیر معمولی

بے اتفاقی: زوال کا آغاز

تحریر۔۔۔۔عزیز الرحمن

قوموں کی زندگی میں سب سے قیمتی سرمایہ اتحاد ہے۔ وہ سرمایہ جس سے ترقی، طاقت، عزت اور محبت کی راہیں کھلتی ہیں۔ اور جو چیز سب سے زیادہ تباہ کن اور خطرناک ہوتی ہے، وہ بے اتفاقی ہے۔ یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ جس قوم میں اتفاق و اتحاد قائم رہا، وہ ہمیشہ سربلند رہی، اور جس قوم میں بے اتفاقی در آئی، وہ زوال کے گھپ اندھیروں میں گم ہو گئی۔ بے اتفاقی صرف چند افراد کے درمیان فاصلے کا نام نہیں، بلکہ یہ ایسا خطرناک زہر ہے جو قوموں کے جسم میں سرایت کر کے انہیں فرقوں میں بانٹ دیتا ہے۔ اور اتفاق وہ بنیاد ہے جو قرآنی آیات سے بھی واضح ہوتی ہے کہ وحدت و اتحاد نہ صرف اسلامی تعلیمات کا مرکزی ستون ہے بلکہ وہ اساس بھی ہے جس پر ایک مضبوط ملت کی عمارت کھڑی کی جا سکتی ہے۔ لیکن افسوس کہ آج مسلم اُمّہ اندرونی اختلافات، گروہی تعصبات اور فروعی تنازعات میں الجھ کر اپنی اصل طاقت سے محروم ہو چکی ہے۔ جب دل ایک نہ ہوں، سوچیں بکھر جائیں اور زبانیں نفرت اُگلیں تو دشمن کے لیے دروازے کھل جاتے ہیں اور نصرتِ الٰہی کا سایہ اٹھ جاتا ہے۔ آج اگر ہم مظلوم بن چکے ہیں، ظلم کے گڑھے میں گر چکے ہیں اور مغلوبیت کی انتہا تک پہنچ چکے ہیں تو اس کی اصل اور حقیقی وجہ بے اتفاقی ہے۔ آج فلسطین، شام، لیبیا، کشمیر اور سوڈان جیسے اسلامی ممالک میں ظلم کی انتہا ہو رہی ہے، اور اس کے ذمہ دار ہم خود ہیں کیونکہ ہم نے اتفاق کو نہیں اپنایا۔ ہم اپنے بھائی کی خون کے پیاسے ہیں۔ ہم قومی پرستی میں ڈوب چکے ہیں۔ یاد رکھو! کفار آج بھی ایک ملت، ایک طاقت، ایک جماعت اور ایک بازو بن کر مسلمانوں کے خلاف لڑ رہے ہیں، جبکہ ہم تعصب و قومیت کے دام میں پھنس کر آپس میں لڑ رہے ہیں۔ اپنی انانیت کو منوانے میں مگن ہیں۔ قوم، ملک، عوام کو خوشی دلانے کے بجائے اپنی خوشی کو ترجیح دے رہے ہیں۔ اتفاق اپنے آپ سے شروع کیا جا سکتا ہے۔ جب ہر فرد اپنی ذمہ داری سمجھے، اتفاق کو اپنائے اور دوسروں کے وجود کا احترام کرے، تب ہی ملتِ اسلامیہ کا زوال رُک سکے گا۔ آیئے! ہم نفرت، اختلاف، تعصب اور فرقہ واریت کے دلدل سے نکل کر محبت، رواداری اور وحدت کا دامن تھامیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں باہمی اتفاق و اتحاد نصیب فرمائے۔ آمین۔ عزیز الرحمن

قانون کی بالادستی اور عوامی اعتماد پیرا فورس کی کارروائی کا ایک اچھا پہلو

(تحریر امجد خان طوطی)

ہسپتال روڈ چکوال میں واقع مسلم کمرشل مارکیٹ کو سیل کیے جانے کی کارروائی نے ایک بار پھر اس حقیقت کو نمایاں کر دیا ہے کہ نظم و ضبط قائم رکھنے والے اداروں کی بروقت اور مؤثر کارکردگی معاشرے کی سلامتی کے لیے کس قدر اہم ہوتی ہے۔ پیرا فورس نے جو قدم اٹھایا، وہ نہ کسی شخصی عناد کا نتیجہ تھا اور نہ ہی طاقت کا غیر ضروری استعمال، بلکہ یہ ایک ایسا عمل تھا جس کا مقصد قانون کی حکمرانی اور عوامی مفاد کو یقینی بنانا تھا ہم اکثر یہ شکوہ کرتے دکھائی دیتے ہیں کہ قوانین تو موجود ہیں مگر ان پر عمل نہیں ہوتا۔ لیکن جب کوئی ادارہ ذمہ داری کے ساتھ آگے بڑھ کر اپنا فرض نبھاتا ہے تو یہی لوگ اسے سراہتے بھی ہیں۔ مسلم کمرشل مارکیٹ کی سیلنگ ہو یا کسی اور مقام پر ضابطوں کی خلاف ورزی کے خلاف کارروائی اصل بات یہ ہے کہ قانون سب کے لیے برابر ہے اور اس کی عملداری ہی حقیقی انصاف کو جنم دیتی ہے پیرا فورس کی کارروائی نے یہ پیغام دیا ہے کہ ادارے اگر سنجیدگی سے اپنا کام کریں تو شہر کا امن و امان بہتر ہو سکتا ہے، غیر قانونی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی کی جا سکتی ہے، اور یہ اعتماد بحال کیا جا سکتا ہے کہ ریاست اپنے شہریوں کے لیے امن، ترتیب اور شفافیت کو مقدم رکھتی ہے۔ ایسے اقدامات معاشرے میں ایک مثبت مثال قائم کرتے ہیں اور یہ احساس دلاتے ہیں کہ قانون کی گرفت کمزور نہیں بلکہ فعال ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ شہری بھی اپنے حصے کا کردار ادا کریں۔ غیر ضروری بے چینی پھیلانے یا افواہوں کا شکار ہونے کے بجائے، ہمیں چاہیے کہ ضابطوں کی پاسداری کریں، اداروں کی کوششوں کو سمجھیں اور ایک ایسا ماحول بنانے میں مدد کریں جہاں قانون نگہبان نہیں بلکہ مددگار محسوس ہو پیرا فورس کی یہ کارروائی صرف ایک آپریشن نہیں، بلکہ ایک یاد دہانی ہے کہ قانون کی طاقت وہاں سب سے زیادہ کارآمد ثابت ہوتی ہے جہاں شہری اور ادارے دونوں اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ اگر یہ رشتہ مضبوط ہو جائے، تو پھر نہ صرف چکوال بلکہ پورا ملک ایک زیادہ منظم اور پرامن معاشرہ بن سکتا ہے

ایمان کی طاقت: ایک سادہ چرواہا اور یہودی کی دلچسپ گفتگو

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی۔ قلم حق

ایک یہودی، مسلمانوں کی ایک بستی سے گزرتے ہوئے اپنے دل میں ایک منصوبہ بنا بیٹھا کہ کیوں نہ بستی کے لوگوں کے دل میں شک پیدا کیا جائے اور انہیں اپنے علما پر بداعتمادی کرنے پر مجبور کیا جائے۔ اس کی چالاکی اور سازش واضح تھی، لیکن وہ نہیں جانتا تھا کہ سادہ لوح نظر آنے والا چرواہا بھی اللہ کی عطا کردہ بصیرت اور فہم کا روشن چراغ رکھتا ہے، جو اس کے ہر فتنہ انگیز قدم کو ناکام بنا دے گا۔ راستے میں وہ چرواہے سے ملا، اور یوں گفتگو کا آغاز ہوا جو نہ صرف عبرت آموز بلکہ ایمان اور حکمت کی روشنی سے بھرپور تھا۔ چرواہا اپنے مویشی چرا رہا تھا اور دھوپ میں تھوڑی تھکن محسوس کر رہا تھا، مگر اس کے چہرے پر سکون اور عقل کی روشنی نمایاں تھی۔ یہودی نے سوچا کہ یہ شخص آسان شکار ہوگا، کیونکہ یہ علم و حکمت میں زیادہ آگاہ نہیں لگتا تھا۔ اس نے سلام کیا اور بات چیت کا آغاز ایک دوستانہ انداز میں کیا تاکہ چرواہے کے دل میں اعتماد پیدا ہو۔ یہودی نے اپنی باتوں میں محض نرمی اور دوستانہ لہجہ اختیار نہیں کیا بلکہ آہستہ آہستہ دین کے متعلق فتنہ انگیز سوچ بھی ڈالنے کی کوشش کی۔ اس نے کہا کہ قرآن میں بہت سی آیات متشابہ ہیں اور بار بار دہرائی گئی ہیں۔ اس تکرار کو ختم کر دیا جائے تو قرآن اور بھی مختصر ہو جائے گا اور حفظ کرنا آسان ہوگا۔ چرواہا نے یہ سن کر اپنی آنکھیں بڑی کیں، لیکن کچھ نہیں کہا۔ اس کا انداز بالکل پرسکون تھا، جیسے وہ تمام باتوں کا تجزیہ کر رہا ہو۔ وہ نہ تو فوراً جواب دینے لگا، نہ تیز ردعمل دکھایا۔ اس خاموشی نے یہودی کو اور بھی مطمئن کر دیا کہ اس کی سازش کامیاب ہو رہی ہے۔ یہودی خوش ہو کر بولا کہ دیکھو، میں نے تمہیں حقیقت بتائی اور تمہارا دل یقیناً میری باتوں پر قائم ہو جائے گا۔ چرواہا نے نرمی سے پوچھا کہ کیا وہ واقعی چاہتا ہے کہ قرآن میں تکرار والی آیات کو ختم کیا جائے تاکہ یاد کرنا آسان ہو جائے؟ یہودی نے بڑی فخر کے ساتھ کہا کہ ہاں، بالکل یہی بات میں کہنا چاہتا ہوں۔ اس کا خیال تھا کہ چرواہا فوراً اس کے منصوبے میں گرفتار ہو جائے گا اور وہ اسے سادہ لوح قرار دے دے گا۔ چرواہے نے بڑے سکون سے کہا کہ اگر تکرار قرآن میں غیر ضروری ہے تو پھر تمہارے جسم میں بھی کئی اعضاء ایسے ہیں جو بظاہر تکرار پیدا کر رہے ہیں۔ مثال کے طور پر، دو ہاتھوں میں سے ایک ہاتھ، دو پیروں میں سے ایک پیر، دو آنکھیں، دو کان اور دو گردے، سب کیا ضرورت ہیں؟ اگر ان کو بھی نکال دیا جائے تو جسم ہلکا اور زندگی آسان ہو جائے گی۔ یہودی اس بات سن کر حیران رہ گیا۔ چرواہے کی مثال میں ایک گہری حکمت چھپی ہوئی تھی۔ اس نے کہا کہ انسان کے جسم میں یہ تکرار اس کی حفاظت، زندگی کی تکمیل اور توازن کے لیے ضروری ہے، بالکل قرآن کی تکرار کی طرح جو دل پر اثر ڈالنے، یاد دہانی اور ایمان مضبوط کرنے کے لیے ہے۔ چرواہے کی بات نے یہودی کی چالاکی کو ناکام کر دیا۔ وہ فوراً اُٹھا اور اپنی راہ پر روانہ ہو گیا، اور سوچتا رہا کہ جب ایک سادہ سا چرواہا بھی حقیقت اور فتنہ کی پہچان رکھتا ہے تو علما اور دانشوروں کا کیا حال ہوگا۔ یہ سادہ گفتگو ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ ایمان صرف کتابی علم یا رسمی عبادت تک محدود نہیں۔ دل کی روشنی، اللہ کی محبت اور سادہ ایمان بھی فتنے کو پہچاننے کی طاقت رکھتے ہیں۔ چرواہے کی مثال سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جب دل اللہ کی محبت اور نور سے منور ہو تو وہ فتنہ انگیز باتوں اور چالاکی کی سازش کو فوراً شناخت کر لیتا ہے۔ یہ ایمان کی قوت اور اللہ کی ہدایت کی پہچان ہے۔ قرآن کی تکرار کی حکمت بھی اس بات سے واضح ہوتی ہے کہ ہر آیت، چاہے وہ بظاہر دہرانے والی لگے، دل میں اثر ڈالنے، ایمان کو تازہ رکھنے اور عملی زندگی میں سبق دینے کے لیے موجود ہے۔ قرآن خود فرماتا ہے: "اگر تم شک میں ہو اس کتاب کے بارے میں جو ہم نے نازل کی ہے تو اس کی مانند کوئی ایک ہی سورت بنا لاؤ۔" (سورۃ البقرہ، 23:2، ترجمہ) نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔" (بخاری و مسلم، ترجمہ) یہودی کی سازش اس بات کا ثبوت ہے کہ فتنے ہمیشہ نرم لہجے، علم کا لبادہ اور خیرخواہی کے بہانے آتے ہیں۔ مگر ایمان دار دل اللہ کی روشنی سے منور ہو تو یہ فتنہ فوری طور پر بے اثر ہو جاتا ہے۔ چرواہے کی مثال یہ بھی بتاتی ہے کہ دین کی حفاظت صرف علما یا دانشوروں کے ہاتھ میں نہیں، بلکہ عام لوگ بھی اللہ کی عنایت سے فتنے کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ آج کی نسل معلومات اور ٹیکنالوجی میں تو تیز ہے، مگر دین میں اکثر وہ شارٹ کٹس یا آسان راستے تلاش کرنے کی خواہش رکھتے ہیں۔ وہ سوچتے ہیں کہ نماز، قرآن کی تلاوت یا روزمرہ کے اعمال میں آسانیاں نکالیں تو زندگی زیادہ آسان ہو جائے گی۔ لیکن چرواہے اور یہودی کی کہانی ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ دین میں آسان راستے تلاش کرنے کی سوچ اکثر فتنہ کا حصہ ہوتی ہے۔ چرواہے نے یہودی کی فتنہ انگیز باتوں کو فوراً پہچان لیا اور اسے حقیقت کا آئینہ دکھا دیا۔ اس نے یہ ثابت کیا کہ دین میں جو معمولات اور تکراریں ہیں، جیسے قرآن کی تلاوت میں آیات کی دہرانا یا عبادات کی ترتیب، وہ بظاہر مشکل لگ سکتی ہیں لیکن حقیقت میں یہ سب حکمت، تربیت اور دل کی مضبوطی کے لیے ہیں۔ نوجوانوں کو یہ سمجھنا ضروری ہے کہ دین میں کوئی شارٹ کٹ نہیں ہے۔ ایمان کی ترقی، قرآن کی سمجھ، نماز اور دیگر اعمال کی برکت تبھی حاصل ہوتی ہے جب ہم اللہ کی مقرر کردہ ہدایات کے مطابق محنت اور لگن سے عمل کریں۔ قرآن میں بار بار دہرانے والی آیات، نماز کے مقررہ انداز، روزے کے اصول سب اسی حکمت کا حصہ ہیں کہ انسان دل و دماغ سے دین کے ساتھ جُڑے۔ اگر آج کے نوجوان آسان راستے تلاش کریں، جیسے تلاوت میں جلدی ختم کرنا، نماز میں ہلکے انداز میں جانا یا دین کی تعلیم میں صرف "شارٹ کٹ" طریقے اختیار کرنا، تو وہ وہی راستہ اختیار کر رہے ہیں جو یہودی نے چرواہے کے ذریعے تجویز کیا تھا، یعنی حقیقت میں نقصان کا راستہ۔ چرواہے کی مثال یہ سکھاتی ہے کہ حقیقی فہم اور بصیرت کے لیے دل صاف اور ایمان مضبوط ہونا ضروری ہے۔ اگر نوجوان اللہ کی عنایت اور قرآن کی روشنی سے اپنے دل کو منور کریں، تو وہ شارٹ کٹس یا آسان راستوں کے فتنہ کو فوراً پہچان سکتے ہیں اور صحیح راستے پر قائم رہ سکتے ہیں۔ نوجوانوں کے لیے واضح ہے: دین میں کوئی شارٹ کٹ نہیں، اور ہر تلاوت، ہر عبادت، ہر معمول اللہ کی حکمت کے مطابق ضروری ہے۔ صرف دل کی روشنی، صبر، محنت اور اللہ کی ہدایت پر اعتماد رکھنے سے ہی دین کا حقیقی فہم اور اثر حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اللہ ہمیں قرآن کا عاشق، اس کا محافظ، اس کے نور سے منور دل اور دین میں صحیح رہنمائی کے لیے محنت کرنے والا بنائے۔ آمین۔

گھریلو ملازمائیں مافیا کا روپ دھار گئیں

محمد سعید آرائیں

کراچی اس لحاظ سے بھی منفرد اور سب سے بڑا شہر ہے جو ملک بھر سے غربت کے باعث کراچی آئی ہوئی خواتین کو بطور ملازمہ روزگار کے مواقع فراہم کرتا ہے اور گھریلو ملازماؤں کی سب سے بڑی تعداد کراچی میں ہے اور ملک بھر سے خصوصاً اندرون سندھ اور جنوبی پنجاب سے کام کرنے والی خواتین پوش علاقوں کی ہی نہیں بلکہ متوسط طبقے کی بھی اہم ضرورت بن کر رہ گئی ہیں۔

کراچی میں بعض ملازماؤں کے مجرمانہ کردار اور ان کے گھروں کی چوریوں میں ملوث ہونے کے بعد کراچی انتظامیہ نے پابندی عائد کی تھی کہ جو لوگ گھریلو ملازمہ، چوکیدار اور ڈرائیوروں کو اپنے گھروں میں کام کے لیے ملازم رکھتے ہیں وہ پہلے ان کی مکمل معلومات حاصل کر لیا کریں اور ان کے شناختی کارڈ کی کاپی، فون نمبر رکھنے کے ساتھ ان کے رہائشی علاقوں میں جا کر ان کی رہائشی تصدیق بھی کر لیا کریں۔

یہ ہدایات انتظامیہ نے شہریوں کے مفاد میں کی تھی مگر لوگوں نے اس کو سنجیدہ نہیں لیا جس کی وجہ سے کراچی ہی نہیں دیگر بڑے شہروں سے بھی ایسی خبریں آتی رہی ہیں کہ ان کے گھروں میں کام کرنے والی نوکرانیوں نے چوریاں کیں اور غائب ہو گئیں۔ مذکورہ چوریوں میں نوکرانیوں پر گھروں سے نقدی اور زیورات چرانے کے الزامات لگائے جاتے ہیں۔

چھوٹی موٹی چوریوں کو نظرانداز بھی کر دیا جاتا ہے ان کی سرزنش کی جاتی ہے یا انہیں فارغ کر کے نئی ملازمہ رکھ لی جاتی ہے اور چوریوں کی بڑی وارداتوں کے بعد پولیس کو چوری کی اطلاع دی جاتی ہے اور جن کے پاس ملازمہ کے شناختی کارڈ کی کاپی یا فون نمبر ہوتے ہیں تو مذکورہ موبائل نمبر بند ملتے ہیں یا اٹینڈ نہیں ہوتے اور جب این آئی سی میں دیے گئے رہائشی علاقوں میں جا کر معلومات کرتے ہیں تو پتا چلتا ہے کہ مذکورہ نوکرانی بہت پہلے وہاں کرائے پر رہتی تھیں بعد میں وہ علاقہ چھوڑ کر کہیں اور چلی گئیں اور ان کی نئی رہائش کا کسی کو پتا نہیں ہوتا۔

ملک بھر میں گھروں میں کام کے لیے جانے والی جو خواتین غربت اور ضرورت کے لیے کراچی یا کسی اور شہروں میں جاتی ہیں تو ان کی نیت صرف ملازمت کی ہوتی ہے، ان کے شناختی کارڈ پر ان کے اندرون ملک کے متعلقہ شہروں کا پتا ہوتا ہے جن کے گھر اپنے ہوتے ہیں اور مجبوری میں اپنے آبائی علاقوں سے روزگار کے حصول کے لیے نکلتے ہیں کیونکہ چھوٹے شہروں میں روزگار کے ذرائع نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں یا وہاں گھروں میں ملازمہ رکھنے کا رواج ہوتا ہے نہ ضرورت۔ اس لیے چھوٹے شہروں یا دیہاتوں سے رکھنے والے مرد و خواتین بڑے شہروں میں آ کر کچی آبادیوں یا پس ماندہ علاقوں میں آ کر کم کرائے کے گھروں میں رہتے ہیں اور وہیں کے پتے کے شناختی کارڈ بنوا لیتے ہیں اور جنہیں اچھا روزگار مل جاتا ہے وہ وہیں رہنے کا فیصلہ کر لیتے ہیں اور ان کے قومی شناختی کارڈ پر عارضی اور مستقل پتا بھی وہیں کا درج ہوتا ہے اور اپنی سہولت کے مطابق کرائے کے گھر بدلتے رہتے ہیں۔

جس طرح ملک میں خیرات مانگنے والوں کا مافیا ہے، اب گھریلو ملازماؤں کا بھی مافیا وجود میں آ چکا ہے اور حال ہی میں کراچی پولیس نے انٹرپول کی مدد سے ملازمہ گینگ کے ایک سربراہ کو سعودی عرب سے گرفتار کیا ہے۔ گرفتار ملزم ملازمہ گینگ کو تمام سہولتیں فراہم کرتا تھا اور وہ خود ویزا لے کر سعودی عرب چلا گیا تھا جس کو سعودی حکومت نے بھی گرفتار کیا تھا اور عدالت سے ملزم کو 9 ماہ کی سزا بھی ہوئی تھی جو پوری ہونے کے بعد ملزم کو کراچی پولیس کی درخواست پر انٹرپول کے حوالے کیا تھا جو اب کراچی پولیس کی تحویل میں ہے۔

بن قاسم پولیس کے مطابق گھریلو ملازمہ گینگ کا یہ سربراہ کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں گینگ چلاتا ہے اور پہلے خواتین کو گھروں میں کام دلانے کے بعد ان کے ذریعے سونا اور نقدی چوری کرواتا ہے۔ ملزم اپنے گینگ میں شامل خواتین کو ٹرانسپورٹ سمیت تمام سہولتیں فراہم کرتا تھا اور اس کے گینگ کی متعدد خواتین کو کراچی کے درخشاں اور اسٹیل ٹاؤن پولیس نے گرفتار کیا جن سے تفتیش پر گینگ چلانے والے اس سرغنہ کا پتا چلا اور اسے گرفتار کرایا گیا۔ بڑے لوگوں کے گھروں میں ملازماؤں کی چوری کا علم ہونے پر ان پر جسمانی تشدد کی خبریں میڈیا میں آتی رہی ہیں۔ گزشتہ دنوں کسی بڑے گھرانے سے کروڑوں روپے چرانے والی ملازمہ بھی گرفتار ہوئی تھی جو اپنا گینگ چلا رہی تھی۔

بعض ملازماؤں نے گھروں سے کروڑوں روپے کے زیور اور مختلف ملکوں کی کرنسی بھی چرائی مگر مالکان نے پولیس کے خوف سے مقدمات درج کرانے سے گریز کیا اور مالی نقصان برداشت کر لیا، اس مافیا میں گھروں میں کام کرنے والی ایسی خواتین بھی شامل ہیں جو گھروں کے کچرے کے شاپر گلیوں میں چپکے سے پھینک جاتی ہیں یا دوسروں کے دروازوں پر رکھ کر فرار ہو جاتی ہیں۔

کراچی اس لحاظ سے بھی منفرد اور سب سے بڑا شہر ہے جو ملک بھر سے غربت کے باعث کراچی آئی ہوئی خواتین کو بطور ملازمہ روزگار کے مواقع فراہم کرتا ہے اور گھریلو ملازماؤں کی سب سے بڑی تعداد کراچی میں ہے اور ملک بھر سے خصوصاً اندرون سندھ اور جنوبی پنجاب سے کام کرنے والی خواتین پوش علاقوں کی ہی نہیں بلکہ متوسط طبقے کی بھی اہم ضرورت بن کر رہ گئی ہیں۔

کراچی میں بعض ملازماؤں کے مجرمانہ کردار اور ان کے گھروں کی چوریوں میں ملوث ہونے کے بعد کراچی انتظامیہ نے پابندی عائد کی تھی کہ جو لوگ گھریلو ملازمہ، چوکیدار اور ڈرائیوروں کو اپنے گھروں میں کام کے لیے ملازم رکھتے ہیں وہ پہلے ان کی مکمل معلومات حاصل کر لیا کریں اور ان کے شناختی کارڈ کی کاپی، فون نمبر رکھنے کے ساتھ ان کے رہائشی علاقوں میں جا کر ان کی رہائشی تصدیق بھی کر لیا کریں۔

یہ ہدایات انتظامیہ نے شہریوں کے مفاد میں کی تھی مگر لوگوں نے اس کو سنجیدہ نہیں لیا جس کی وجہ سے کراچی ہی نہیں دیگر بڑے شہروں سے بھی ایسی خبریں آتی رہی ہیں کہ ان کے گھروں میں کام کرنے والی نوکرانیوں نے چوریاں کیں اور غائب ہو گئیں۔ مذکورہ چوریوں میں نوکرانیوں پر گھروں سے نقدی اور زیورات چرانے کے الزامات لگائے جاتے ہیں۔

چھوٹی موٹی چوریوں کو نظرانداز بھی کر دیا جاتا ہے ان کی سرزنش کی جاتی ہے یا انہیں فارغ کر کے نئی ملازمہ رکھ لی جاتی ہے اور چوریوں کی بڑی وارداتوں کے بعد پولیس کو چوری کی اطلاع دی جاتی ہے اور جن کے پاس ملازمہ کے شناختی کارڈ کی کاپی یا فون نمبر ہوتے ہیں تو مذکورہ موبائل نمبر بند ملتے ہیں یا اٹینڈ نہیں ہوتے اور جب این آئی سی میں دیے گئے رہائشی علاقوں میں جا کر معلومات کرتے ہیں تو پتا چلتا ہے کہ مذکورہ نوکرانی بہت پہلے وہاں کرائے پر رہتی تھیں بعد میں وہ علاقہ چھوڑ کر کہیں اور چلی گئیں اور ان کی نئی رہائش کا کسی کو پتا نہیں ہوتا۔

ملک بھر میں گھروں میں کام کے لیے جانے والی جو خواتین غربت اور ضرورت کے لیے کراچی یا کسی اور شہروں میں جاتی ہیں تو ان کی نیت صرف ملازمت کی ہوتی ہے، ان کے شناختی کارڈ پر ان کے اندرون ملک کے متعلقہ شہروں کا پتا ہوتا ہے جن کے گھر اپنے ہوتے ہیں اور مجبوری میں اپنے آبائی علاقوں سے روزگار کے حصول کے لیے نکلتے ہیں کیونکہ چھوٹے شہروں میں روزگار کے ذرائع نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں یا وہاں گھروں میں ملازمہ رکھنے کا رواج ہوتا ہے نہ ضرورت۔ اس لیے چھوٹے شہروں یا دیہاتوں سے رکھنے والے مرد و خواتین بڑے شہروں میں آ کر کچی آبادیوں یا پس ماندہ علاقوں میں آ کر کم کرائے کے گھروں میں رہتے ہیں اور وہیں کے پتے کے شناختی کارڈ بنوا لیتے ہیں اور جنہیں اچھا روزگار مل جاتا ہے وہ وہیں رہنے کا فیصلہ کر لیتے ہیں اور ان کے قومی شناختی کارڈ پر عارضی اور مستقل پتا بھی وہیں کا درج ہوتا ہے اور اپنی سہولت کے مطابق کرائے کے گھر بدلتے رہتے ہیں۔

جس طرح ملک میں خیرات مانگنے والوں کا مافیا ہے، اب گھریلو ملازماؤں کا بھی مافیا وجود میں آ چکا ہے اور حال ہی میں کراچی پولیس نے انٹرپول کی مدد سے ملازمہ گینگ کے ایک سربراہ کو سعودی عرب سے گرفتار کیا ہے۔ گرفتار ملزم ملازمہ گینگ کو تمام سہولتیں فراہم کرتا تھا اور وہ خود ویزا لے کر سعودی عرب چلا گیا تھا جس کو سعودی حکومت نے بھی گرفتار کیا تھا اور عدالت سے ملزم کو 9 ماہ کی سزا بھی ہوئی تھی جو پوری ہونے کے بعد ملزم کو کراچی پولیس کی درخواست پر انٹرپول کے حوالے کیا تھا جو اب کراچی پولیس کی تحویل میں ہے۔

بن قاسم پولیس کے مطابق گھریلو ملازمہ گینگ کا یہ سربراہ کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں گینگ چلاتا ہے اور پہلے خواتین کو گھروں میں کام دلانے کے بعد ان کے ذریعے سونا اور نقدی چوری کرواتا ہے۔ ملزم اپنے گینگ میں شامل خواتین کو ٹرانسپورٹ سمیت تمام سہولتیں فراہم کرتا تھا اور اس کے گینگ کی متعدد خواتین کو کراچی کے درخشاں اور اسٹیل ٹاؤن پولیس نے گرفتار کیا جن سے تفتیش پر گینگ چلانے والے اس سرغنہ کا پتا چلا اور اسے گرفتار کرایا گیا۔ بڑے لوگوں کے گھروں میں ملازماؤں کی چوری کا علم ہونے پر ان پر جسمانی تشدد کی خبریں میڈیا میں آتی رہی ہیں۔ گزشتہ دنوں کسی بڑے گھرانے سے کروڑوں روپے چرانے والی ملازمہ بھی گرفتار ہوئی تھی جو اپنا گینگ چلا رہی تھی۔

بعض ملازماؤں نے گھروں سے کروڑوں روپے کے زیور اور مختلف ملکوں کی کرنسی بھی چرائی مگر مالکان نے پولیس کے خوف سے مقدمات درج کرانے سے گریز کیا اور مالی نقصان برداشت کر لیا، اس مافیا میں گھروں میں کام کرنے والی ایسی خواتین بھی شامل ہیں جو گھروں کے کچرے کے شاپر گلیوں میں چپکے سے پھینک جاتی ہیں یا دوسروں کے دروازوں پر رکھ کر فرار ہو جاتی ہیں۔

میری پسند (پہلا حصہ)

رئیس فاطمہ

نہ وہ زمانہ رہا نہ فیض صاحب کہ کہہ سکیں:

لکھتے رہے جنوں کی حکایاتِ خونچکاں
ہر چند اس میں ہاتھ ہمارے قلم ہوئے

کیا خوبصورت شعر ہے اور لفظ ''قلم'' کو کس طرح ذو معنی انداز میں بیان کیا ہے کیسی خاموشی طاری ہے، سب کچھ وہی ہے جو برسوں سے ہوتا چلا آ رہا ہے۔ میڈیا پر کچھ ایسا پڑھ کر پھونک دیا گیا ہے کہ جیسے پرانی کہانیوں میں ہوتا تھا کہ راہ طلب کے مسافر کو کوئی سنجیدہ بزرگ یہ کہہ دیا کرتے تھے کہ ''میاں تین کھونٹ جانا چوتھے کھونٹ کی طرف دیکھنا بھی نہیں ورنہ پتھر کے ہو جاؤ گے۔'' اب ہمارا میڈیا بھی چوتھا کھونٹ ہو گیا ہے، ایک نامعلوم سی چپ سب کو لگ گئی ہے۔ یوں کہنے کو 24/7 پروگرام ہو رہے ہیں، ٹاک شوز میں وہ دم خم نہ رہا جو پہلے تھا۔

سب کچھ چوتھے کھونٹ کی موجودگی ہے، لکھنے والے کالم بھی لکھ رہے ہیں لیکن جب سے میڈیا پر صور پھونکا گیا ہے، نہ کالموں میں مزہ رہا نہ ٹاک شوز میں وہ گرما گرمی رہی جو پہلے تھی۔ ایسے دور پہلے بھی آئے ہیں جب ڈکٹیٹروں نے آئین کو پامال کیا، سوچ پر پہرے بٹھائے گئے لیکن ایک رکھ رکھاؤ تھا جواب ناپید ہے۔ جیسا سناٹا آج کل طاری ہے ایسا ماحول پہلے کبھی نہ تھا۔ اب یہی سوچتے دن گزر جاتا ہے کہ کیا لکھیں؟ اگر کسی لیڈر کا نام لکھ دیا تو ہمارا قلم مورد الزام ٹھہرے گا، سچ بولنا ممنوع ہے، کوئی نیا پریس اینڈ پبلی کیشن آرڈی نینس نافذ نہیں ہوا، لیکن میڈیا پر کوئی ایسا صور اسرافیل پڑھ کر پھونکا گیا ہے کہ سب خاموش ہیں، کوئی نایاب خوشبو سنگھائی گئی ہے جو سب چادر اوڑھ کر سو رہے ہیں، تب کتابوں پہ لکھنا شروع کر دیا، قارئین نے پسند کیا، لیکن سیاست پر پابندی کے بعد کالم لکھنے کا مزہ نہ رہا۔ پھونک پھونک کے قلم چلانے میں ایک بے کیفی پیدا ہو گئی۔ تب سوچا کہ ایک کالم موسیقی پر لکھا جائے، موسیقی، خاص کر نیم کلاسیکل موسیقی میری بہت بڑی کمزوری ہے۔ شعور کی آنکھ کھلتے ہی جو دیکھا تو گھر کو کتابوں سے بھرا پایا، موسیقی کے معاملے میں میرے والد مجھے ''کن رسیا'' کہتے تھے۔

دادی کو نعتیں سننے کا شوق تھا، والد کلاسیکل موسیقی کے تربیت یافتہ تھے، ستار اور وائلن بہت اچھا بجاتے تھے، سول سروسز میں ہونے کے باوجود موسیقی سننا اور کتابیں پڑھنا ان کا اولین مشغلہ تھا۔ اسی کتاب دوستی اور موسیقی کی نرم آوازوں کے ساتھ ہم بہن بھائیوں کی پرورش ہوئی۔ میری والدہ کو امیر خسرو کے دوہے، اور گیت بہت پسند تھے۔ امیر خسرو کا ایک منڈھا'' کاہے کو بیاہی بدیس رے لکھیا بابل مورے'' سارے گھر کو پسند تھا، منڈھا اس گیت کو کہا جاتا ہے جو لڑکی کے وداع ہوتے وقت عورتیں گاتی تھیں، اس منڈھے کو مظفر علی نے نہایت خوبصورتی سے فلم امراؤ جان میں فلم بند کیا ہے۔ جب امراؤ جان ایک مجرے کے لیے لکھنؤ آتی ہے تو وہ اپنے والدین کے گھر کے قریب آتی ہے اور جب محلے میں پہنچتی ہے تو اسے سارے مناظر یاد آ جاتے ہیں۔ موسیقی تو ایک سمندر ہے، کہا جاتا ہے کہ موسیقی روح کی غذا ہے اور یہ بالکل سچ ہے۔ آپ غم زدہ ہیں تو موسیقی آپ کو سہارا دے گی، خوش ہوں گے تب بھی موسیقی آپ کے جذبات سے ہم آہنگ ہو جائے گی۔

آج میں ان فلمی گیتوں کی بات کروں گی جو مجھے بہت پسند ہیں۔ فلمی موسیقی میں بھی بڑے کمال کے گیت لکھے گئے اور کمال کی موسیقی سے انھیں مزین کیا گیا۔ بڑے قدم آور اور مہان شاعروں نے فلمی گیت لکھے، جیسے کیفی اعظمی مجاز، جاں نثار اختر، ساحر لدھیانوی، سیف الدین سیف، مجروح سلطان پوری وغیرہ وغیرہ۔ اور اسی طرح بڑے موسیقاروں نے ان گیتوں کو موسیقی کی مالا میں پرو دیا۔ پاکستان میں بھی ابتدائی طور پر جو فلمیں بنیں ان میں اعلیٰ درجے کی موسیقی ترتیب دی گئی۔ جیسے حسن طارق کی فلمیں انجمن، تہذیب، امراؤ جان، کوئل، انصاف اور آدمی، عندلیب وغیرہ۔ خواجہ خورشید انور، رشید عطرے اور نثار بزمی جیسے ماہر موسیقاروں نے خوبصورت نغمے تخلیق کیے۔ موسیقی، خوشبو اور ادب کی کوئی سرحد نہیں ہوتی۔ یہ تو خود بخود انسان کے وجود کو متاثر کرتی ہے۔ یہاں میں صرف ان گیتوں کا ذکر کروں گی جو مجھے بہت پسند ہیں۔

سب سے پہلے ذکر ہو جائے کندن لال سہگل کا جن کی گائیکی کا کسی سے کوئی مقابلہ نہیں۔ سہگل ایک مہان گائیک تھے، وہ برصغیر کے پہلے سپر اسٹار تھے۔ یہی نہیں بلکہ پہلے پلے بیک سنگر بھی تھے۔ سہگل کا جنم 1904 میں جموں میں ہوا تھا۔ جو شہرت سہگل کے حصے میں آئی وہ کسی اور گائیک کے حصے میں نہیں آئی۔ وہ صرف گائیک نہیں تھے بلکہ اداکار بھی تھے۔ سہگل کے بے شمار گانے ہیں سارے ہی بہت پراثر ہیں لیکن یہ گیت مجھے بہت پسند ہیں:

1۔ جب دل ہی ٹوٹ گیا ہم جی کے کیا کریں گے

الفت کا دیا ہم نے اس دل میں جلایا تھا
امید کے پھولوں سے اس گھر کو سجایا جاتا
اک بھیدی لوٹ گیا ہم جی کے کیا کریں گے
معلوم نہ تھا اتنی مشکل ہیں میری راہیں
ارماں کے بہے آنسو حسرت نے بھری آہیں
(فلم شاہجہاں، 1946)

2۔ غم دیے مستقل کتنا نازک دل یہ نہ جانا
ہائے ہائے یہ ظالم زمانہ

3۔ بالم آئے بسو مورے من میں
(فلم دیوداس، 1935)
ساون آیا تم نہ آئے

4۔ بابل مورا نیہر چھوٹو ہی جائے (دیوداس)
تم بن رسیا کچھ نہ بھائے

مکیش کو بھی شہرت اس وقت نصیب ہوئی جب انھوں نے فلم ''آگ'' میں یہ گیت سہگل کے انداز میں گایا۔ میں بھی ایک عرصے تک یہی سمجھتی رہی کہ یہ گیت سہگل کا ہے لیکن میرے بڑے بھائی نے اس کی تصحیح کی اور بتایا کہ یہ گیت مکیش کا ہے:

زندہ ہوں اس طرح کہ غم زندگی نہیں
جلتا ہوا دیا ہوں مگر روشنی نہیں

فلم ''آگ'' 1948 میں بنی تھی لیکن مکیش کی ایک اور فلم ''پہلی نظر'' جو 1945 میں بنی تھی جس کا سنگیت دیا تھا انل بسواس نے اور اس کے شاعر تھے صفدر سیتاپوری۔ یہ گیت بھی سہگل کی طرز پر مکیش نے گایا تھا اور بہت مقبول ہوا تھا۔ موسیقی کے دیوانے بہت عرصے تک دونوں گیتوں کو سہگل کے گیت سمجھتے رہے:

دل جلتا ہے تو جلنے دے آنسو نہ بہا فریاد نہ کر
تو پردہ نشیں کا عاشق ہے یوں نام وفا برباد نہ کر

خیبر پختونخوا کی خبریں

اجتماع عام سے نظام کی مکمل تبدیلی کی ملک گیر تحریک کا آغاز ہوگا، حافظ نعیم

گریٹر اقبال پارک کے تین سو انتیس ایکڑ پر انسانوں کا سمندر نظر آئے گا، مینار پاکستان پر تقریب سے خطاب

لاہور (صباح نیوز) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ اجتماع عام کے موقع پر جماعت اسلامی نظام کی مکمل تبدیلی کے لیے منظم ملک گیر جدوجہد کا آغاز کرے گی۔ ہماری مزاحمتی تحریک آئینی فریم ورک کے اندر ہوگی۔ بدل دو نظام کے نعرہ کے تحت مینار پاکستان پر ہونے والا اجتماع عام دنیا کی حالیہ سیاسی تحریکوں کا سب سے بڑا اجتماع ہوگا۔ گریٹر اقبال پارک کے تین سو انتیس ایکڑ میں انسانوں کا سمندر نظر آئے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو مینار پاکستان گراؤنڈ میں اجتماع عام کے مرکزی کیمپ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب اور بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ افتتاحی تقریب کے اہم شرکا میں نائب امرا لیاقت بلوچ، پروفیسر محمد ابراہیم، میاں محمد اسلم، ڈاکٹر اسامہ رضی، ڈاکٹر عطاالرحمٰن، ڈپٹی سیکریٹریز اظہر اقبال حسن، مولانا عبدالحق ہاشمی شیخ عثمان فاروق، ممتاز سہتو، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری، امیر پنجاب شمالی ڈاکٹر طارق سلیم، امیر ہزارہ عبدالرزاق عباسی، امیر لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ شامل تھے۔ ڈپٹی سیکریٹری وقاص انجم جعفری نے نظامت کے فرائض سرانجام دیے۔ امیر جماعت حافظ نعیم الرحمٰن نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور ناظم اجتماع کی متعلقہ امور کو احسن طریقے سے انجام دینے پر تحسین کی۔ انہوں نے ترکی میں ایک سو انتیس ایکڑ پر ہونے والے دنیا کی حالیہ تاریخ کے سب سے بڑے سیاسی اجتماع کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ جماعت اسلامی کا اکیس، بائیس اور تئیس نومبر کو ہونے والا اجتماع ترکی کا ریکارڈ توڑ دے گا۔ انھوں نے کہا کہ اجتماع عام میں عالم اسلام کے پویلین قائم کریں گے۔ تاجر، صنعتکار، نوجوان اور طلبا تحریکوں کے کارکنان اور رہنما جمع ہوں گے۔ اس موقع پر قومی معاشی پالیسی کی قرارداد پاس ہوگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ سود کی لعنت کے ہوتے ہوئے معیشت بہتر نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے کہا کہ اجتماع عام میں خواتین کی بہت بڑی تعداد جمع ہوگی جن کے لیے علیحدہ انتظامات کیے گئے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا جماعت اسلامی اجتماع عام کے موقع پر قوم کے سامنے تعلیم کے شعبہ میں بہتری، عدالتی اصلاحات کا مکمل ایجنڈا پیش کرے گی۔ استحصالی نظام نے مزدوروں، چھوٹے کسانوں کو کچل کر رکھ دیا ہے، زراعت میں کارپوریٹ سیکٹر کا نیا رجحان جاگیرداری نظام کا تسلسل ہے، ملک میں افسر شاہی اپنے آپ کو حاکم تصور کرتی ہے، سیاست وراثت، خاندان اور ذات کے گرد گھوم رہی ہے۔ ان حالات میں ایک منظم سیاسی جماعت ہی فرسودہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ سکتی ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ جماعت اسلامی نے آئی پی پیز کے خلاف کامیاب تحریک چلائی، جس کے نتیجہ میں قوم کو سستی بجلی ملی اور خزانہ کو اربوں کا فائدہ ہوا۔ اجتماع عام سے نظام کی تبدیلی کی منظم ملک گیر تحریک کا آغاز ہوگا۔ صحافیوں کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے چھبیسویں ترمیم کو مکمل طور پر مسترد کیا اور اس موقع پر اپوزیشن کو حکومت سے بات چیت میں نہ الجھنے کا مشورہ بھی دیا تھا۔ ہم مجوزہ ستائیسویں ترمیم کو بھی مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں۔ نائب امیر اور ناظم اجتماع عام لیاقت بلوچ نے انتظامات سے متعلق بریفنگ دی اور بتایا کہ انتظامی امور کے لیے چار سو کے قریب ارکان پر مشتمل سینتیس کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں۔ اجتماع عام میں شرکت کے لیے آن لائن رجسٹریشن کا آغاز ہو چکا ہے، تمام پروگرامات سوشل میڈیا پر براہ راست نشر ہوں گے، معلومات سے مکمل آگاہی کے لیے خصوصی ویب سائٹ اور ایپ تیار کی گئی ہے۔ جماعت اسلامی کے چھبیسویں سالانہ اجتماع کے لیے دس ترانے بھی تیار ہوئے ہیں۔

لاہور، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن مینار پاکستان گراؤنڈ میں اجتماع عام کے مرکزی کیمپ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

ریکٹر کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد پروفیسر ڈاکٹر راحیل قمر T.I، ایبٹ آباد کیمپس کے ملازمین سے خطاب کر رہے ہیں

صوابی، پیشہ ور گداگروں نیٹ ورک کیخلاف کارروائی

کارروائی کے دوران بھکاریوں کو پکڑا گیا

صوابی (بیورو رپورٹ) صوبائی حکومت کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر صوابی نصر اللہ خان کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ٹوپی ڈاکٹر عثمان خان نے ڈسٹرکٹ افیسر سوشل ویلفیئر صوابی اور مقامی پولیس کے ہمراہ ٹوپی ضلع صوابی میں پیشہ ور گداگروں نیٹ ورک کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران مختلف مقامات کا دورہ کر کے بھکاریوں کو پکڑا گیا اور ان سے بیان حلفی وصول کر کے سختی سے متنبہ کیا کہ آئندہ اس اقدام سے باز رہیں۔ بصورت دیگر سب گداگروں کو گرفتار کر کے محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر نگرانی قائم شدہ مراکز میں بھیجوایا جائے گا۔ اس کے علاوہ اسسٹنٹ کمشنر نے ٹوپی کے علاقہ ھگہ میں موجود غیر قانونی طور پر مقیم خانہ بدوشوں کی جونپڑیوں کا معائنہ کیا۔ زیادہ تر گداگروں کا تعلق ان خاندانوں سے تھا جس کی بنیاد پر ان کے سربراہان کو جلد از جلد کسی اور جگہ شفٹ ہونے کی تلقین کی گئی۔

فلپائن میں سمندری طوفان کالمیگینے تباہی مچادی، 140افراد ہلاک

سیلابی پانی گاڑیاں، دریائی کناروں پر بنے کچے مکانات، بڑے شپنگ کنٹینرز بھی بہالے گیا

منیلا (انٹرنیشنل ڈیسک) فلپائن میں ہولناک سمندری طوفان کالمیگینے تباہی مچادی، طوفان سے متعلقہ حادثات میں کم از کم 140 افراد ہلاک ہو گئے جبکہ 127 لاپتہ ہیں۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایک روز قبل آنے والے غیر معمولی قرار دیے جانے والے سیلابی پانی نے صوبے کے مختلف شہروں اور قصبوں کو لپیٹ میں لے لیا، پانی گاڑیاں، دریائی کناروں پر بنے کچے مکانات اور یہاں تک کہ بڑے شپنگ کنٹینرز بھی بہالے گیا۔ فلپائن کے صدر فرڈینانڈ مارکوس نے ملک میں قومی آفت کی صورتحال نافذ کرتے ہوئے امدادی فنڈز کے اجرا اور ضروری اشیا کی قیمتوں پر کنٹرول کا حکم دیا ہے۔ مقامی محکمہ موسمیات کی ماہر چارمیگن واریلا نے بتایا کہ سیبوسٹی کے اردگرد کے علاقے میں طوفان سے 24 گھنٹے قبل 183 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی تھی، جو اس علاقے کے ماہانہ اوسط 131 ملی میٹر سے کہیں زیادہ تھی۔ صوبائی گورنر پامیلا بریکواترو نے صورتحال کو غیر معمولی اور تباہ کن قرار دیا ہے۔

سوات، سابق وی ڈی سی ممبر مفتاح الدین قتل کیس کا ڈراپ سین

مرکزی ملزم محمد بادشاہ ولد بحری بوستان ساکن تیلی آباد کانجو کو گرفتار کرلیا گیا

سوات (بیورو رپورٹ) سوات پولیس اور کاونٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کی مشترکہ کارروائی کے نتیجے میں کانجو میں امن کمیٹی کے سابق رکن مفتاح الدین عرف جیتا کے قتل میں ملوث مرکزی ملزم محمد بادشاہ ولد بحری بوستان ساکن تیلی آباد کانجو کو گرفتار کرلیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات محمد عمر گنڈاپور نے ڈی ایس پی کبل امجد علی اور ایس ایچ او تھانہ کانجو زاہد اللہ کے ہمراہ میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ دو روز قبل 4 نومبر 2025ء کو تھانہ کانجو کی حدود میں شہید بابا گورنمنٹ پرائمری اسکول کے قریب نامعلوم حملہ آور نے مفتاح الدین پر فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ واقعے کے بعد پولیس اور سی ٹی ڈی نے مشترکہ طور پر شواہد اکٹھے کیے اور جدید ٹیکنیکل ذرائع، سی سی ٹی وی فوٹیجز اور خفیہ معلومات کی مدد سے مشتبہ افراد کو حراست میں لیا۔ دوران تفتیش ملزم نے اعتراف کیا کہ مقتول کے ساتھ مالی لین دین کا تنازعہ چل رہا تھا، جس میں مرغ ڈیلر انور خان سے ایک لاکھ چھیاسی ہزار روپے مالیت کی مرغیاں لی گئی تھیں جن کی ادائیگی کی ذمہ داری اس نے خود لی تھی، تاہم رقم واپس نہ کرنے پر تلخ کلامی کے بعد اس نے غصے میں آ کر مفتاح الدین کو شہید بابا اسکول کے قریب فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کی نشاندہی پر آلہ قتل برآمد کرلیا گیا ہے جبکہ مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

رفح کی سرنگوں کا بحران حماس کو غیر مسلح کرنے کا ماڈل بن رہا ہے، امریکا

ہم چاہتے ہیں کہ یہ ایک تجرباتی کیس بنے جسے بعد میں غزہ کے دیگر علاقوں تک وسیع کیا جاسکے، عہدیدار

واشنگٹن (انٹرنیشنل ڈیسک) صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ غزہ کی پٹی میں رفح کے جنوب میں اسرائیلی افواج کی لائنوں کے پیچھے سرنگوں میں پھنسے حماس کے مسلح افراد سے متعلق بحران کو اس مقصد کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کر رہی ہے کہ حماس کو غیر مسلح کرنے کے لیے ایک ماڈل تیار کیا جائے جو بعد میں نافذ کیا جا سکے۔ اس بات کا انکشاف دو امریکی اہل کاروں نے کیا۔ دونوں افراد نے بتایا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے یہ خیال اسرائیل کو ایک ایسے ماڈل کے طور پر پیش کیا ہے، جس کی بنیاد پر حماس کو پرامن طریقے غیر مسلح کیا جا سکے۔ مذکورہ اہل کاروں میں سے ایک نے بتایا کہ ہم چاہتے ہیں کہ یہ ایک تجرباتی کیس بنے جسے بعد میں غزہ کے دیگر علاقوں تک وسیع کیا جا سکے، مگر اسرائیلی موقف ہمیشہ کی طرح سخت ہے۔ تاہم اہل کار نے واضح کیا کہ اس خیال پر مذاکرات اب بھی جاری ہیں۔ دوسرے امریکی اہلکار نے کہا کہ اسرائیلی جانب کو بالغ نظری کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور کوئی ایسی تکنیکی بحرانی صورتحال ... تزویراتی معاملے یعنی غزہ کے معاہدے کو کمزور نہ کرے۔ ٹرمپ نے حال ہی میں کئی بار اعلان کیا کہ اگر حماس اپنے اسلحے کو نہیں چھوڑے گی تو اسرائیل اسے تباہ کر دے گا، مگر ان کے نمائندے ایسا حل تلاش کرنا چاہتے ہیں جو جنگ کی طرف واپسی سے روکے۔ اس کی مخالفت میں اسرائیل کو شک ہے کہ آیا حماس سفارت کاری کے ذریعے اپنے ہتھیار چھوڑے گی یا نہیں، اور بہت سے لوگ وزیر اعظم بن یامین نیتن یاہو کی قیادت میں دائیں بازو کے سخت گیر اتحاد میں یہ سمجھتے ہیں کہ حماس کے ارکان کو معافی دینا ناقابل قبول ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

چیئرمین ڈیڈیک سے ایکسین مواصلات وتعمیرات کی ملاقات

حلقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، زیر تکمیل کاموں بارے بریفنگ

سوات (بیورو رپورٹ) چیئرمین ڈیڈیک وممبر صوبائی اسمبلی اختر خان ایڈووکیٹ سے ایکسین محکمہ مواصلات وتعمیرات نے ڈیڈیک آفس سوات میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران حلقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور زیر تکمیل کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اختر خان ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا عمران خان کے وژن کے مطابق شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل ہماری اولین ترجیح ہے۔ عوامی فلاح کے منصوبے اعلیٰ معیار پر مکمل کیے جائیں تاکہ عوام کا اعتماد برقرار رہے اور ترقی کا عمل تیز تر ہو۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی مسلسل نگرانی اور موثر جانچ پڑتال ناگزیر ہے تاکہ معیار و مقدار میں کوئی کمی نہ ہو۔ ایکسین محکمہ مواصلات وتعمیرات نے یقین دہانی کرائی کہ تمام منصوبے مقررہ وقت پر مکمل کیے جائیں گے اور محکمہ کی جانب سے کسی قسم کی شکایت یا تاخیر نہیں ہوگی۔

☆☆☆☆☆

زرعی شعبے میں خواتین کا کردار نہایت بنیادی اہمیت رکھتا ہے، پروفیسر غزالہ یاسمین

دیہی خواتین ملکی غذائی تحفظ، زرعی پیداوار اور معاشی استحکام میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں، وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی صوابی

صوابی (بیورو رپورٹ) ویمن یونیورسٹی صوابی کی وائس چانسلر ڈاکٹر پروفیسر غزالہ یاسمین نے خواتین کسانوں کی تربیتی ورکشاپ کے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زرعی شعبے میں خواتین کا کردار نہایت بنیادی اہمیت رکھتا ہے اور اس ورکشاپ کا مقصد انہیں جدید، پائیدار اور موسمیاتی موافق کھیتی باڑی کے طریقوں سے آگاہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی خواتین ملکی غذائی تحفظ، زرعی پیداوار اور معاشی استحکام میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں، اس لیے ان کی تکنیکی تربیت اور بااختیاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے تمام منتظمین، متعلقہ اداروں اور یو این ویمن کا خصوصی شکریہ ادا کیا، جن کے تعاون سے یہ پروگرام ممکن ہوا۔ تقریب سے رائل تھائی ایمبیسی کے سفیر رونگ ووڈھی ویرا بتر نے بھی خطاب کیا۔ ان کے ساتھ ایمبیسی کی مس کمولوان سری پوسل (منسٹر - کونسلر)، مسٹر چوننا کانت لزتست (سیکنڈ سیکرٹری) اور پروٹوکول آفیسر مظہر رفیق سنجرانی شریک تھے۔ سفیر نے کہا کہ پاکستان اور تھائی لینڈ دونوں ممالک میں زراعت معاشی ڈھانچے کا بنیادی حصہ ہے اور خواتین اس شعبے کی اصل قوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو زمین کی ملکیت، جدید ٹیکنالوجی تک رسائی، مناسب مارکیٹنگ مواقع اور موسمیاتی تبدیلی جیسے چیلنجز کا سامنا ہے، اس لیے ان کی پیشہ ورانہ تربیت ناگزیر ہے۔ انہوں نے یو این ویمن کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ مشترکہ شراکت دیہی خواتین کو بااختیار بنانے کی مشترکہ کاوش ہے۔ تھائی لینڈ سے خصوصی طور پر آنے والی زرعی ماہر مس جینیفر انیس ٹیلر نے بطور ٹرینر ورکشاپ کی عملی تربیت کی۔ انہوں نے شرکا کو ریجنریٹو ایگریکلچر، مٹی کی بہتری، فصلوں کی صحت، اور چھوٹے زرعی یونٹس کو آمدنی کے موثر ذرائع میں تبدیل کرنے کے طریقوں پر رہنمائی فراہم کی۔ یہ تربیت یو این ویمن کی شراکت سے منعقد ہوئی، جسے شرکا کی جانب سے بے حد سراہا گیا۔ تقریب کے اختتام پر شریک خواتین اور مہمانوں نے اس تربیتی پروگرام کو ایک مثبت اور اہم پیش رفت قرار دیا اور امید ظاہر کی کہ یو این ویمن کے تعاون سے جاری یہ منصوبہ خواتین کسانوں کی معاشی بہتری، عملی مہارتوں میں اضافہ اور پائیدار زرعی طریقوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

دیر، ایک ہفتے پر مشتمل ورکشاپ کامیابی کے ساتھ منعقد

ورکشاپ میں 60 سے زائد طلبا و طالبات نے شرکت کی

دیر (بیورو رپورٹ) ڈی سی نوید اکبر اور ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ افیئرز پشاور ڈاکٹر نعمان مجاہد کی ہدایات پر، ڈسٹرکٹ یوتھ آفس اپر دیر نے ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے "مستقبل کے رہنماں کے لیے شخصیت کی تعمیر اور قائدانہ صلاحیتوں کے فروغ" کے عنوان سے ایک ہفتے پر مشتمل ورکشاپ کامیابی کے ساتھ منعقد کی۔ تقریب تقسیم اسناد دیر ٹاؤن میں منعقد ہوئی۔ ورکشاپ میں 60 سے زائد طلبا و طالبات نے شرکت کی اور کامیابی کے ساتھ کورس مکمل کرنے پر اسناد حاصل کیں۔ ماسٹر ٹرینر عمران خان نے نہایت مفید اور عملی سیشنز کا انعقاد کیا، جن میں شخصیت سازی، ابلاغی مہارتیں، قائدانہ خصوصیات، خود اعتمادی، عوامی خطاب، نظم و ضبط اور اخلاقی رویے جیسے اہم موضوعات شامل تھے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مثبت سوچ، مضبوط کردار اور ذمہ دارانہ طرز عمل مستقبل کے رہنماں کے لیے بنیادی اوصاف ہیں۔ تقریب کے مہمان خصوصی یوتھ چیئرمین ریحان کوٹ سیماب علی خان تھے۔ اپنے خطاب میں انہوں نے منتظمین کی کاوشوں کو سراہا اور نوجوانوں کو نصیحت کی کہ وہ سیکھنے کا عمل جاری رکھیں اور معاشرے کی بہتری میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ "ہمارے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، اور ایسی تربیتیں ان کی خود اعتمادی بڑھانے اور مستقبل سنوارنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔" ڈسٹرکٹ یوتھ آفیسر شہزاد طارق نے تمام شرکا کو مبارکباد دی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ اسی نوعیت کی تربیتی ورکشاپس دیر اپر کے مختلف کالجز اور تحصیلوں میں بھی منعقد کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں پر سرمایہ کاری دراصل روشن، مضبوط اور ذمہ دار مستقبل پر سرمایہ کاری ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

نوشہرہ، جائیداد تنازعہ پر بھائی کے سامنے بھائی کو قتل کر دیا گیا

نوشہرہ (بیورو رپورٹ) نوشہرہ کے علاقہ جلوزئی میں جائیداد تنازعہ پر بھائی کے سامنے بھائی کو قتل کر دیا گیا، ملزمان فرار ہو گئے جبکہ جلوزئی پولیس نے مقتول کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی اس سلسلے میں اسد انور ولد انور خان ساکن غریب آباد بھٹی کیمپ جلوزئی نے پولیس کو یوں رپورٹ درج کراتے ہوئے بتایا کہ میرا بھائی نوید انور ولد انور خان مسعود حجام کی دکان واقع محلہ غریب آباد بھٹی کیمپ جلوزئی میں موجود تھا اور میں دکان کے باہر کھڑا ہوا تھا کہ اس دوران مسمیان فضل عظیم، جمیل پسران محمد الیاس اور فضل امین ولد فضل عظیم ساکنان غریب آباد بھٹی کیمپ جلوزئی مسلح آئے اور دکان کے اندر موجود میرے بھائی نوید انور پر فائرنگ شروع کر دی جس سے وہ لگ کر موقعہ پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او سوات کی زیر صدارت قومی جرگہ کے مشران و علاقائی عمائدین کا جرگہ

مجموعی صورتحال، امن و امان و دیگر اہم انتظامی و عوامی امور پر تفصیلی مشاورت

سوات (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات محمد عمر کی زیر صدارت سوات قومی جرگہ کے مشران و علاقائی عمائدین کا جرگہ منعقد ہوا جس میں ضلع سوات کی مجموعی صورتحال، امن و امان اور دیگر اہم انتظامی و عوامی امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ جرگہ میں علاقائی مشران و عمائدین بشمول عبدالجبار، اختر علی، حاجی زاہد خان، خورشید کاکاجی، صلاح الدین، شیر شاہ خان، جاوید بھائی جان، شیر بہادر ایڈووکیٹ سمیت دیگر معزز اراکین نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سوات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے جرگہ کے شرکا کو خوش آمدید کہا اور علاقے میں قیام امن اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون پر ان کے مثبت کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ جرگے میں طے پانے والے فیصلوں پر ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے خاطر خواہ عملدرآمد کیا گیا ہے اور عوامی فلاح و تحفظ کے لیے مزید اقدامات جاری ہیں۔ اجلاس کے دوران عمائدین نے اپنے تحفظات، آرا اور تجاویز پیش کیں جنہیں ڈپٹی کمشنر سوات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات نے توجہ سے سنا اور اطمینان بخش جوابات فراہم کیے۔ ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت نے اس موقع پر کہا کہ ضلع سوات کے عوام باشعور، غیور اور امن پسند ہیں جنہوں نے ہمیشہ قانون کی پاسداری اور امن کے قیام میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی قیمت پر ضلع کے امن و امان کو متاثر نہیں ہونے دیا جائے گا اور ترقی و خوشحالی کے سفر کو جاری رکھا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات محمد عمر نے اجلاس کے شرکا کو ضلع بھر میں پولیس کے حالیہ اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ امن و امان کے تسلسل کے لیے نئی پولیس چوکیاں قائم کی گئی ہیں، حساس علاقوں میں گشت اور ناکوں کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے جبکہ مختلف کارروائیوں میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق مؤثر اقدامات عمل میں لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس عوام کے تعاون سے کسی بھی قسم کی بدامنی کو برداشت نہیں کرے گی اور ضلع میں دیرپا امن کے قیام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے عمائدین پر زور دیا کہ وہ انتظامیہ اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھیں تاکہ ضلع سوات کو مزید پرامن اور محفوظ بنایا جا سکے۔ جرگہ کے اختتام پر خطے اور خصوصاً ملک کے امن واستحکام کے لیے اجتماعی دعا مانگی گئی۔

دیر بالا، ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں بھاری مشینری کے ذریعے تجاوزات کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے

ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے کے لیے امریکی قرارداد سلامتی کونسل میں پیش

ٹرمپ کی جرات مندانہ قیادت کی بدولت امریکہ اقوام متحدہ میں عملی نتائج حاصل کرے گا، ترجمان

نیویارک (انٹرنیشنل ڈیسک) امریکہ نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں غزہ کی پٹی کے لیے امن منصوبے کی حمایت میں ایک قرارداد پیش کی۔ یہ بات اقوام متحدہ میں امریکی مشن نے بتائی۔ امریکی مشن کے ایک ترجمان کے مطابق، امریکی مندوب مائیک والٹز نے کونسل کے دس منتخب اراکین کے ساتھ ساتھ علاقائی شراکت داروں مصر، قطر، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور ترکی کو بھی اکٹھا کیا۔ یہ اس مسودے کے لیے علاقائی حمایت کی علامت ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ یہ قرارداد جس پر ووٹنگ کی تاریخ ابھی طے نہیں کی گئی ہے، اس امن کونسل کا خیر مقدم کرتی ہے جس کی قیادت ڈونلڈ ٹرمپ کریں گے تاکہ غزہ میں عبوری حکومت کی نگرانی کی جا سکے۔ یہ قرارداد بین الاقوامی استحکام فورس کو بھی اختیار دیتی ہے جو صدر ٹرمپ کے 20 نکاتی امن منصوبے میں شامل ہے۔ امریکی ترجمان نے کہا کہ صدر ٹرمپ کی جرات مندانہ قیادت کی بدولت امریکہ اقوام متحدہ میں عملی نتائج حاصل کرے گا، بجائے اس کے کہ بے نتیجہ بحثیں جاری رہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ فریقین نے اس تاریخی موقع سے فائدہ اٹھایا ہے تاکہ دہائیوں سے جاری خون ریزی کا خاتمہ ہو اور صدر کے مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن کے وژن کو حقیقت میں بدلا جا سکے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

شازیہ مری کی بانی پی ٹی آئی کے بیان کی مذمت

بیان ایک خود پسند شخص کا اعتراف ہے جو اقتدار کیلئے پاکستان کو نقصان پہنچانے پر آمادہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے بانی پی ٹی آئی کے بیان کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک خود پسند شخص کا اعتراف ہے جو اقتدار کیلئے پاکستان کو نقصان پہنچانے پر آمادہ ہے۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ عمران خان کا ایکس پر پیغام قابل مذمت ہے، یہ ایک خود پسند شخص کا اعتراف ہے جو اقتدار کیلئے پاکستان کو نقصان پہنچانے پر آمادہ ہے، عمران کے الفاظ مودی کی زبان اور دشمنوں کے بیانیے سے ملتے ہیں۔ شازیہ مری نے کہا کہ عمران کی سیاست نے اداروں کو کمزور اور قوم کو تقسیم کیا، اقتدار کی ہوس نے عمران نیازی کے اخلاقی وقومی حدود مٹا دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سیاست نہیں، پاکستان دشمن مہم ہے، پیپلز پارٹی جمہوریت، اداروں اور آئین کے دفاع میں پرعزم ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

افغان خواتین پر تعلیمی، طبی اور سماجی پابندیاں برقرار

جولائی تا ستمبر 2025 کے عرصے میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں دیکھی گئیں، عالمی رپورٹ

کابل (انٹرنیشنل ڈیسک) اقوام متحدہ کے امدادی مشن برائے افغانستان (یوناما) نے اپنی تازہ سہ ماہی رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ طالبان کے زیر اقتدار افغانستان میں خواتین کے بنیادی حقوق بدستور سلب ہیں اور ان پر تعلیم، روزگار اور نقل و حرکت سمیت متعدد پابندیاں برقرار ہیں۔ رپورٹ کے مطابق جولائی تا ستمبر 2025 کے عرصے میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں دیکھی گئیں، خاص طور پر خواتین اور نوجوان لڑکیوں پر سخت پابندیاں بدستور نافذ ہیں۔ یوناما کے مطابق، طالبان حکام نے 2023 میں خواتین کے اقوام متحدہ کے دفاتر میں داخلے پر عائد پابندی کو برقرار رکھا ہے، جب کہ 2022 سے تعلیمی اداروں میں خواتین اور لڑکیوں کے داخلے پر مکمل پابندی برقرار ہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ بدخشاں، پکتیکا اور کابل کے متعدد مدارس کو اس بنیاد پر بند کر دیا گیا کہ وہاں جدید یا عصری مضامین پڑھائے جا رہے تھے۔ یوناما نے یہ بھی بتایا کہ طالبان حکومت نے 2024 میں میڈیکل اور ڈینٹسٹری تعلیم پر مکمل پابندی عائد کر رکھی ہے، جس کے باعث خواتین طلبہ کا تعلیمی مستقبل خطرے میں پڑ گیا ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ کئی صوبوں میں خواتین کو علاج کے لیے مرد طبی عملے سے رجوع کرنے کے لیے محرم کے ساتھ جانے کی شرط لازمی قرار دی گئی ہے۔ یوناما کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ سہ ماہی میں 456 بلاجواز گرفتاریاں اور 44 ناروا سلوک کے واقعات رپورٹ ہوئے، جنہیں انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزی قرار دیا گیا۔ اقوام متحدہ نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ افغان خواتین کی بگڑتی ہوئی حالت زار پر فوری توجہ دے اور ان کے بنیادی حقوق کی بحالی کے لیے موثر اقدامات کرے۔

شوگر کین کرشنگ سیزن 26-2025 بارے اجلاس

صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق کرشنگ سیزن بروقت شروع کرنے کی ہدایت

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ عبدالناصر خان کی زیر صدارت شوگر کین کرشنگ سیزن 26-2025 کے آغاز سے متعلق اہم اجلاس کا انعقاد، اجلاس میں ضلعی محکمہ خوراک ڈیرہ، اسسٹنٹ کمشنر پروآ سمیت تمام شوگر ملز کے افسران اور گنے کے کاشتکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے صوبائی حکومت خیبر پختونخوا کی ہدایات کے مطابق کرشنگ سیزن کا بروقت آغاز یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کاشتکاروں کو کٹائی، نقل و حمل اور دیگر معاملات میں آسانی کے لیے سیزن شروع ہونے سے پہلے مکمل آگاہی فراہمی کے اقدامات پر زور دیا۔ گنے کی سپلائی کے لیے استعمال ہونے والی ٹریکٹر ٹرالیوں پر ٹریفک لائٹس، چمکدار ارفلیکو پٹیاں اور مناسب روشنائی کا استعمال لازمی قرار دیا گیا تاکہ رات کے اوقات میں حادثات کا تدارک ہو اور ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو۔ اس سلسلے میں شوگر ملز کو بھی ذمہ داری سونپی گئی کہ وہ اپنے سپلائرز کی ٹرالیوں کی جانچ پڑتال یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایت کی کہ گنے کی خرید و فروخت میں مڈل مین کا کردار مکمل طور پر ختم کیا جائے اور زمیندار براہ راست شوگر ملز سے معاملات طے کریں تاکہ کاشتکاروں کو منصفانہ منافع ملے۔ اجلاس میں چینی کی ذخیرہ اندوزی) ہورڈنگ (کی شدید مذمت کی گئی اور اسے ناقابل برداشت قرار دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ذخیرہ اندوزی سے نہ صرف کاشتکاروں کو نقصان پہنچتا ہے بلکہ صارفین کو بھی مہنگائی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جو کہ صوبائی حکومت کی پالیسی کے یکسر منافی ہے۔ انہوں نے محکمہ خوراک اور اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ ذخیرہ اندوزی کے کسی بھی واقعے پر فوری قانونی کارروائی کی جائے اور سلسلے میں بلاتفریق کارروائیاں کی جائیں۔ متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ کل مورخہ 7 نومبر 2025 سے تمام شوگر ملز کرشنگ سیزن کے آغاز کے حوالے سے نوٹسز چسپاں کریں گی جس کے بعد ضلع بھر کی ملز 15 نومبر 2025 سے کرشنگ کا باقاعدہ آغاز کر دیں گی اور اس حوالے سے تمام تیاریاں مکمل کر لی جائیں۔ جبکہ کاشتکاروں کو ہدایت کی گئی کے مقررہ تاریخ تک شوگر ملز کو گنے کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔

بھارت، چور خاتون نے دکاندار کی آنکھوں میں مرچوں کا اسپرے کر دیا

احمد آباد (انٹرنیشنل ڈیسک) بھارت میں ایک دکاندار نے کمال حاضر دماغی کا مظاہرہ کرتے ہوئے خاتون کی جانب سے چوری کی واردات کو ناکام بنا دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ احمد آباد میں پیش آیا جہاں ایک خاتون چوری کی نیت سے جیولر کی دکان میں داخل ہوئی۔ دکاندار سے بات چیت کے بعد خاتون نے مرچوں کا اسپرے دکاندار کی آنکھوں میں کر دیا تاہم خاتون کے اس اچانک حملے سے خوش قسمتی سے دکاندار بچ گیا اور حاضر دماغی سے خاتون کا ہاتھ پکڑ کر اسے 17 تھپڑ جڑ دیے۔ بعدازاں دکاندار نے خاتون کا ہاتھ پکڑ کر اسے دکان سے باہر نکال دیا۔ واقعہ کی ویڈیو سی سی ٹی وی کیمرے پر ریکارڈ ہو گئی جب کہ سوشل میڈیا پر بھی یہ ویڈیو خاصی وائرل ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دکاندار نے خاتون کے خلاف شکایت درج کروانے سے انکار کر دیا جب کہ پولیس نے خاتون کے خلاف تحقیقات کا آغاز کر دیا۔

ڈی آئی خان، سوئی گیس کا ریجنل دفتر کرپشن کا گڑھ بن گیا

لوگوں کو بغیر میٹر ڈائریکٹ سوئی گیس کنکشن دے کر بھتے وصول کئے جانے لگے

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) ڈی آئی خان میں سوئی گیس کا ریجنل آفس کرپشن کا گڑھ بن گیا، لوگوں کو میٹر کے بغیر ڈائریکٹ سوئی گیس کے کنکشن لگا کر بھتے وصول کئے جانے لگے۔ ذرائع کے مطابق ناجائز و غیر قانونی کام گھریلو کنکشن پر پابندی کے دوران سپر وائزر شفیق مروت کی نگرانی میں کیا گیا جس کی سرپرستی سوئی گیس افسران کر رہے ہیں اور لاکھوں روپے ماہانہ بھتہ وصول کر رہے ہیں۔ ناجائز ڈائریکٹ کنکشن شہر بھر میں اور ظفر آباد میں خصوصاً موجود ہیں جن کی نشاندہی شہری کھلی کچہریوں اور سوئی گیس محکمے کے افسران کو کر چکے ہیں لیکن خود ملوث ہونے کی وجہ سے کوئی کارروائی نہیں کی جا رہی ہے اور اسی وجہ سے شہر بھر میں گیس کا پریشر کم ہے۔ عوامی حلقوں نے وفاقی وزیر پٹرولیم و قدرتی گیس سے غیر قانونی کنکشن ہٹانے اور سوئی گیس کے ریجنل آفس ڈیرہ کے کرپٹ افسران اور اہلکاران کے خلاف کارروائی اور انہیں ہٹانے کا مطالبہ کیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

مردان کے اہم فون نمبرات

- ڈی ایچ کیو ہسپتال مردان: 0937-9230147
- کمشنر مردان ڈویژن: 0937-9230572=9230573
- ڈپٹی کمشنر مردان: 0937-9230048
- مردان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال مردان: 0937-9230051
- ڈی آئی جی مردان: 0937-9230112
- ڈی پی او مردان دفتر: 0937-9230109
- ایس پی آپریشن مردان: 0937-9230117
- ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر مردان: 0937-930616
- پال برانچ مردان: 0937-9230120
- ڈی ایس پی سٹی مردان: 0937-9230108
- تھانہ سٹی: 0937-9230125
- تھانہ ہوتی: 0937-9230244
- تھانہ پار ہوتی: 0937-561245
- تھانہ صدر: 0937-9230130
- تھانہ شیخ ملتون ٹاؤن: 0937-868235
- تھانہ شہباز گڑھی: 0937-580172
- تھانہ رستم: 0937-800124
- تھانہ طورو: 0937-860320
- تھانہ چورہ: 0937-775981
- تھانہ جبر: 0937-542112
- تھانہ تخت بھائی: 0937-551001
- تھانہ کاٹلنگ: 0937-575302
- ساڑوشاہ: 0937-503001
- تھانہ گڑھی کپورہ: 0937-846113
- کنٹرول روم پولیس لائن مردان: 0937-9230065
- پاسپورٹ دفتر مردان: 0937-9230560
- سوئی ناردرن گیس مردان: 0937-880019
- ہیلپ لائن: 1199
- ریسکیو مردان: 0937-9230770=1122
- کنٹونمنٹ بورڈ دفتر مردان: 0937-9230261
- سنٹرل جیل مردان: 0937-840625
- ایف آئی اے تھانہ: 0937-9230077

محکمہ تعلیم مردان

- ڈی ای او مردانہ: 0937-920151
- ڈی ای او زنانہ: 0937-9230150
- مردان کالج: 0937-9230033
- کامرس کالج مردان: 0937-9230220
- فضل حق کالج مردان: 0937-9230070=9230084
- جنرل پوسٹ آفس مردان: 0937-9230031
- ایکسائز دفتر مردان: 0937-9230258
- عبدالولی خان یونیورسٹی مردان: 0937-9230618=9230620
- واپڈا ایمرجنسی مردان: 0937-9230155
- محکمہ خوراک مردان: 0937-9230225
- ٹی ایم اے دفتر: 0937-9230104
- مردان بورڈ: 0937-9230250=9230251
- گورنمنٹ گرلز کالج مردان: 0937-9230218

سپورٹس

ناقابل شکست پاکستان شاہینز ایشیا کپ رائزنگ سٹارز کے سیمی فائنل میں

دوحہ (این این آئی) پاکستان شاہینز ایشیا کپ رائزنگ سٹارز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی۔ اس نے ٹورنامنٹ میں اپنے تیسرے میچ میں متحدہ عرب امارات کو 9 وکٹوں سے ہرادیا۔ یہ اس ٹورنامنٹ میں اس کی مسلسل تیسری کامیابی ہے۔ اس سے قبل اس نے عمان اور انڈیا اے کو شکست دی تھی۔ ویسٹ اینڈ پارک انٹرنیشنل کرکٹ سٹیڈیم میں منگل کو کھیلے گئے گروپ بی کے میچ میں متحدہ عرب امارات نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی لیکن پاکستانی بولرز کی عمدہ کارکردگی نے اسے 18 اوورز میں صرف 59 رنز پر محدود رکھا۔ پاکستان شاہینز نے 60 رنز کا ہدف صرف 5 اعشاریہ 2 اوورز میں ایک وکٹ پر حاصل کرلیا۔ متحدہ عرب امارات کی اننگز میں سید حیدر 20 رنز کے ساتھ ٹاپ سکورر رہے۔ پاکستان شاہینز کی طرف سے سفیان مقیم نے 12 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ احمد دانیال اور معاذ صداقت نے بالترتیب 7 اور 19 رنز دے کر دو دو کھلاڑی آؤٹ کیے۔ شاہد عزیز۔ محمد شہزاد اور عرفات منہاس نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ پاکستان شاہینز کی اننگز میں معاذ صداقت ایک بار شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 4 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد سے 37 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ انہوں نے عمان کیخلاف 96 اور انڈیا اے کے خلاف 79 رنز بنائے تھے اور دونوں مرتبہ ناٹ آؤٹ رہے تھے۔ محمد نعیم ایک چھکے کی مدد سے 6 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ غازی غوری 3 چوکوں کی مدد سے 16 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔ ٹورنامنٹ کے دونوں سیمی فائنلز 21 نومبر کو کھیلے جائیں گے۔

کیون پیٹرسن کرکٹ میں پیسے کی ریل پیل پر تلملا اُٹھے



لندن (این این آئی) سابق انگلش کرکٹر کیون پیٹرسن نے کلکتہ ٹیسٹ میں بھارت کی شکست اور پیسے کی ریل پیل پر تلملا اٹھے۔ سابق انگلش کرکٹر کیون پیٹرسن نے ایک انٹرویو میں کہا کہ کلکتہ ٹیسٹ کا رزلٹ ماڈرن ڈے کرکٹ کا ہی نتیجہ ہے، بلے باز اب چھکے مارتے اور سوچ ہٹ کھیل کر ہی بڑے ہورہے ہیں، بیٹرز کو اننگز لمبی کرنا اور مشکل حالات میں میچ بچانا نہیں سکھایا جارہا۔ کیون پیٹرسن نے کہا کہ اس میں کھلاڑیوں کا قصور نہیں کیونکہ ماڈرن کرکٹ ایسی ہی ہے، آج کل کھلاڑیوں کی ترجیح کریز پر کھڑے رہنا یا اسپن کو کھیلنے کی آرٹ سیکھنا نہیں ہوتا، کرکٹ اب اونچا میوزک، لائٹس، کرکٹ بورڈز اور نجی مالکان کے مالی فائدوں کا کھیل ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اس چیز پر کوئی بات نہیں کرتا کیونکہ ایسا کرنا ممنوع ہے، کھلاڑی جتنا زیادہ پیسا کما سکتے ہیں کمائیں، وہ وہی کررہے ہیں جو فیصلہ ساز کررہے ہیں۔ چھکے اور سوچ ہٹس مارتے رہو اور اپنا بینک بیلنس بڑھاتے رہو۔ واضح رہے کہ کلکتہ ٹیسٹ میں جنوبی افریقا نے بھارت کو عبرتناک شکست سے دوچار کیا تھا۔ بھارت کلکتہ ٹیسٹ میں جنوبی افریقا کے خلاف بچھائے گئے اپنے ہی جال میں پھنس گیا تھا اور 124 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پوری ٹیم 93 رنز پر پویلین لوٹ گئی تھی۔

کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی، بابر اعظم پر جرمانہ عائد

اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے قومی کرکٹر بابر اعظم کو کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی پر جرمانہ عائد کردیا۔ آئی سی سی کے مطابق بابر اعظم نے سری لنکا کے خلاف تیسرے ون ڈے میچ میں کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کی۔ آئی سی سی کے مطابق بابر اعظم پر لیول ون کی خلاف ورزی پر میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ عائد کیا گیا ہے جبکہ بابر اعظم کے ڈسپلنری ریکارڈ میں ایک ڈی میرٹ پوائنٹ بھی شامل کیا گیا ہے۔ بابر اعظم نے 21 ویں اوور میں آؤٹ ہونے کے بعد بیٹ اسٹمپس کو مارا تھا، بابر اعظم نے کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کو تسلیم کیا ہے۔ اعظم نے سری لنکا کے خلاف تیسرے ون ڈے میچ میں کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کی، آئی سی سی۔

☆☆☆☆

رائزنگ سٹار ایشیا کپ، بنگلہ دیش اے نے افغانستان کو 8 وکٹوں سے ہرادیا

افغان ٹیم نے 78 رنز بنائے، جواب میں بنگلہ دیشی ٹیم نے مطلوبہ ہدف 13 اعشاریہ 3 اوورز میں حاصل کرلیا

دوحہ (این این آئی) دوحہ میں جاری رائزنگ سٹار ایشیا کپ کے میچ میں بنگلہ دیش اے ٹیم نے افغانستان اے ٹیم کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی۔ افغان ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 78 رنز بنائے، درویش رسولی 27 رنز بنا کر ٹاپ سکورر رہے، اعجاز احمد اور قاسم احمد 12-12 سکور بنا سکے، بنگلہ دیش کی جانب سے مونڈول اور رقیب الحسن نے 3-3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، مہروب نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔

فیفا ورلڈ کپ، ٹکٹ ہولڈرز کو امریکی ویزا کیلئے ترجیحی انٹرویوز کی سہولت میسر ہوگی

یہ اقدام امریکی محکمہ خارجہ کی جانب سے متعارف کرایا گیا ہے اور فیفا کے مطابق مذکورہ سسٹم اوائل 2026 میں فعال ہوجائیگا

زیورخ (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 کے ٹکٹ ہولڈرز اب فیفا پرائیرٹی اسائنمنٹ شیڈول سسٹم (فیفا سسٹم) کے تحت امریکا کے سفر کے لیے ویزا انٹرویوز میں خصوصی ترجیح حاصل کرسکیں گے۔ یہ اقدام امریکی محکمہ خارجہ کی جانب سے متعارف کرایا گیا ہے اور فیفا کے مطابق مذکورہ سسٹم اوائل 2026 میں فعال ہوجائے گا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، وزیر خارجہ مارکو روبیو، وزیر داخلہ کرسٹی نوم، وائٹ ہاؤس ٹاسک فورس اور فیفا کے صدر جیونی انفنٹینو کی موجودگی میں وائٹ ہاؤس میں منعقدہ تقریب کے دوران اس سہولت کا باقاعدہ اعلان کیا گیا۔ اس سروس کا مقصد ہر اس شائق کو ترجیحی ویزا انٹرویو کا موقع فراہم کرنا ہے جو امریکا میں ہونے والے میچوں کا ٹکٹ خریدے گا۔ فیفا کے مطابق یہ اعلان ورلڈ کپ کی تیاریوں میں ایک اہم سنگ میل ہے اور فیفا و وائٹ ہاؤس ٹاسک فورس کے درمیان مضبوط تعاون کی عکاسی کرتا ہے۔ فیفا کے صدر نے کہا کہ امریکا دنیا کا خیر مقدم کررہا ہے، ہم ہمیشہ کہتے آئے ہیں کہ یہ تاریخ کا سب سے بڑا اور جامع ورلڈ کپ ہوگا اور فیفا پاس اس کا واضح ثبوت ہے۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا کہ امریکا ورلڈ کپ کے شائقین کے لیے ترجیحی اپائنٹمنٹس پیش کرکے انہیں اپنا ویزا انٹرویو مکمل کرنے میں مدد دے رہا ہے۔

اسلامی یکجہتی کھیلوں میں آذربائیجان نے ایتھلیٹکس میں پہلا تمغہ اپنے نام کرلیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں منعقدہ چھٹے اسلامی یکجہتی کھیلوں میں آذربائیجان نے ایتھلیٹکس میں پہلا تمغہ اپنے نام کیا۔ آذربائیجان کی ایتھلیٹ یکاترینا ساریئوا نے ویمنز ٹرپل جمپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ ساریئوا نے 13.84 میٹر کی شاندار جمپ کے ساتھ پوڈیم تک رسائی حاصل کی جو اس ایونٹ میں ان کی بہترین کوشش ثابت ہوئی۔ یہ تمغہ ساریئوا کا اسلامی یکجہتی کھیلوں میں مجموعی طور پر چوتھا اعزاز ہے۔ اس سے قبل وہ پالمبنگ 2013 میں سونے، کونیا 2021 میں چاندی اور باکو 2017 میں کانسی کے تمغے جیت چکی ہیں۔

بابر اور رضوان نے ایکساتھ کیک کاٹا، بورڈ کے اکاؤنٹ پر ویڈیو شیئر

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسٹار بیٹرز بابر اعظم اور محمد رضوان نے گزشتہ روز ایک ساتھ کیک کاٹا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے اپنے آفیشل ایکس اکاؤنٹ پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں پاکستان کے سابق کپتانوں اور سری لنکا کے خلاف کلین سوئپ کے ہیروز بابر اعظم اور محمد رضوان ایک ساتھ کیک کاٹ رہے ہیں تاہم دونوں کرکٹرز نہ تو اپنی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں اور نہ ہی وہ سری لنکا کے خلاف کلین سوئپ کی خوشی منارہے ہیں۔ دراصل بابر اعظم نے اس سیریز میں سعید انور کی ون ڈے انٹرنیشنل 20 سنچریوں کا ریکارڈ برابر کیا اور محمد رضوان 100 ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ کھیلنے والے پاکستانی کرکٹرز کے کلب میں شامل ہوئے۔ پی سی بی کی جانب سے دونوں کرکٹرز کے یہ سنگ میل عبور کرنے پر ڈریسنگ روم میں تقریب کا اہتمام کیا گیا، جس میں دونوں نے کیک کاٹ کر اپنے کیریئر کے اس یادگار لمحے کو منایا۔ اس موقع پر ٹیم کے دیگر کھلاڑیوں اور ٹیم انتظامیہ نے بھرپور جشن منایا اور دونوں اسٹار کرکٹرز کو مبارکباد دی۔ پی سی بی کی جانب سے دونوں کرکٹرز کے سنگ میل عبور کرنے پر ڈریسنگ روم میں تقریب کا اہتمام کیا گیا۔

ناروے نے 28 سال بعد فیفا ورلڈ کپ میں جگہ بنالی

میلان (این این آئی) ناروے نے فٹبال کی دنیا میں تاریخ رقم کرتے ہوئے 28 برس بعد فیفا ورلڈ کپ میں کوالیفائی کرلیا۔ میلان میں ہونے والے اہم کوالیفائنگ میچ میں ناروے نے میزبان اٹلی کو ایک کے مقابلے میں چار گول سے شکست دیکر شاندار انداز میں ٹورنامنٹ کا ٹکٹ کٹوالیا۔ میچ کے ابتدائی لمحات میں اٹلی نے روایتی انداز میں جارحانہ کھیل پیش کیا اور ایک گول کی برتری بھی حاصل کرلی تاہم دوسرے ہاف میں ناروے نے میچ کا نقشہ یکسر بدل دیا۔ انتونیو نوسا اور ارلنگ ہالینڈ نے شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے مسلسل حملے کیے جس کے نتیجے میں ناروے نے چار گول اسکور کرکے میچ پر مکمل کنٹرول حاصل کرلیا۔ ناروے کی اس تاریخی کامیابی کے بعد ملک بھر میں شائقین نے زبردست جشن منایا، جبکہ میچ کو دیکھنے کے لیے ناروے کے شہزادہ، شہزادی اور ہزاروں شائقین میلان کے اسٹیڈیم میں موجود تھے، جنہوں نے اپنی ٹیم کی غیر معمولی کارکردگی پر کھلاڑیوں کا بھرپور حوصلہ بڑھایا۔

ٹام ڈرڈریگا نے 1500 میٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا

ریاض (این این آئی) ریاض میں جاری چھٹے اسلامی یکجہتی کھیلوں میں یوگنڈا کے مڈل ڈسٹنس ایتھلیٹ ٹام ڈرڈریگا نے 1500 میٹر مینز ریس کے فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ گزشتہ روز منعقدہ ہیٹ ون میں ڈرڈریگا نے 04:02.37 میں مقررہ فاصلہ طے کرکے چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ مراکش کے اناس عیسائی نے یہ ہیٹ 03:59.53 کے ساتھ پہلی پوزیشن پر مکمل کی جبکہ مقابلہ پرنس فیصل بن فہد سٹیڈیم میں منعقد ہوا۔ ترکیہ کے سالیہ فیک سوز نے 03:59.85 کے ساتھ دوسری اور نورسلطان کینی شیکو بوف نے 04:00.57 کے ساتھ چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ ہیٹ ٹو میں رفتار تیز رہی جسے مراکش کے حفیظ رزقی نے 03:51.52 میں جیتا جبکہ ترکیہ کے محمت چیلک نے 03:51.80 میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ 1500 میٹر مینز فائنل بدھ 19 نومبر 2025، رات 9:15 بجے اسی سٹیڈیم میں منعقد ہوگا۔ ریس کے بعد ڈرڈریگا نے کہا کہ وہ فائنل کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں ذہنی اور جسمانی طور پر بدھ کی رات کے فائنل کے لیے تیار ہوں، آرام کے لیے کافی وقت ہوگا اور میں اپنی بہترین کارکردگی دکھاؤں گا۔ یوگنڈا کے مزید ایتھلیٹس بھی پیر کی رات ایکشن میں نظر آئیں گے۔ لیونارڈ چموتائی 3000 میٹر سٹیپل چیس کے فائنل میں رات 9:30 بجے حصہ لیں گے جبکہ جوزفین جوائس لالام 9:45 بجے جیولن تھرو فائنل میں شرکت کریں گی۔

فلم ’’انداز اپنا اپنا‘‘ کی شوٹنگ کے دوران بہت مشکلات پیش آئیں، عامر خان

میں واحد اداکار تھا جو سیٹ پر وقت پر پہنچتا تھا، سیٹ پر جب روینہ آتی تو کرشمہ چلی جاتی تھی

ممبئی (این این آئی) بھارتی سینما میں کامیابی سے 6 دہائیاں مکمل کرنیوالے مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان نے ماضی کی بلاک بسٹر فلم ’’انداز اپنا اپنا‘‘ کی شوٹنگ کے دوران پیش آنے والی مشکلات کا انکشاف کیا ہے۔ ایک تقریب سے خطاب کے دوران عامر نے بتایا کہ اس فلم کی شوٹنگ کے دوران ہمارا بہت اچھا وقت گزرا لیکن میں یہاں یہ بتانا چاہوں گا کہ فلم کی شوٹنگ بہت مشکل سے مکمل ہوئی تھی، اس وقت میں واحد اداکار تھا جو سیٹ پر وقت پر پہنچتا تھا، سیٹ پر جب روینہ آتی تو کرشمہ چلی جاتی تھی۔ دوران گفتگو عامر نے سیٹ کے ماحول کی عکاسی کرتے ہوئے فلم کی ہیروئنز کے درمیان اختلافات کا اشارہ دیتے ہوئے کہا تھا کہ پتہ نہیں مجھے یہ کہنا چاہیے بھی یا نہیں لیکن اس وقت روینہ اور کرشمہ کا درمیان کشیدگی چل رہی تھی اور میں سوچتا تھا کی اس فلم کی شوٹنگ آخر کار کیسے ختم ہوگی کیونکہ یہ لوگ ایک ساتھ شوٹ ہی نہیں کر پارہے تھے۔ انہوں نے فلم کی ریلیز کے فوری بعد آنے والے الجھن بھرے ردعمل پر بات کرتے ہوئے مزید کہا کہ اس فلم کی کہانی عجیب سی تھی، یہ فلم ایک ہفتہ بھی نہیں چل پائی لیکن مجھے اس فلم کی کامیابی پر یقین تھا اور پھر آنے والی ہر نسل نے اس فلم کو پسند کیا۔ یاد رہے کہ عامر خان اور سلمان خان 1994 کی شہرہ آفاق فلم انداز اپنا اپنا میں ایک ساتھ نظر آئے تھے اور دونوں کی اداکاری کو بے حد پسند کیا گیا تھا، فلم میں امر اور پریم کے کرداروں نے اپنی شرارتوں سے فلم بینوں کو محظوظ کیا تھا، فلم میں ان کے مدمقابل روینہ ٹنڈن اور کرشمہ کپور شامل تھیں۔ تاہم یہ بات بہت حیران کن ہے کہ امر اور پریم کی یہ فلم اپنی ریلیز کے وقت باکس آفس پر ناکام ثابت ہوئی تھی، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ جب اس فلم کو ٹی وی پر نشر کیا گیا تو دنیا اس کی دیوانی ہوگئی، سب نے فلم میں عامر خان اور سلمان خان کی نوک جھونک کو پسند کیا۔

ماہرہ خان اور فواد خان کی نئی فلم ’’نیلوفر‘‘ 28 نومبر کو ریلیز ہوگی

کراچی (این این آئی) پاکستان کے مقبول اور باصلاحیت اداکار ماہرہ خان اور فواد خان ایک بار پھر بڑے پردے پر ایک ساتھ نظر آئیں گے، دونوں اداکاروں کی نئی فلم ’’نیلوفر‘‘ 28 نومبر کو ریلیز ہورہی ہے، جو دی لیجنڈ آف مولاجٹ کے بعد ان کی مشترکہ واپسی ہے۔ ماہرہ خان اور فواد خان نے حال ہی میں ایک یوٹیوب شو میں شرکت کی، جہاں انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے ٹی وی پر واپسی، اپنی جوڑی کی مقبولیت اور فلم نیلوفر سے متعلق کھل کر بات کی۔ فواد خان نے فاہیرا جوڑی کے جنون کے بارے میں کہا کہ میں سوشل میڈیا پر نہیں ہوں، اس لیے فینز کی توقعات سے زیادہ واقف نہیں، مگر میں اس غیر معمولی مقبولیت سے ضرور آگاہ ہوں۔ ماہرہ خان نے کہا کہ میں ہی وہ ہوں جو فواد کو فینز کے اسکرین شاٹس بھیجتی ہوں، ہم نے ایک ساتھ بہت کم کام کیا ہے مگر اس کے باوجود لوگ ہمیں اتنا پسند کرتے ہیں، جس پر ہم خود کو خوش قسمت سمجھتے ہیں، ہمسفر کو تقریباً 15 سال ہوچکے ہیں، پھر مولاجٹ اور اب نیلوفر آرہی ہے، اس لیے یقینی طور پر بڑے معیار کی توقع کی جارہی ہے۔

اداکارہ و ماڈل عمائمہ ملک نے زندگی کی 38 بہاریں دیکھ لیں

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ و ماڈل عمائمہ ملک نے زندگی کی 38 بہاریں دیکھ لیں۔ عمائمہ ملک 18 نومبر 1987 کو کوئٹہ میں پیدا ہوئیں، انہوں نے گورنمنٹ کالج برائے خواتین کوئٹہ سے گریجویشن کیا اور بعد ازاں فیملی کے ہمراہ کراچی منتقل ہوگئیں۔ عمائمہ ملک نے کیریئر کا آغاز ماڈلنگ سے کیا جس کے بعد متعدد ٹی وی سیریلز میں مرکزی رومانوی کردار ادا کیے جن میں عشق جنون دیوانگی، آنسو، تنویر فاطمہ بی اے، طائر لاہوتی، آجا میں تینوں پیار کراں، طلاق اور اکبری اصغری شامل ہیں۔ وہ پہلی بار فلم بول میں جلوہ گر ہوئیں اور اپنی منفرد اداکاری کی بدولت نہ صرف پاکستان بلکہ دیگر ملکوں میں بھی اپنی صلاحیتوں کو منوایا۔ عمائمہ ملک نے بالی وڈ فلم راجہ نٹور لال میں بھی اپنی صلاحیتوں کے جلوے بکھیرے جس میں ان کے ساتھ عمران ہاشمی نے ہیرو کا کردار ادا کیا۔

دمادم مست قلندر کی ریلیز موسیقی کے شائقین کیلئے ایک بڑا یادگار لمحہ ہے

ڈھاکہ (این این آئی) جنوبی ایشیا کی عظیم گلوکارہ اور 6 دہائیوں سے 18 زبانوں میں گانا گانے والی رونا لیلی کی آواز میں مقبول گانا دمادم مست قلندر کوک اسٹوڈیو بنگلا کے یوٹیوب چینل پر ریلیز کر دیا گیا۔ بنگلادیشی میڈیا کے مطابق کوک اسٹوڈیو بنگلا کے سیزن تھری کے اعلان کے بعد سے ہی شائقین میں چہ مگوئیاں جاری تھیں کہ آیا رونا لیلی اس بار شامل ہوں گی یا نہیں۔ اگرچہ انتظامیہ نے خاموشی اختیار کیے رکھی، لیکن گزشتہ سال رونا لیلی نے خود تصدیق کی تھی کہ انہوں نے ایک گانا ریکارڈ کرلیا ہے، مگر اس کے بول ظاہر نہیں کیے تھے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ گانا کافی عرصہ پہلے ریکارڈ ہو چکا تھا، لیکن کوک اسٹوڈیو بنگلا کی طویل بندش کے باعث اس کی ریلیز مؤخر رہی۔ رونا لیلی کی 73 ویں سالگرہ کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے کوک اسٹوڈیو بنگلا نے یہ سیزن کا آٹھواں گانا ریلیز کیا ہے۔ دمادم مست قلندر کی ریلیز موسیقی کے شائقین کے لیے ایک بڑا یادگار لمحہ ہے۔ رونا لیلی کے مداح اسے ان کی شاندار گائیکی کو ایک اور تاریخی خراج تحسین قرار دے رہے ہیں۔ خیال رہے کہ ’’دما دم مست قلندر‘‘ سب سے پہلے رونا لیلی نے ہی اپنی آواز میں ریکارڈ کروایا تھا۔

فلمی اداکار اسلم پرویز کی 41 ویں برسی 21 نومبر کو منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) معروف فلمی اداکار اسلم پرویز کی 41 ویں برسی 21 نومبر کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فلمی حلقوں میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ اسلم پرویز 1932 میں لاہور میں پیدا ہوئے انہوں نے 1955 میں فلم انڈسٹری میں قدم رکھا۔ اپنے فلمی کیریئر میں انہوں نے ہیرو، ولن اور کریکٹرایکٹر کے طور پر مختلف کردار ادا کئے۔ اور کئی سپرہٹ فلمیں ان کے کریڈٹ پر ہیں۔ نیند، کوئل، عشق پر زور نہیں، زرقا، مٹی دیاں مورتاں، پھنگاں، رنگ راں کی دیگر کلاسک فلمیں تھیں۔ وہ فلمی حلقوں میں پرنس کے نام سے مشہور تھے۔ مجموعی طور پر انہوں نے 264 فلموں میں کام کیا جن میں سے 172 اردو اور 87 پنجابی اور 5 پشتو فلمیں تھیں۔ وہ ایک کار حادثے میں زخمی ہوئے۔

اکشے کمار کے دو اصول 25 سالوں میں بھی نہیں بدلے، تبو کا انکشاف

25 سال بعد اکشے اور تبو کو فلمساز پریادرن نے نئی ہارر فلم بھوت بنگلا کے لیے دوبارہ اکٹھا کیا ہے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ تبو نے انکشاف کیا ہے کہ ساتھی اداکار اکشے کمار کے دو اصول 25 سالوں میں بھی نہیں بدلے ہیں۔ بالی ووڈ میں اداکار اکشے کمار کی فٹنس اور وقت کی پابندی سے سب ہی واقف ہیں اب سینئر اداکارہ تبو نے ان کے دو اصولوں کا انکشاف کیا ہے جو وہ 25 سالوں سے اپنائے ہوئے ہیں۔ تبو اور اکشے کمار نے پہلی بار 1996 کی فلم تو چور میں سپاہی میں اسکرین شیئر کی تھی۔ سن 2000 کی کلاسک فلم ہیرا پھیری میں دونوں نے اداکاری کے جوہر دکھائے اب 25 سال بعد دونوں کو فلمساز پریادرن نے نئی ہارر فلم بھوت بنگلا کے لیے دوبارہ اکٹھا کیا ہے۔ اکشے کے ساتھ اتنے سالوں بعد کام کرنے کے بارے میں بات کرتے ہوئے تبو نے کہا کہ ان کا مزاج اور توانائی ایک جیسی ہے۔ تبو نے بتایا کہ اکشے کمار اب بھی صبح چار بجے اٹھتے ہیں اور جلدی کام مکمل کرکے گھر چلے جاتے ہیں جو سب کے لیے بہت اچھی بات ہے، وہ ہمیشہ کہتے ہیں جلدی سونا چاہیے اور دوسرا یہ کہ وہ پارٹیوں میں نہیں جاتے۔ اس سے قبل اکشے کمار نے کہا تھا کہ میں روزانہ آٹھ گھنٹے کام کرتا ہوں اس کے بعد جسم تھک جاتا ہے اور میں آٹھ گھنٹے کی نیند لیتا ہوں اور کھانے کے لیے دو گھنٹے کی ضرورت ہوتی ہے۔

☆☆☆☆

کریئر کا آغاز اسٹیج سے کیا، پہلا معاوضہ 2500 روپے ملا تھا‘ کاشف محمود

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار کاشف محمود نے کہا ہے کہ میں نے اپنے کریئر کا آغاز اسٹیج سے کیا تھا اور مجھے پہلا معاوضہ 2500 روپے ملا تھا جو میرے لئے 25 لاکھ روپے کی اہمیت رکھتا ہے، خالد بٹ اور قوی خان بہت بڑے اداکار تھے لیکن مجھے ایسا لگتا ہے کہ انہیں جو مرتبہ و مقام ملنا چاہیے تھا وہ نہیں دیا گیا۔ ایک انٹرویو میں کاشف محمود نے کہا کہ میں جب اپنے کریئر میں جدوجہد کررہا تھا تو روزانہ الحمرا جاتا تھا کیونکہ کام نہیں ملتا تھا، ایک روز خالد بٹ نے مجھے اسٹیج ڈرامے میں چانس دیا جہاں سے میرے کریئر کا آغاز ہوا، مجھے پہلا معاوضہ 2500 روپے ملا تھا جسے میں 25 لاکھ کی اہمیت دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں چاہیے کہ جب کوئی فنکار عمر کے خاص حصے میں پہنچ جائے تو اس پر توجہ بڑھا دیں، شوبز کے لوگوں کو ایسے لیجنڈ کو وقت دینا چاہیے ان سے میل ملاقاتیں رکھنی چاہئیں۔ اور سب سے بڑھ کر ان کے تجربات سے استفادہ کرنا چاہیے۔

میری کامیابی میں پی ٹی وی کا بڑا ہاتھ ہے‘ نورالحسن



لاہور (این این آئی) سینئر اداکار و میزبان نورالحسن نے کہا ہے کہ میری کامیابی میں پی ٹی وی کا بڑا ہاتھ ہے، پی ٹی وی میں جب ڈرامہ چلتا تھا تو ہر ہفتے کے لئے نئی قسط ریکارڈ ہوتی تھی۔ ذرائع کے مطابق سینئر اداکار و میزبان نورالحسن نے کہا ہے کہ میری کامیابی میں پی ٹی وی کا بڑا ہاتھ ہے، پی ٹی وی میں جب ڈرامہ چلتا تھا تو ہر ہفتے کے لئے نئی قسط ریکارڈ ہوتی تھی اپنے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی وی سے بڑے لازوال ڈرامے پیش ہوئے ہیں جو دہائیوں گزرنے کے باوجود آج بھی لوگوں کے ذہنوں پر نقش ہیں، ان ڈراموں میں انٹرٹینمنٹ کے ساتھ اصلاح تھی، معاشرے کے حقیقی مسائل کو نہ صرف اجاگر کیا جاتا تھا بلکہ حل بھی تجویز کیا جاتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی ایسے ڈرامے پیش کئے جاسکتے ہیں اس کے لئے صرف اسکرپٹ پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی۔

بقیہ 1

تبدیلی، دفاعی تعاون اور عوامی روابط پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سیاسی، آئینی اور پارلیمانی تعاون پر بھی گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں فلپائن اور پنجاب کے مابین اشتراک کار مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فلپائنی سرمایہ کاروں کو پنجاب میں سرمایہ کاری کی پیشکش، مکمل تعاون اور سہولیات کی یقین دہانی کرائی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فلپائن کو 2026ء کی آسیان چیئرمین شپ کے لیے مبارکباد بھی دی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے فلپائن میں حالیہ زلزلوں اور طوفان سے انسانی جانوں کے ضیاع پر تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ پاکستان دکھ کی اس گھڑی میں فلپائن کے عوام کیساتھ کھڑا ہے۔ فلڈز اور ٹائفونز نے پاکستان اور فلپائن دونوں کو یکساں طور پر متاثر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اور فلپائن کے درمیان دوستی 76 برسوں پر محیط ایک مضبوط اور باوقار رشتہ ہے۔ لاہور اور پنجاب کی سرزمین اپنے دروازے ہمیشہ دوست ممالک کیلئے کھلے رکھتی ہے۔ پاکستان اور فلپائن کے درمیان روحانی و تہذیبی اقدار، امن، انسانیت اور ہم آہنگی ہمارا مشترکہ ورثہ ہیں۔ پاکستان اور فلپائن کے مابین 25 ایم او یوز اور 2022 کے دفاعی تعاون کا معاہدہ تعلقات کو ایک نئی جہت دے رہا ہے۔ لوس اینڈ ڈیمج فنڈ کی تشکیل میں پاکستان اور فلپائن کا کردار قابل فخر ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ فلپائن کی ڈیزاسٹر مینجمنٹ مہارت سے پنجاب ادارہ جاتی تبادلوں کے ذریعے استفادہ کرنا چاہتا ہے۔ پاکستان پائیدار امن اور ڈی ریڈیکلائزیشن کے اقدامات کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ پنجاب پاکستان کی معاشی ریڑھ کی ہڈی ہے، 60 فیصد قومی جی ڈی پی اسی صوبے سے بنتی ہے۔ آئی ٹی، توانائی، زراعت، فوڈ پروسیسنگ، فارماسیوٹیکل، آٹو پارٹس، لاجسٹکس اور کنسٹرکشن سیکٹر میں وسیع مواقع موجود ہیں۔ ایس آئی ایف سی اور پی بی آئی ٹی سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سہولت اور پالیسی استحکام فراہم کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کے سپیشل اکنامک زونز میں عالمی معیار کا انفراسٹرکچر، ٹیکس مراعات اور کسٹمز سہولتیں میسر ہیں۔ پاکستان دفاعی تربیت، جوائنٹ مشقوں، انسداد دہشت گردی اور انٹیلی جنس شیئرنگ کے شعبوں میں مزید تعاون بڑھانے کے لیے تیار ہے۔ ہزاروں فلپائنی پاکستان میں اور بڑی تعداد میں پاکستانی فلپائن میں رہتے ہیں جو باہمی دوستی کو مضبوط بناتے ہیں۔ لاہور کا یونیسکو کریٹیوسٹی اور ای سی او ٹورازم کیپیٹل 2027 کا اعزاز ثقافتی اور سیاحتی تعاون کے نئے دروازے کھولے گا۔ پاکستان اور فلپائن دوستی، اعتماد اور مشترکہ اقدار پر قائم رشتے کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہیں۔ پنجاب ہر شعبے میں باہمی شراکت داری کو نئی بلندیوں تک لے جانے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 2

احسن اقبال نے بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ کردار کی تعمیر اور تربیت پر خصوصی توجہ دینا چاہیے تاکہ ہمارے مستقبل کے معمار جدید دور کا بہتر طریقے سے مقابلہ کرتے ہوئے قومی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ سالانہ ٹیچر ڈویلپمنٹ کانفرنس (ٹی ڈی سی-2025) سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ تعلیم محض مواد کی منتقلی نہیں ہے بلکہ بچوں کی شخصیت، اقدار اور احساس ذمہ داری کو تشکیل دینے کا ایک عمل ہے، اپنے بچپن کو یاد کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پچھلی نسلیں تعلیم و تربیت ایک رسالہ پڑھ کر پروان چڑھیں جس میں سیکھنے کو اخلاقی رہنمائی کے ساتھ ملایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے نظام تعلیم میں توازن کو بحال کیا جانا چاہیے۔ اس تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بہت سے بچے اب اپنے ادبی، تاریخی اور ثقافتی ورثے سے واقف نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تدریس ''ایک جامع کوشش'' ہے اور بامعنی اصلاحات کیلئے نوجوانوں میں شناخت اور ثقافتی بیداری کی بحالی کیلئے قومی عزم کی ضرورت ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ذہانت، ہنر، ایمانداری اور کامیاب قوموں کے مقابلے میں وسائل رکھنے کے باوجود پاکستان سازگار ماحول کی عدم موجودگی کی وجہ سے بار بار پیچھے چلا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک بیج کی طرح جو استحکام، نمی اور صحیح موسم کے بغیر نہیں بڑھ سکتا، یہاں تک کہ بہترین انسانی صلاحیت بھی امن اور تسلسل کے بغیر پروان نہیں چڑھ سکتی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تمام کامیاب ممالک نے امن، سیاسی استحکام، کم از کم ایک دہائی تک پالیسیوں کا تسلسل اور طویل مدتی اقتصادی سمت جیسے چار بنیادی اصولوں کو یقینی بنایا۔ انہوں نے چین، ملائیشیا، سنگاپور، جاپان، جنوبی کوریا اور بنگلہ دیش کی مثالوں کے طور پر حوالہ دیا جہاں 10 سے 30 سال پر محیط قیادت کی مدت نے پالیسی کے نتائج کو عملی جامہ پہنانے کا موقع دیا۔ پاکستان کی اپنی تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 1960ء کی دہائی، 1990ء کی دہائی کے اوائل اور 2013-2018 میں ملک کی ترقی کے ادوار عدم استحکام اور سیاسی تبدیلیوں کی وجہ سے بار بار متاثر ہوئے۔ انہوں نے 1997ء میں وژن 2010 اور 2013 میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت کی جانب سے وژن 2025 کے اجراء کو یاد کیا، دونوں اپنے مکمل اثرات پیش کرنے سے پہلے ہی پٹڑی سے اتر گئے۔ انہوں نے ریمارکس دیئے کہ ''ایسا نہیں ہے کہ ہمارے پاس منصوبہ بندی یا اہلیت کی کمی ہے، یہ عدم استحکام اور پالیسیوں میں وقفہ ہے جس نے ہمیں منافع سے محروم کر دیا ہے''۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ برسوں کی معاشی بدحالی کے بعد پاکستان میں اب مختلف اشاریوں میں بہتری دیکھنے میں آرہی ہے، یہ بتاتے ہوئے کہ تین سال قبل افراط زر 38 فیصد تھی، کم ہو کر 5.4 فیصد پر آگئی، سٹاک مارکیٹ 80,000 پوائنٹس سے بڑھ کر 170,000 تک پہنچ گئی اور ترسیلات زر ریکارڈ سطح پر پہنچ گئیں۔ انہوں نے کہا کہ ان رجحانات نے پاکستان پر بین الاقوامی اعتماد کو بحال کیا ہے۔ قوم سے ماضی کی غلطیوں کو نہ دہرانے کی تلقین کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ چوتھا موقع ہے جو اللہ نے ہمیں دیا ہے، ہمیں اس ٹیک آف کو پچھلی تین کی طرح کریش نہیں کرنا چاہیے۔ احسن اقبال نے کہا کہ کامیاب معرکہ حق کے دوران پاکستان کے مضبوط اور متحد ردعمل نے ملک کا وقار نمایاں طور پر بلند کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس واقعہ نے عالمی سطح پر پاکستان کا وقار بلند کیا ہے، دنیا اب اسے ایک مضبوط اور باوقار قوم کے طور پر دیکھ رہی ہے۔ یہ وہ تصویر ہے جس کی ہمیں حفاظت کرنی چاہیے۔ وزیر نے کہا کہ دوست ممالک پاکستان کے ساتھ دوبارہ منسلک ہو رہے ہیں، اس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ سعودی عرب ایک بڑے دفاعی معاہدے پر عمل پیرا ہے، چین سی پیک فیز II کو آگے بڑھا رہا ہے اور امریکہ کے ساتھ تعلقات

ایک نئے باب میں داخل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ پاکستان کے صد سالہ سال 2047ء پر نظر رکھیں جب ملک دیگر علاقائی اقوام کے ساتھ تاریخ کے سامنے کھڑا ہوگا۔ قومی ذہنیت میں تبدیلی کی ضرورت پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سیاسی نہیں بلکہ ''اقتصادی لانگ مارچ'' کی ضرورت ہے۔ چین کے ساتھ مماثلتیں کھینچتے ہوئے انہوں نے زور دیا کہ قومی ترقی کا انحصار استحکام اور سماجی یکجہتی پر ہے، جن اقدار کو ہر شہری اور طالب علم کو سمجھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ قوموں نے ترقی کی جنگیں جوش و خروش کے قلیل دھماکوں سے نہیں جیتی بلکہ ٹیسٹ میچ کے صبر و تحمل سے جیتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں ایک ایسی نسل تیار کرنی چاہیے جو سمجھے کہ کسی قوم کو ترقی اور کامیابی کے لیے کیا کرنا چاہیے۔ ماہرین تعلیم کی طرف پھر سے رجوع کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پڑھانا کوئی کام نہیں بلکہ ایک مشن ہے، ان پر زور دیا کہ وہ قوم کے مستقبل کو سنوارنے میں فیصلہ کن کردار ادا کریں اور طلباء میں پاکستان کی ترقی میں بامعنی کردار ادا کرنے کا عزم پیدا کریں۔

بقیہ 3

تباہ کرنا چاہتے ہیں، تنازع کشمیر کا پرامن حل کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحق ڈار نے برسلز میں یورپی یونین کے وزارتی فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن ناممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے باہمی تعاون ضروری ہے، تقسیم اور طاقت کی دوڑ خطے اور دنیا کے لیے خطرہ ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ مصنوعی ذہانت دنیا کا نقشہ بدل رہی ہے، اقوام متحدہ کے اصولوں کی پاسداری پاکستان کی ترجیح ہے۔

بقیہ 4

انڈو پیسیفک وزارتی فورم کے موقع پر ہوئی۔ دوران ملاقات پاکستان اور سلووینیا کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے ساتھ ساتھ یورپی یونین کے وسیع تر فریم ورک کے اندر تعاون کو وسعت دینے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور جمہوریہ سلووینیا کے مابین باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون کو بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ فریقین نے پاکستان اور سلووینیا کے مابین تجارتی و اقتصادی تعاون کو بڑھانے پر زور دیا۔ ملاقات کے دوران دونوں اطراف نے علاقائی اور عالمی سلامتی سے متعلق پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا اور امن و استحکام کے فروغ کیلئے مل کر کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ دونوں فریقین نے پاکستان اور سلووینیا کے درمیان دوطرفہ سیاسی مشاورت سے متعلق ایک مفاہمت نامے پر بھی دستخط کیے۔ سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ اور یورپی یونین، بیلجیئم اور لکسمبرگ کیلئے پاکستان کے سفیر رحیم حیات قریشی بھی نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کے ہمراہ اس ملاقات میں موجود تھے۔

بقیہ 5

، پنجاب کی جیلوں میں اسیران کی تیار کردہ مصنوعات اب آن لائن فروخت ہونگی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق محکمہ داخلہ، جیل خانہ جات اور آن لائن ایپلیکیشن دراز کے مابین معاہدہ طے پا گیا ہے۔ معاہدے کے مطابق سب پنجاب کی جیلوں میں قیدیوں کی تیار کردہ مصنوعات دراز ایپ پر فروخت ہونگی۔ ترجمان نے بتایا کہ قیدیوں کی تیار کردہ مصنوعات دراز ایپلیکیشن کے ذریعے ملک بھر میں آن لائن خریدی جاسکیں گی۔ اس سلسلے میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب کا انعقاد محکمہ داخلہ پنجاب میں منعقد ہوئی جس میں ڈی آئی جی پریزن نوید رف اور دراز کے عہدیدار نے معاہدے پر دستخط کیے۔ اس موقع پر آئی جی پریزن میاں فاروق نذیر، ایڈیشنل سیکرٹری پریزن رومان بورانہ، ڈپٹی سیکرٹری پریزن تہنیت بخاری اور متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ اس پیش رفت کے باعث شہری گھر بیٹھے بآسانی معیاری جیل مصنوعات حاصل کر سکیں گے۔ اس اقدام سے قیدیوں کی تیار کردہ مصنوعات کی فروخت میں اضافہ ہوگا جس سے قیدی بہتر معاوضہ حاصل کر سکیں گے۔ ترجمان نے بتایا کہ محکمہ داخلہ قیدیوں کی بحالی، ہنرمندی اور سماجی و معاشی ترقی کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب کی جیلوں میں کارپٹ، ٹف ٹائل، فرنیچر، ایل ای ڈی بلب، جوتے، دستانے، فٹ بال، کپڑے، صابن، فینائل، واشنگ پاؤڈر اور ٹرنک وغیرہ تیار کیے جا رہے ہیں۔ پنجاب کی تمام جیلوں میں قیدیوں کو حجام، درزی، باورچی، موٹر سائیکل مکینک، الیکٹریشن، ہینڈی کرافٹس کی تربیت دی جا رہی ہے۔ ہر جیل میں تیار کردہ مصنوعات کی مقدار اور قیدی کو ملنے والا معاوضہ سپرنٹنڈنٹ جیل کی کارکردگی میں شمار ہوتا ہے۔ ترجمان کے مطابق جیل انڈسٹری میں کام کرنے والے قیدیوں کو باعزت روزگار اور معاوضہ مل رہا ہے اور اس طرح ہنرمند قیدی اپنے اہل خانہ کی کفالت کے قابل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ہر جیل میں قیدیوں کو تربیت دینے کیلئے ماہر استاد موجود ہیں۔ محکمہ داخلہ پنجاب کی ہدایت پر قیدیوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ان کی تیار کردہ مصنوعات کی تشہیر اور مارکیٹ میں فروخت جاری ہے۔ شہری قیدیوں کی تیار کردہ معیاری مصنوعات پریزن ویب سائٹ www.prisonstore.com.pk اور ہر جیل کے باہر قائم ڈسپلے سینٹر سے بھی خرید سکتے ہیں۔

بقیہ 6

گھروں کے ملبے سے چار بچوں اور خواتین سمیت 13 افراد کی لاشیں، 20 افراد کو زخمی حالت میں نکال کر الائیڈ ہسپتال منتقل کر دیا جہاں 10 کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ پولیس کے مطابق فیکٹری منیجر بلال کو گرفتار کر لیا گیا ہے جبکہ فیکٹری مالک قیصر چغتائی واقعے کے بعد فرار ہو گیا جس کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے شروع کر دیئے گئے، علاقہ مکینوں نے آبادی والے علاقے میں قائم فیکٹری کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ دریں اثنا انسپکٹر جنرل پولیس (آئی جی) پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ہدایت کی کہ ریسکیو 1122، فائر بریگیڈ اور تمام متعلقہ اداروں کو مکمل تعاون فراہم کیا جائے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پولیس افسران اور اہلکار ملبے تلے دبے لوگوں کی تلاش کے لیے امدادی کارروائیاں جاری رکھیں۔ انہوں نے ٹریفک پولیس کو ایمبولینسز اور دیگر ریسکیو گاڑیوں کے لیے جائے حادثہ تک آسان رسائی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال اپریل میں فیصل آباد میں ٹیکسٹائل مل میں اسٹیم بوائلر پھٹنے سے ایک درجن مزدور زخمی ہو گئے تھے۔ ریسکیو 1122 نے بتایا تھا کہ دھماکے کے نتیجے میں نہ صرف فیکٹری میں آگ بھڑک اٹھی بلکہ ایک ہال کی چھت بھی لپیٹ میں آگئی۔

بقیہ 7

کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے

دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور ڈنمارک تعلقات کی مثبت پیش رفت کو سراہتے ہوئے معیشت، سرمایہ کاری، تجارت، سبز توانائی اور عوام سے عوام کے تبادلوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کثیر الجہتی فورمز بالخصوص 2025 اور 2026 کی مدت کے لیے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ساتھی غیر مستقل اراکین کے طور پر قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ 8

کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق رانا ثنااللہ نے 20 نومبر کو انتخابی امیدوار رانا شہریار کے انتخابی جلسے میں شرکت کی تھی۔ ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر سینیٹر رانا ثنااللہ کو (آج) 22 نومبر کو وضاحت کیلئے طلب کیا گیا ہے۔

بقیہ 9

پانچ زخمی زیر علاج ہیں۔ وائس چانسلر فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی کی سربراہی میں سینئر ڈاکٹرز کی ٹیم زخمیوں کے بہتر علاج و معالجے کو یقینی بنا رہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 10

وزیراعظم کے مشیر محمد علی، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر اور ثاقب شیرازی کی قیادت میں صنعتی ورکنگ گروپ میں شامل صنعتکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس کو پاکستان کی صنعتی ترقی اور ملک میں سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے پالیسی تجاویز پیش کی گئیں۔ اجلاس کو ملکی صنعت کی مسابقت میں اضافے کیلئے خطے کے ممالک سے موازنہ بھی پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے ان تجاویز کی تعریف اور معیشت کے دیگر شعبوں کے حوالے سے سفارشات کے ساتھ ان تجاویز کو ملا کر قومی پالیسی فریم ورک میں شامل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو ان پر عملدرآمد کیلئے تفصیلی جائزے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملکی معاشی ترقی، روزگار کی فراہمی اور آمدن میں اضافہ صنعتی ترقی کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کاروبار میں آسانی اور سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے اقدامات حکومت کی اولین ترجیح ہیں، ملکی صنعتی ترقی کیلئے نجی شعبے کی تجاویز کلیدی اہمیت رکھتی ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ کاروباری حضرات کی جانب سے صنعتی ترقی کیلئے عرق ریزی سے تجاویز تیار کی گئیں، جو لائق تحسین ہیں، ان تجاویز کا بغور مشاہدہ کرکے عملدرآمد کا لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستانی کاروباری برادری نے مشکل وقت میں حکومتی پالیسیوں کا ساتھ دیا اور ملک کو معاشی بحرانوں سے نکالنے میں معاونت کی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کے فضل و کرم سے ملک کی معاشی سمت بہتر اور ملک ترقی کی جانب گامزن ہے مگر ملکی ترقی کیلئے ہمیں مزید محنت کرنا ہے۔

بقیہ 11

پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے طالبان کے حملے کے بعد ذہنی مسائل کا سامنا کیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے اپنے ذاتی تجربات کو بھی شیئر کیا اور کہا کہ پہلے وہ اُن لوگوں میں سے تھیں جو ذہنی صحت کو اہمیت نہیں دیتے۔ ملالہ یوسف زئی نے کہا کہ کتاب کے ذریعے وہ چاہتی ہیں کہ اس بارے میں آگہی پیدا ہو اور ذہنی صحت سے متعلق شعور بڑھے۔

بقیہ 12

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر الیکشن کمیشن کے سامنے پیش نہیں ہوئے، الیکشن کمیشن نے این اے 96 ہری پور میں ضمنی الیکشن میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر وزیر اعلیٰ کے پی کو ذاتی حیثیت میں طلب کر رکھا تھا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ نے وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کے خلاف کیس پر سماعت کی۔ پی ٹی آئی کے وکیل علی بخاری اور حلقے سے مسلم لیگ ن کے امیدوار بابر نواز کمیشن کے سامنے پیش ہوئے۔ علی بخاری نے الیکشن کمیشن کو بتایا کہ میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کا وکیل ہوں۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ ہم نے سہیل آفریدی کو ذاتی حیثیت میں بلایا تھا۔ وزیر اعلیٰ کے پی کے وکیل نے کمیشن کو بتایا کہ سہیل آفریدی جنوبی کے پی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ کو ڈی آر او نے بھی اسی کیس میں ہری پور طلب کیا ہے۔ ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ وہ یہاں پیش نہیں ہوئے تو ڈی آر او کے پاس کیا پیش ہوں گے۔ ڈی جی لاء نے کہا کہ کمیشن ایک شخص کو ذاتی حیثیت میں بلا سکتا ہے، وزیر اعلیٰ نے الیکشن کمیشن کو نوٹس پر وضاحت دینی ہے۔ پی ٹی آئی کے وکیل علی بخاری نے کہا کہ کیا میں یہاں پیش نہیں ہوا ہوں، یا تو آپ کہہ دیں کہ وکیل پیش نہ ہوں، ممبر کا ایسا رویہ ہوگا تو کیس کیا چلے گا۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ چیزیں تو ویسے بھی ٹھیک نہیں چل رہیں۔ الیکشن کمیشن کے سیکرٹری عمر حمید نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ وزیر اعلیٰ نے بیان میں واضح اکسایا ہے، ریلی اور جلسے اجازت کے بغیر ممنوع ہیں، وزیر اعلیٰ کے پی نے خلاف ورزی کرتے ہوئے ریلی میں شرکت کی، وزیر اعلیٰ کے پی نے الیکشن کمیشن، الیکشن عملے کے خلاف الفاظ استعمال کیے، وزیر اعلیٰ کے پی کی تقریر سے الیکشن حکام پر ہراسگی اور ذہنی دباؤ آیا، جلسہ ہری پور ایبٹ آباد کی سرحد پر ہوا، واضح ہے کہ امیدوار نے وزیر اعلیٰ کے پی کو جلسے میں مدعو کیا، امیدوار شہرناز الیکشن قوانین کی خلاف ورزی میں برابر کی قصوروار ہیں، کمیشن نے وزیر اعلیٰ اور امیدوار کو نوٹس جاری کیا۔ پی ٹی آئی کے وکیل نے الیکشن کمیشن کے سامنے کہا کہ نوٹسز میں نے پڑھے، کیا یہ نوٹس سماعت برقرار رکھنے کے قابل ہیں؟ نوٹس میں تحصیل حویلیاں لکھا گیا ہے، الیکشن ہری پور میں ہے، حویلیاں میں نہیں۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے پی اور امیدوار کا واضح ذکر ہوا ہے، ہم نے وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کو بھی اس سے سخت نوٹس دیا ہے، ڈی جی خان میں بھی وزراء کو نوٹس دیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے حکم دیا کہ تمام دستاویزات وکیل علی بخاری کو فراہم کیے جائیں، وکیل پہلے ٹینس تھے اب ریلیکس ہو گئے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنما بابر نواز نے اپنے موقف میں کہا کہ ووٹرز کو بھی دھمکی دی گئی۔ اس پر چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے کہا کہ یہ باتیں آپ دلائل میں کہہ دیجئے گا۔ پی ٹی آئی کے وکیل علی بخاری نے کہا کہ صوبے کے حالات اچھے ہوں تو آپ وزیر اعلیٰ کو بلا کر بٹھالیں، ہم کمیشن کے سامنے پیش ہوں گے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ کمیشن عبوری آرڈر جاری کریگا، آپ وہ پڑھ لیجیے گا، ہری پور میں ڈی آر او میں شاید کیس ختم کر دیا جائے۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے کہا کہ کیس کی سماعت کی تاریخ دیتے ہیں۔ بعد ازاں کیس کی سماعت ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 13

برائے داخلہ طلال چوہدری کو 24 نومبر کو طلب کر لیا جبکہ وفاقی وزیر اویس لغاری اور معاون خاص برائے وزیر اعظم حذیفہ رحمٰن کو نوٹس جاری کر دیے۔ تفصیلات کے مطابق این اے-96 فیصل آباد میں ضمنی الیکشن میں کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی پر وزیر مملکت طلال چوہدری کو نوٹس جاری کر دیا، الیکشن کمیشن نے طلال چوہدری کو 24 نومبر کو طلب کیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق وزیر مملکت طلال چوہدری نے کارنر میٹنگ سے خطاب کر کے کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کی۔ ادھر الیکشن کمیشن نے این اے-185 ڈیرہ غازی خان میں وزرا کی موجودگی سے متعلق میڈیا پر چلنے والی خبر کا نوٹس بھی لیا جب کہ صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب نے ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر سے فوری رپورٹ طلب کر لی۔ الیکشن کمیشن نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر معاون خاص برائے وزیراعظم حذیفہ رحمٰن اور وفاقی وزیر اویس لغاری کو نوٹس جاری کر دیے، دونوں وزرا کو 21 نومبر کو وضاحت پیش کرنے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ ڈسٹرکٹ ریٹرنگ آفیسر کے مطابق حلقے میں انتخابی ضابطہ اخلاق پر مکمل عمل درآمد جاری ہے جب کہ انتخابی سرگرمیوں کی مختلف ذرائع سے کلوز مانیٹرنگ جاری ہے۔ صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب کے مطابق کسی وزیر یا مشیر کو انتخابی مہم چلانے کی اجازت نہیں ہوگی، ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر فوری ایکشن لیا جائے گا، شفاف اور غیر جانبدار انتخابات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 14

مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار صدر مملکت آصف علی زرداری نے لبنان کے یوم آزادی کے موقع پر تہنیتی پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں لبنان کی حکومت اور برادر عوام کو جمہوریہ لبنان کے یوم آزادی کے موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان اور لبنان کے درمیان کئی دہائیوں پر محیط قریبی اور دوستانہ تعلقات استوار ہیں اور ہم خطے اور دنیا کے متعدد مسائل پر یکساں موقف رکھتے ہیں، پاکستان لبنان کے ساتھ اپنی دیرینہ وابستگی کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور اس باہمی مفید تعلق کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ ہمیں پورا یقین ہے کہ لبنان استحکام، ترقی اور خوشحالی کے مستقبل کی جانب پیش قدمی جاری رکھے گا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اس دوطرفہ تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جس میں بین الاقوامی فورمز پر ہماری مشترکہ کاوشیں بھی شامل ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ہم لبنان کی اس اپیل کی مکمل حمایت کرتے ہیں کہ جنگ بندی کے ضامن ممالک اپنے فرائض پورے کریں اور اسرائیل پر دباؤ ڈالیں کہ وہ اپنی جارحانہ کارروائیاں بند کرے، اسرائیلی قابض افواج کو جنگ بندی کے تحت طے شدہ معاہدے کے مطابق جنوبی لبنان سے واپس جانا چاہیے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اسرائیل کی لبنان کے خلاف فوجی جارحیت، لبنانی خودمختاری کی بار بار خلاف ورزیوں اور شہری علاقوں پر حملوں کی شدید مذمت کرتا ہے جو بین الاقوامی قانون، اقوام متحدہ کے چارٹر اور جنگ بندی کے معاہدے کی صریح خلاف ورزی ہیں، ہم لبنان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں اور عالمی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ جنگ بندی پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے اور بے گھر ہونے والے لبنانی شہریوں کی محفوظ واپسی میں مدد کی جائے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان لبنانی عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج جب لبنان اپنا یوم آزادی منا رہا ہے، پاکستان کے عوام اپنے لبنانی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ دیرپا امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے دعا گو ہیں، پاکستان لبنان کو ہر ممکن تعاون فراہم کرتا رہے گا اور باہمی احترام، مشترکہ امنگوں اور دائمی دوستی پر مبنی مستقبل کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اظہار کرتا ہے۔

بقیہ 15

شاندار اظہار کیا ہے بلکہ مستقبل کی قیادت، تحقیق اور خدمت خلق کے سفر کی بنیاد بھی رکھ دی ہے۔ انہوں نے فارغ التحصیل طلبہ کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔ وائس چانسلر نے کہا کہ یو ای ٹی کے فارغ التحصیل انجینئرز ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں، اور انہیں چاہیے کہ وہ والدین اور اساتذہ کی محنت کا احترام کرتے ہوئے ملک کی خدمت میں اپنا فعال کردار ادا کریں۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر شاہد منیر نے یو ای ٹی میں جاری ترقیاتی کاموں، تحقیقی پیش رفت اور ادارے کو ملنے والے حالیہ اعلیٰ اعزازات کا تفصیلی ذکر بھی کیا۔ انہوں نے بتایا کہ یونیورسٹی میں جدید لیبارٹریز کی اپ گریڈیشن، اسمارٹ کلاس رومز کا قیام، ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن، کیمپس بیوٹیفکیشن اور متعدد نئی تعمیراتی اسکیمیں تیزی سے تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ مزید برآں، فیکلٹی اور طلبہ کی جانب سے قومی و بین الاقوامی سطح پر حاصل کیے گئے ریسرچ گرانٹس، پبلیکیشنز، پیٹنٹس اور انوویشنز کو انہوں نے یونیورسٹی کی علمی ترقی کا روشن ثبوت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یو ای ٹی کو گڈ گورننس، اکیڈمک ایکسی لینس اور کوالٹی ایجوکیشن کے میدان میں ملنے والے اعزازات پوری جامعہ کے لیے باعث افتخار ہیں، اور یونیورسٹی اس معیار کو مزید بلند کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ یو ای ٹی ترقی کی منازل کی طرف گامزن ہے۔ وفاقی حکومت اور پنجاب حکومت کی طرف سے یو ای ٹی کی مالی سرپرستی قابل ستائش ہے۔ ہم یو ای ٹی کو ماڈل یونیورسٹی قرار دینے پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور فیڈرل ایچ ای سی کا یو ای ٹی کو مثالی یونیورسٹی قرار دینا اعزاز کی بات ہے۔ یو ای ٹی کے انجینئرز کی تیار کردہ اینٹی سموگ گن اور ویلڈنگ روبوٹ کے ماڈل کی تکمیل ایک اہم پیش رفت ہے۔ رواں برس کانووکیشن میں 2 ہزار 407 طلبا و طالبات کو اسناد تفویض کی گئیں، جن میں 2 ہزار 48 انڈر گریجویٹ، 326 ایم ایس/ایم فل اور 33 پی ایچ ڈی گریجویٹس شامل تھے۔ تقریب میں 44 بہترین کارکردگی دکھانے والے طلبا کو مجموعی طور پر 66 گولڈ میڈلز سے نوازا گیا۔ کیمیکل انجینئرنگ کی طالبہ لائبہ زبیر نے 6 گولڈ میڈلز حاصل کر کے سب کو پیچھے چھوڑ دیا۔ اسی طرح سول انجینئرنگ کی مائدہ اظہر بٹ اور الیکٹریکل انجینئرنگ کی تاشفا ندیم نے 5،5 گولڈ میڈلز حاصل کیے۔ کانووکیشن میں سال آخر کے بہترین پراجیکٹس کے حامل طلبا کو نقد انعامات سے بھی نوازا گیا۔ اس موقع پر گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کا کہنا تھا کہ یو ای ٹی دنیا کی صف اول کی جامعات میں شامل ہو کر عالمی رینکنگ میں 205 ویں پوزیشن تک پہنچ چکی ہے، جو اس کی تعلیمی اور تحقیقی کاوشوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یو ای ٹی کو مالی اور انتظامی بحران سے نکالنے کا سہرا وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کو جاتا ہے جن کی وژنری قیادت نے ادارے کو نئی شناخت دی۔ گورنر پنجاب نے افواج پاکستان کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف لازوال خدمات انجام دے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بھارت کے خلاف جنگ میدان کارزار میں جیت کر اپنی عسکری برتری ثابت کی اور آج بھی عالمی سطح پر پاکستان کی بہادر افواج کی مثالیں دی جاتی ہیں۔ تقریب میں طلبا، ڈینز، اساتذہ، تدریسی و انتظامی عملے کے علاوہ دیگر جامعات کے وائس چانسلرز نے بھی خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر وائس چانسلر نے گورنر پنجاب کو یادگاری شیلڈ پیش کی۔ کانووکیشن کے آخری لمحات میں طلبا و طالبات نے خوشی کے اظہار کے طور پر روایتی انداز میں اپنی گریجویشن ٹوپیاں ہوا میں اچھال کر تقریب کو یادگار بنا

بقیہ 16

کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے مطابق فرسٹ کلاس مجسٹریٹ کے اختیارات 22 سے 24 نومبر تک کیلئے ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق رینجرز کو تیسری دفاعی پرت میں خدمات فراہم کرنے کا اختیار دیا گیا ہے، تعیناتی فورسز کو انسداد دہشتگردی ایکٹ کے تحت مکمل اختیارات حاصل ہوں گے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے مطابق فورسز کی تعیناتی پی پی 115 فیصل آباد، پی پی 116 فیصل آباد، پی پی 269 مظفر گڑھ، این اے 185 ڈیرہ غازی خان میں ہوگی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق فورسز کی تعیناتی این اے 18 ہری پور، پی پی 73 سرگودھا، این اے 96 فیصل آباد، این اے 104 فیصل آباد میں ہوگی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق فورسز کی تعیناتی این اے 143 ساہیوال، پی پی 98 فیصل آباد، پی پی 203 ساہیوال، این اے 129 لاہور اور پی پی 87 میانوالی میں ہوگی۔

بقیہ 17

جھنگ نے ملزمہ فوزیہ عباس کے خلاف 1180 گرام چرس رکھنے کے الزام میں مقدمہ درج کیا تھا۔ پولیس کے مطابق مقدمہ 21 اکتوبر 2025ء کو درج کیا گیا۔ قبل ازیں ایڈیشنل سیشن جج جھنگ نے ملزمہ کی ضمانت کی درخواست 7 نومبر 2025ء کو خارج کر دی تھی۔ ہائیکورٹ نے ریکارڈ، شواہد اور تفتیشی پیشرفت کا جائزہ لینے کے بعد ملزمہ کی بعد از گرفتاری درخواست منظور کر لی۔ دوسرا کیس کیس مومنہ بی بی پر 200 گرام آئس کا تھا جس کے خلاف تھانہ شاہد شہید سرگودھا روڈ نے مقدمہ درج کیا تھا۔ ہائیکورٹ نے ریکارڈ اور پراسیکیوشن کے موقف کا جائزہ لینے کے بعد ملزمہ کی درخواست ضمانت منظور کرتے ہوئے اسے بھی تین لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کروانے پر رہا کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 18

فوری تحقیقات اور آئندہ اس طرح کے حادثات کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کا مطالبہ کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے حادثے کے زخمیوں کے لیے بہتر علاج معالجہ یقینی بنانے کا مطالبہ اور جلد صحتیابی کی دعا کی۔

بقیہ 19

لیڈرشپ کے معترف ہیں۔ انہوں نے مریم نواز کے اینٹوں کے بھٹوں اور بھٹہ مزدوری سے متعلق اقدامات کو سراہا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ امریکی کانگریس نے مریم نواز کے ماحولیات اور جبری مشقت کے خاتمے کے اقدامات کو قابل تعریف قرار دیا اور جدید بھٹہ نظام کو خطے میں مثال قرار دیا گیا ہے۔ امریکی قانون سازوں نے بھی اعتراف کیا کہ مریم نواز کے اقدامات امریکی کمپنیوں کے لیے سرمایہ کاری کا پرکشش موقع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکی کانگریس نے اعتراف کیا ہے کہ مریم نواز بھٹوں سے جبری مشقت ختم کر کے بین الاقوامی ذمہ داریوں کو پورا کر رہی ہیں۔ خط میں اعتراف کیا گیا کہ مریم نواز کا یہ عمل غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے پرکشش ہے۔ امریکی قانون سازوں نے واضح کیا کہ پنجاب مستقبل میں اقتصادی تعاون کا دروازہ ثابت ہو سکتا ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب کا کہنا تھا کہ مریم نواز حکومت کے ویژن کو امریکی قانون سازوں نے جنوبی ایشیا میں مثال قرار دیا ہے۔ مریم نواز بھرپور محنت اور ذمہ داری سے فرائض سرانجام دے رہی، اسی لیے دنیا کو ان کے کام نظر آ رہے ہیں۔ مریم نواز کا کام اور ان کے فلاحی منصوبے عالمی سطح پر ان کی پہچان بن رہے ہیں۔

بقیہ 20

کے ساتھ تجارت نہیں کر سکتا۔ جمعہ کو دفتر خارجہ میں ہفتہ وار بریفنگ سے اظہار خیال کرتے ہوئے ترجمان طاہر اندرابی نے کہا کہ پاکستان کے پاس افغانستان کے ساتھ تجارت بند کرنے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں، افغانستان نے پاکستان کے تاجروں اور تجارت پر حملے کیے، پاکستان اپنے شہریوں کی زندگی کی قیمت پر افغانستان کے ساتھ تجارت نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ سیکیورٹی اور تجارت کو الگ رکھنے کی کوشش کی مگر افغانستان سے پاکستان پر مسلسل حملے ہو رہے ہیں۔ افغانستان کے ساتھ مذاکرات کا حوالہ دیتے ہوئے طاہر اندرابی نے کہا کہ پاکستان ترکیہ صدر کے ثالثی وفد پر بیان کا خیر مقدم کرتا ہے، ترکیہ کے وفد کا دورہ پاکستان، نائب صدر کے غیر ملکی دوروں کی وجہ سے التوا کا شکار ہوا۔ ترجمان نے کہا کہ کئی ممالک نے پاک-افغان ثالثی کی بات کی ہے، افغانستان میں ہمارا سفارت خانہ اور افغانستان کا یہاں سفارت خانہ کھلا ہے، دونوں سفارت خانوں سے مواصلاتی چینل کھلے ہوئے ہیں۔ طاہر اندرابی نے کہا کہ پاک-بھارت جنگ پر امریکی کانگریس کی تحقیقاتی رپورٹ جاری ہوئی ہے، پاک-بھارت تناؤ میں کمی اور غزہ جنگ بندی میں امریکی کردار کو سراہتے ہیں۔

بقیہ 21

قائم کرے گی۔ گوادر پرو کے مطابق گوادر فری زون کمپنی کے ساتھ طے پانے والے معاہدے میں چار مراحل پر مشتمل ترقیاتی منصوبہ شامل ہے۔ کمپنی نے بتایا کہ اس منصوبے میں فش پروسیسنگ پلانٹ اور خشک میوہ جات کی پیکنگ فیکٹری شامل ہوگی۔ ساتھ ہی یہ بھی کہا گیا کہ اس جگہ پر ایک کیننگ فیکٹری بھی قائم کی جائے گی، جو کمپنی کے مطابق پاکستان میں اپنی نوعیت کی پہلی ہو گی۔ اجازت ناموں کی تکمیل اور سائٹ کے سروے کے بعد کمپنی فیکٹری کے لے آؤٹ کے ڈیزائن جمع کرائے گی، جن میں خام مال کی پروسیسنگ کے علاقے، ٹھنڈے اور عام درجہ حرارت کے اسٹوریج، کوالٹی کنٹرول لیبارٹریز اور ایک انتظامی بلاک شامل ہوں گے۔ تعمیراتی کام آئندہ ہفتے شروع کر دیا جائے گا، جس میں ابتدا بنیادوں کی تعمیر، فلورنگ اور بنیادی یوٹیلیٹی انفراسٹرکچر کی تنصیب پر توجہ دی جائے گی۔ اس مقصد کے لیے 300 کلوواٹ بجلی کی فراہمی مختص کی گئی ہے تاکہ صنعتی معیار کے مطابق حفاظت اور حفظان صحت کے تقاضے پورے کیے جا سکیں۔

بقیہ 22

قومی اسمبلی سید علی قاسم گیلانی کی سیلابی صورتحال کے دوران انتھک محنت اور متاثرین کے لیے مستقل سرگرمیوں کا اعتراف بھی کیا۔ سموگ کی موجودہ شدت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے قائم مقام صدر نے ہدایت کی کہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے فوری اور سخت اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ فضائی آلودگی کے تدارک کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو موثر اور فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ مزید برآں، ملاقات میں ڈویژن کے ہسپتالوں اور صحت عامہ کی صورتحال پر بھی غور کیا گیا۔ قائم مقام صدر نے ہدایت کی کہ ڈینگی کے بڑھتے کیسز کے پیش نظر اسپتالوں میں سہولیات کو بہتر بنایا جائے، حفاظتی اقدامات میں اضافہ کیا جائے اور مریضوں کے بروقت علاج کو یقینی بنایا جائے۔ ملاقات کے دوران تاریخی و روحانی اہمیت کے حامل موسیٰ پاک دربار کی تعمیر سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ قائم مقام صدر نے کمشنر کو ہدایت کی کہ دربار کے رکے ہوئے کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ اس موقع ممبر قومی اسمبلی سید علی قاسم گیلانی بھی موجود تھے۔

بقیہ 23

کمشنر لاہور مریم خان نے شجر کاری مہم کا افتتاح کیا، ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے، ایم ڈی پی ایچ اے راجہ منصور احمد نے بھی شجر کاری میں حصہ لیا۔ ایم ڈی پی ایچ اے راجہ منصور احمد نے کمشنر لاہور کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شادمان ڈرین کے دونوں جانب 1200 بانس کے پودے لگائے جائیں گے، جبکہ گلبرگ ڈرین کے اطراف 3000 بانس لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ مجموعی طور پر لاہور کی مختلف ڈرینز کے ساتھ 45 ہزار بانس کے پودے لگائے جا رہے ہیں، جن میں سے 15 ہزار پودیاب تک لگا دیے گئے ہیں۔ ایم ڈی پی ایچ اے نے بتایا کہ لنگز آف لاہور اور رنگ روڈ فارسٹیشن پراجیکٹ پر بھی کام جاری ہے، لنگز آف لاہور کے تحت ساڑھے 4 لاکھ، رنگ روڈ فارسٹیشن پراجیکٹ کے تحت لاہور کے اطراف 112 کلومیٹر ایریا پر شجر کاری کی جائے گی اسی طرح شاہدرہ تا رائیونڈ ریلوے ٹریک کے اطراف بھی شجر کاری کا مرحلہ جلد شروع کیا جائے گا۔ کمشنر لاہور مریم خان نے شجر کاری مہم کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آلودگی اور سموگ کے خاتمے کے لیے شجر کاری نہایت ضروری ہے، لاہور شہر کی خوبصورتی کے لیے پارکس اینڈ ہارٹیکلچر ایجنسی لاہور کے جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سرسبز لاہور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا فوکس ہے۔ ڈپٹی کمشنر موسیٰ رضا نے اس موقع پر کہا کہ ضلعی انتظامیہ گرین لاہور پروگرام کی کامیابی کے لیے پوری طرح پرعزم ہے، شجر کاری مہم صرف لاہور کے ماحولیاتی نظام کو بہتر بنانے میں مددگار ہی نہیں بلکہ شہریوں کو صحت مند اور صاف ماحول فراہم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 24

مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہائی کمیشن اور تینوں قونصل خانے بزنس کمیونٹی کو پاک کینیڈا اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کیلئے تیار ہے۔ کانفرنس میں ٹورنٹو میں تعینات قونصل جنرل آف پاکستان خلیل باجوہ اور ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ قونصلر انتشا جنجوعہ نے بھی شرکت کی۔ اوپن کی اس سالانہ کانفرنس میں کینیڈا بھر سے آئے ہوئے 100 سے زائد پاکستانی نژاد کاروباری شخصیات، ایگزیکٹوز، سرمایہ کاروں اور پروفیشنلز نے شرکت کی۔

بقیہ 25

گلگت کی 3 پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔ غیر ملکی ایئر کی بھی لاہور ریاض کی ایک پرواز منسوخ کی گئی ہے۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق اسلام آباد کی 13 اور لاہور کی 9 پروازوں میں تاخیر ہوئی۔ اسی طرح ملتان، فیصل آباد، سیالکوٹ اور پشاور کی بھی 10 پروازیں تاخیر کا شکار ہوئیں۔

بقیہ 26

رشتہ داروں کے نام پر بھی ہیں۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین نیب کو پلی بارگین درخواستیں بھجوانے سے قبل تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے اور جن ملزمان نے درخواستیں دی ہیں ان میں نیشنل بینک کیشئر ریاض، کنٹریکٹر ایوب اور ممتاز شامل ہیں۔ ملزمان کی جانب دی گئیں پلی بارگین کی درخواستیں نیب کے پی ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری کے بعد چیئرمین نیب کو ارسال کی جائیں گی۔

بقیہ 27

غیر متعلقہ افراد امتحانی مراکز میں داخل نہیں ہو سکتے۔ ڈپٹی کمشنر پشاور کے مطابق پابندی کی خلاف ورزی پر سیکشن 188 کے تحت قانونی کارروائی ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر پشاور نے بتایا کہ امیدوار، اسٹاف اور سیکیورٹی اہلکار امتحانی مراکز میں داخل ہو سکیں گے۔

بقیہ 28

وفاقی آئینی عدالت پاکستان کے قیام کے بعد چیف جسٹس امین الدین خان نے اپنا پہلا پیغام جاری کر دیا۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ آئین کی تشریح شفافیت، آزادی اور دیانت کے ساتھ کی جائے گی۔ انہوں نے بنیادی حقوق کے تحفظ کو آئینی عدالت کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے شفافیت اور عوامی رسائی کو اہم سنگ میل قرار دیا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اس عدالت کا قیام ہماری قومی آئینی جدوجہد میں ایک اہم سنگ میل ہے، جو ریاست پاکستان کے قانون کی حکمرانی اور آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دیرپا وعدے سے ہماری اجتماعی وابستگی کی تجدید کرتا ہے۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ اس عدالت کو ایک نہایت اہم اور نازک فریضہ سونپا گیا ہے، اس عدالت کا کردار صرف قضائی نہیں بلکہ ایک مقدس امانت ہے جو قوم کے شہریوں کی زندگیوں، آزادیوں اور امنگوں پر براہ راست اثر انداز ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے ادارہ جاتی سفر کے آغاز پر ہمارا عزم ہے کہ ایک ایسا عدالتی فورم قائم کیا جائے جو دیانت، غیر جانب داری اور علمی بصیرت کی اعلیٰ مثال ہو، ہمارے سامنے آنے والا ہر معاملہ آئین کی بالادستی، انصاف کے اصولوں اور عدالتی وقار کے ساتھ غیر معمولی احتیاط اور منصفانہ انداز میں نمٹایا جائے گا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہم ایک عدالتی روایت کی تشکیل دینے کی خواہش رکھتے ہیں جو مدلل فیصلوں، ادارہ جاتی وقار اور عوامی اعتماد پر مبنی ہو اور یہی خصوصیات کسی بھی آئینی عدالت کی بنیاد ہوتی ہیں۔ وفاقی آئینی عدالت کے پہلے چیف جسٹس کی حیثیت سے انہوں نے اسے اپنے لیے اعزاز قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہیں اس ادارے کی بنیادوں کی تشکیل میں حصہ ڈالنے کا موقع ملا ہے۔ انہوں نے دلی خواہش کا اظہار کیا کہ وفاقی آئینی عدالت پاکستان میں آئینی بالادستی کی محافظ اور آنے والی نسلوں کے لیے عدل وانصاف کی ایک مضبوط علامت بن کر قائم رہے۔ چیف جسٹس امین الدین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں دانش، انکسار اور آئین سے غیر متزلزل وابستگی کے ساتھ اپنے فرائض ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 29

ہیں، اس کے خلاف شراکت داری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جمعہ کو یہاں ڈی ایٹ میڈیا فورم سے خطاب میں وفاقی وزیر اطلاعات نے آذربائیجان کی حکومت اور صدر الہام حیدر علیوف کی متحرک قیادت اور وژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ آج ہم خطے کے تعاون اور اشتراک عمل کے اس اہم اجتماع میں شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آذربائیجان نے ڈی ایٹ میں شامل ہونے کے بعد بھرپور توانائی کے ساتھ اپنا کردار ادا کیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ یہ وقت کی اہم ضرورت [illegible]

بقیہ 30

[illegible]

بقیہ 31

[illegible]

بقیہ 32

[illegible]

بقیہ 33

[illegible]

بقیہ 34

[illegible]

بقیہ 35

[illegible]

بقیہ 36

[illegible]

بقیہ 37

[illegible]

کیپیٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ پشاور کے امور پر اہم اجلاس

جس میں میٹروپولیٹن کی مجموعی کارکردگی، شہری سہولیات اور جاری تعمیراتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

پشاور (اشتیاق خان سے) کیپیٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ پشاور کے امور پر اہم اجلاس خیبر پختونخوا کے وزیر بلدیات مینا خان آفریدی کی زیر صدارت پشاور میں منعقد ہوا، جس میں میٹروپولیٹن کی مجموعی کارکردگی، شہری سہولیات اور جاری تعمیراتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری لوکل کونسل بورڈ وحید الرحمن اور متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ سیکرٹری لوکل کونسل بورڈ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ میٹروپولیٹن کے زیر انتظام بس ٹرمینلز، سٹی فائر بریگیڈ، تعلیمی ادارے، وومن اسکلڈ سینٹرز، میونسپل انڈسٹریل ہومز، پارکس اور دیگر شہری خدمات شامل ہیں۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ میٹروپولیٹن کے پاس 518 کنال اراضی، سینکڑوں میونسپل پراپرٹی یونٹس، زیر تعمیر کمرشل پلازے اور متعدد جاری منصوبے موجود ہیں جبکہ شہر کے چار بڑے بس ٹرمینلز سے رواں سال 62 کروڑ روپے کی آمدنی حاصل کی جا چکی ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ فائر بریگیڈ مالی طور پر میٹروپولیٹن پر بوجھ بن چکا ہے جبکہ میٹروپولیٹن پشاور کے احاطے میں کوئی ریڑھی بان یا اسٹال ہولڈر رجسٹرڈ نہیں، جس پر وزیر بلدیات نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ایک ہفتے کے اندر تمام ریڑھی بانوں اور اسٹالز کا مکمل ریکارڈ تیار کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کے دوران شہر میں زیر تعمیر کمرشل پلازوں، فیملی پارکس، صفائی کے نظام، نکاسی آب، سڑکوں کی مرمت اور بیوٹیفکیشن سمیت مختلف شہری خدمات پر بھی بات ہوئی۔ مینا خان آفریدی نے کہا کہ میٹروپولیٹن کی کارکردگی تسلی بخش نہیں ہے اور وزیر باغ میں کروڑوں روپے خرچ ہونے کے باوجود خدمات کی صورتحال ناگفتہ بہ ہے، جس پر متعلقہ افسران کے خلاف سخت کارروائی کا عندیہ دیا گیا۔ انہوں نے ہدایت جاری کی کہ سرکلر روڈ پر لائٹنگ، بیوٹیفکیشن اور تجاوزات کے خاتمے کا عمل آئندہ ہفتے سے فوری طور پر شروع کیا جائے۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ پشاور شہر کی بنیادی سہولیات کو جدید معیار کے مطابق بہتر بنانا ناگزیر ہے اور میٹروپولیٹن کو فعال، شفاف اور عوام دوست ادارہ بنایا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی خدمت میں غفلت برتنے والوں کے لیے میٹروپولیٹن میں کوئی جگہ نہیں ہوگی۔ حکومت پشاور کو ایک جدید، صاف اور منظم شہر بنانے کے لیے تمام ضروری اصلاحات نافذ کرے گی

ایم ایس او پاکستان نے قمر الزمان چوہدری کی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا

قمر الزمان چوہدری کا شمار ان نوجوان رہنماؤں میں ہوتا تھا جنہوں نے ایم ایس او پاکستان کے قیام، تنظیمی ڈھانچے کی تشکیل اور فکری بنیادوں کے استحکام میں بنیادی کردار ادا کیا

مرحوم کی تنظیمی وفکری خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا جائے گا

اسلام آباد (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) ایم ایس او پاکستان کے تاسیسی رکن قمر الزمان چوہدری مرحوم کی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے آج 23 نومبر کو ملک بھر کی جامعات میں ان کا یومِ وفات منایا جائے گا۔ قمر الزمان چوہدری 23 نومبر 2015 کو وفات پا گئے تھے۔ قمر الزمان چوہدری کا شمار ان نوجوان رہنماؤں میں ہوتا تھا جنہوں نے ایم ایس او پاکستان کے قیام، تنظیمی ڈھانچے کی تشکیل اور فکری بنیادوں کے استحکام میں بنیادی کردار ادا کیا۔ طلبہ کی اخلاقی، فکری اور نظریاتی تربیت کے لیے ان کی خدمات کو تنظیم آج بھی رہنما اصول کے طور پر تسلیم کرتی ہے۔ ایم ایس او پاکستان، کا شمار ملک کی فعال ترین طلبہ تنظیموں میں ہوتا ہے، ملک بھر کی یونیورسٹیوں اور کالجز میں امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے فریضے کے فروغ کے لیے کام کر رہی ہے۔ ترجمان ایم ایس او پاکستان بلال ربانی کے مطابق قمر الزمان چوہدری کی جدوجہد نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے، اور اُن کے چھوڑے ہوئے نقوش آج بھی تنظیم کی فکری بنیادوں کو تقویت فراہم کر رہے ہیں۔ اس موقع پر مختلف جامعات میں قرآن خوانی، دعائیہ اجتماعات اور فکری نشستوں کا اہتمام بھی کیا جائے گا، جن میں

راولپنڈی۔ انجمن تاجران بنی تااصغر مال کے چیئرمین شیخ فیصل کی بیٹی کی شادی کے موقع پر ممبر صوبائی اسمبلی راجہ حنیف ایڈووکیٹ، شاید غفور پراچہ، حاجی پرویز خان، خالد نواز بوبی، طارق جدون، سردار ثاقب نسیم، شیخ آصف ادریس، رانا خرم محمود، سیف اللہ خان، ساجد بٹ چوہدری طارق، ذیشان مہندی، خرم حفیظ، دوست علی جان، اصف جاوید، شیخ عاصم، راجہ عامر کریم، میاں فیاض، فرحان شیخ، شیخ ابرار، فواد حسین بٹ، عاصم اللہ قریشی، حمزہ قریشی ودیگر شریک ہیں

زرعی شعبے میں خواتین کا کردار نہایت بنیادی اہمیت رکھتا ہے، پروفیسر غزالہ یاسمین

دیہی خواتین ملکی غذائی تحفظ، زرعی پیداوار اور معاشی استحکام میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں، وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی صوابی

صوابی (بیورو رپورٹ) ویمن یونیورسٹی صوابی کی وائس چانسلر ڈاکٹر پروفیسر غزالہ یاسمین نے خواتین کسانوں کی تربیتی ورکشاپ کے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زرعی شعبے میں خواتین کا کردار نہایت بنیادی اہمیت رکھتا ہے اور اس ورکشاپ کا مقصد انہیں جدید، پائیدار اور موسمیاتی موافق کھیتی باڑی کے طریقوں سے آگاہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی خواتین ملکی غذائی تحفظ، زرعی پیداوار اور معاشی استحکام میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں، اس لیے ان کی تکنیکی تربیت اور بااختیاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے تمام منتظمین، متعلقہ اداروں اور یو این ویمن کا خصوصی شکریہ ادا کیا، جن کے تعاون سے یہ پروگرام ممکن ہوا۔ تقریب سے رائل تھائی ایمبیسی کے سفیر رونگ ووڈھی ویرا بتر نے بھی خطاب کیا۔ ان کے ساتھ ایمبیسی کی مس کمولوان سری پوسل (منسٹر - کونسلر)، مسٹر چونا کانت لرتست (سیکنڈ سیکرٹری) اور پروٹوکول آفیسر مظہر رفیق سنجرانی شریک تھے۔ سفیر نے کہا کہ پاکستان اور تھائی لینڈ دونوں ممالک میں زراعت معاشی ڈھانچے کا بنیادی حصہ ہے اور خواتین اس شعبے کی اصل قوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو زمین کی ملکیت، جدید ٹیکنالوجی تک رسائی، مناسب مارکیٹنگ مواقع اور موسمیاتی تبدیلی جیسے چیلنجز کا سامنا ہے، اس لیے ان کی پیشہ ورانہ تربیت ناگزیر ہے۔ انہوں نے یو این ویمن کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ مشترکہ شراکت دیہی خواتین کو بااختیار بنانے کی مشترکہ کاوش ہے۔ تھائی لینڈ سے خصوصی طور پر آنے والی زرعی ماہر مس جینیفر انیس ٹیلر نے بطور ٹرینر ورکشاپ کی عملی تربیت کی۔ انہوں نے شرکا کو رتھجینیریٹو ایگریکلچر، مٹی کی بہتری، فصلوں کی صحت، اور چھوٹے زرعی یونٹس کو آمدنی کے موثر ذرائع میں تبدیل کرنے کے طریقوں پر رہنمائی فراہم کی۔ یہ تربیت یو این ویمن کی شراکت سے منعقد ہوئی، جسے شرکا کی جانب سے بے حد سراہا گیا۔ تقریب کے اختتام پر شریک خواتین اور مہمانوں نے اس تربیتی پروگرام کو ایک مثبت اور اہم پیش رفت قرار دیا اور امید ظاہر کی کہ یو این ویمن کے تعاون سے جاری یہ منصوبہ خواتین کسانوں کی معاشی بہتری، عملی مہارتوں میں اضافہ اور پائیدار زرعی طریقوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆

دیر، ایک ہفتے پر مشتمل ورکشاپ کامیابی کے ساتھ منعقد

ورکشاپ میں 60 سے زائد طلبا و طالبات نے شرکت کی

دیر (بیورو رپورٹ) ڈی سی نوید اکبر اور ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ افیئرز پشاور ڈاکٹر نعمان مجاہد کی ہدایات پر، ڈسٹرکٹ یوتھ آفس اپر دیر نے ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے "مستقبل کے رہنماں کے لیے شخصیت کی تعمیر اور قائدانہ صلاحیتوں کے فروغ" کے عنوان سے ایک ہفتے پر مشتمل ورکشاپ کامیابی کے ساتھ منعقد کی۔ تقریب تقسیم اسناد دیر ٹاؤن میں منعقد ہوئی۔ ورکشاپ میں 60 سے زائد طلبا و طالبات نے شرکت کی اور کامیابی کے ساتھ کورس مکمل کرنے پر اسناد حاصل کیں۔ ماسٹر ٹرینر عمران خان نے نہایت مفید اور عملی سیشنز کا انعقاد کیا، جن میں شخصیت سازی، ابلاغی مہارتیں، قائدانہ خصوصیات، خود اعتمادی، عوامی خطاب، نظم و ضبط اور اخلاقی رویے جیسے اہم موضوعات شامل تھے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مثبت سوچ، مضبوط کردار اور ذمہ دارانہ طرز عمل مستقبل کے رہنماں کے لیے بنیادی اوصاف ہیں۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی یوتھ چیئرمین ریحان کوٹ سیماب علی خان تھے۔ اپنے خطاب میں انہوں نے منتظمین کی کاوشوں کو سراہا اور نوجوانوں کو نصیحت کی کہ وہ سیکھنے کا عمل جاری رکھیں اور معاشرے کی بہتری میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ "ہمارے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، اور ایسی تربیتیں ان کی خود اعتمادی بڑھانے اور مستقبل سنوارنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔" ڈسٹرکٹ یوتھ آفیسر شہزاد طارق نے تمام شرکا کو مبارکباد دی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ اسی نوعیت کی تربیتی ورکشاپس دیر اپر کے مختلف کالجز اور تحصیلوں میں بھی منعقد کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں پر سرمایہ کاری دراصل روشن، مضبوط اور ذمہ دار مستقبل پر سرمایہ کاری ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

نوشہرہ، جائیداد تنازعہ پر بھائی کے سامنے بھائی کو قتل کر دیا گیا

نوشہرہ (بیورو رپورٹ) نوشہرہ کے علاقہ جلوزئی میں جائیداد تنازعہ پر بھائی کے سامنے بھائی کو قتل کر دیا گیا، ملزمان فرار ہوگئے جبکہ جلوزئی پولیس نے مقتول کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی اس سلسلے میں اسد انور ولد انور خان ساکن غریب آباد بھٹی کیمپ جلوزئی نے پولیس کو یوں رپورٹ درج کراتے ہوئے بتایا کہ میرا بھائی نوید انور ولد انور خان مسعود حجام کی دکان واقع محلہ غریب آباد بھٹی کیمپ جلوزئی میں موجود تھا اور میں دکان کے باہر کھڑا ہوا تھا کہ اس دوران مسمیان فضل عظیم، جمیل پسران محمد الیاس اور فضل امین ولد فضل عظیم ساکنان غریب آباد بھٹی کیمپ جلوزئی مسلح آئے اور دکان کے اندر موجود میرے بھائی نوید انور پر فائرنگ شروع کر دی جس سے وہ لگ کر موقعہ پر ہی جاں بحق ہوگیا جبکہ ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے

ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او سوات کی زیر صدارت قومی جرگہ کے مشران و علاقائی عمائدین کا جرگہ

مجموعی صورتحال، امن و امان و دیگر اہم انتظامی و عوامی امور پر تفصیلی مشاورت

سوات (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات محمد عمر کی زیر صدارت سوات قومی جرگہ کے مشران و علاقائی عمائدین کا جرگہ منعقد ہوا جس میں ضلع سوات کی مجموعی صورتحال، امن و امان اور دیگر اہم انتظامی و عوامی امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ جرگہ میں علاقائی مشران و عمائدین بشمول عبدالجبار، اختر علی، حاجی زاہد خان، خورشید کاکاجی، صلاح الدین، شیر شاہ خان، جاوید بھائی جان، شیر بہادر ایڈووکیٹ سمیت دیگر معزز اراکین نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سوات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے جرگہ کے شرکا کو خوش آمدید کہا اور علاقے میں قیامِ امن اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون پر ان کے مثبت کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ جرگے میں طے پانے والے فیصلوں پر ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے خاطر خواہ عملدرآمد کیا گیا ہے اور عوامی فلاح و تحفظ کے لیے مزید اقدامات جاری ہیں۔ اجلاس کے دوران عمائدین نے اپنے تحفظات، آرا اور تجاویز پیش کیں جنہیں ڈپٹی کمشنر سوات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات نے توجہ سے سنا اور اطمینان بخش جوابات فراہم کیے۔ ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت نے اس موقع پر کہا کہ ضلع سوات کے عوام باشعور، غیور اور امن پسند ہیں جنہوں نے ہمیشہ قانون کی پاسداری اور امن کے قیام میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی قیمت پر ضلع کے امن و امان کو متاثر نہیں ہونے دیا جائے گا اور ترقی و خوشحالی کے سفر کو جاری رکھا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات محمد عمر نے اجلاس کے شرکا کو ضلع بھر میں پولیس کے حالیہ اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ امن و امان کے تسلسل کے لیے نئی پولیس چوکیاں قائم کی گئی ہیں، حساس علاقوں میں گشت اور ناکوں کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے جبکہ مختلف کارروائیوں میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق موثر اقدامات عمل میں لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس عوام کے تعاون سے کسی بھی قسم کی بدامنی کو برداشت نہیں کرے گی اور ضلع میں دیرپا امن کے قیام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے عمائدین پر زور دیا کہ وہ انتظامیہ اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھیں تاکہ ضلع سوات کو مزید پرامن اور محفوظ بنایا جا سکے۔ جرگہ کے اختتام پر خطے اور خصوصاً ملک کے امن و استحکام کے لیے اجتماعی دعا مانگی گئی۔

دیر بالا، ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں بھاری مشینری کے ذریعے تجاوزات کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے

چکوال۔۔۔۔ مرزا ساجد اقبال سے۔۔۔۔۔ سابق صوبائی وزیر راجہ یاسر سرفراز نے چکوال شہر میں سابقہ کونسلر ملک عنصر محمود کے بھتیجے کی دعوت ولیمہ کی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر ملک پرویز اور عبدالقیوم بھی موجود تھے

راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں ٹی ٹوئنٹی ٹرائی سیریز، پاکستان بمقابلہ زمبابوے چوتھائی ٹوئنٹی میچ

سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے فول پروف سیکورٹی وٹریفک انتظامات

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں ٹی ٹوئنٹی ٹرائی سیریز، پاکستان بمقابلہ زمبابوے چوتھائی ٹوئنٹی میچ، سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے فول پروف سیکورٹی وٹریفک انتظامات، راولپنڈی پولیس کے 5500 سے زائد افسران سیکورٹی فرائض سرانجام دے رہے ہیں، سی پی او، ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے 350 سے زائد ٹریفک افسران فرائض سرانجام دے رہے ہیں، سی پی او، سینئر افسران فیلڈ میں سیکورٹی پر مامور فورس کو چیک اور بریف کر رہے ہیں، کرکٹ ٹرائی سیریز کے لئے فول پروف سیکورٹی وٹریفک انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں ٹی ٹوئنٹی ٹرائی سیریز، پاکستان بمقابلہ زمبابوے چوتھائی ٹوئنٹی میچ، سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے فول پروف سیکورٹی وٹریفک انتظامات کیے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ راولپنڈی پولیس کے 5500 سے زائد افسران سیکورٹی فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے 350 سے زائد ٹریفک افسران فرائض سرانجام دے رہے ہیں، سینئر افسران فیلڈ میں سیکورٹی پر مامور فورس کو چیک اور بریف کر رہے ہیں، روف ٹاپ پر سنائپرز تعینات کئے گئے ہیں، سی سی ٹی وی کیمروں سے مانیٹرنگ کی جا رہی ہے جس کے لیے الگ کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے، تھانوں کی موبائلز، ایلیٹ اور ڈولفن سکواڈ سٹیڈیم کے اطراف گشت کر رہے ہیں، کرکٹ ٹرائی سیریز کے لئے فول پروف سیکورٹی وٹریفک انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

ہشام محسن کو وائس چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی سیکیورٹی اینڈ پولیس لائزن

راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پاکستان بمقابلہ سری لنکا، تیسرا ٹی ٹوئنٹی میچ اختتام پذیر

راولپنڈی پولیس کے فول پروف سیکورٹی انتظامات

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پاکستان بمقابلہ سری لنکا، تیسرا ٹی ٹوئنٹی میچ اختتام پذیر، راولپنڈی پولیس کے فول پروف سیکورٹی انتظامات، آر پی او بابر سرفراز الپا، سی پی او سید خالد ہمدانی، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انوسٹیگیشن، چیف ٹریفک آفیسر، ڈویژنل ایس پیز اور دیگر افسران تمام انتظامات کی مسلسل سپرویژن کرتے رہے، آر پی او بابر سرفراز الپا اور سی پی او سید خالد ہمدانی نے سیکورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور ہدایات دیں، راولپنڈی پولیس کرکٹ سیریز کے لیے بہترین سیکورٹی اور شہریوں کو خوشگوار ماحول کی فراہمی کے لئے پرعزم ہے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پاکستان بمقابلہ سری لنکا تیسرا ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچ اختتام پذیر ہوگیا، راولپنڈی پولیس کے فول پروف سیکورٹی انتظامات، آر پی او بابر سرفراز الپا، سی پی او سید خالد ہمدانی، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انوسٹیگیشن، چیف ٹریفک آفیسر، ڈویژنل ایس پیز اور دیگر افسران تمام انتظامات کی مسلسل سپرویژن کرتے رہے، آر پی او بابر سرفراز الپا اور سی پی او سید خالد ہمدانی نے سیکورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور ہدایات دیں، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ راولپنڈی پولیس کے 5500 سے زائد افسران و اہلکاروں نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیے، ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے 350 سے زائد ٹریفک افسران نے فرائض سرانجام دیے، راولپنڈی میں کرکٹ شائقین اور ٹیموں کے لئے محفوظ اور پرسہولت ماحول کو یقینی بنایا گیا، راولپنڈی پولیس کرکٹ سیریز کے لیے بہترین سیکورٹی اور شہریوں کو خوشگوار ماحول کی فراہمی کے لئے پرعزم ہے۔

تھانہ صدر واہ پولیس کی کارروائی

ایک ہفتہ قبل فلور ملز میں کام کرنے والے 20 سالہ شہری کے اغواء اور اندھے قتل کا معمہ حل

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) تھانہ صدر واہ پولیس کی کارروائی، ایک ہفتہ قبل فلور ملز میں کام کرنے والے 20 سالہ شہری کے اغواء اور اندھے قتل کا معمہ حل، شہری کے قتل میں ملوث 02 افراد گرفتار، زیر حراست افراد نے خنجر کے وار اور پسٹل کے بٹ مار کر قتل کیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک ہفتہ قبل فلور ملز میں کام کرنے والے 20 سالہ شہری کے اغواء اور اندھے قتل کا معمہ حل کر لیا، شہری کے قتل میں ملوث 02 افراد کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد نے خنجر کے وار اور پسٹل کے بٹ مار کر قتل کیا تھا، زیر حراست افراد نے شہری کو بہانے سے کھیتوں میں لے جا کر قتل کر کے لاش گہری کھائی میں پھینک دی تھی، زیر حراست افراد نے تفتیش میں انکشاف کیا کہ انہوں نے معمولی لڑائی جھگڑے کے رنج میں قتل کیا، صدر واہ پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ٹریس کر کے گرفتار کیا۔

سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز

سرچ آپریشنز میں 1278 گھر، 1143 دوکانیں، 42 ہوٹل، 05 ہاسٹل اور مجموعی طور پر 2486 افراد کے کوائف کو چیک کیا گیا

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز، سرچ آپریشنز میں 1278 گھر، 1143 دوکانیں، 42 ہوٹل، 05 ہاسٹل اور مجموعی طور پر 2486 افراد کے کوائف کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشنز کے دوران 19 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لیا گیا، سرچ آپریشنز کے دوران، 2 کباڑ خانے، 1 ہاسٹل، 1 بس/ ٹرک اسٹینڈ اور کرایہ داروں کے کوائف کی بھی چیکنگ کی گئی، کوائف کرایہ داری کا اندراج نہ کروانے والے افراد کے خلاف 4 مقدمات درج کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز، سرچ آپریشنز میں 1278 گھر، 1143 دوکانیں، 42 ہوٹل، 05 ہاسٹل اور مجموعی طور پر 2486 افراد کے کوائف کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشنز کے دوران 19 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لیا گیا، سرچ آپریشنز کے دوران، 2 کباڑ خانے، 1 ہاسٹل، 1 بس/ ٹرک اسٹینڈ اور کرایہ داروں کے کوائف کی بھی چیکنگ کی گئی، کوائف کرایہ داری کا اندراج نہ کروانے والے افراد کے خلاف 4 مقدمات درج کیے گئے، سرچ آپریشنز تھانہ پیرودھائی، گنجمنڈی، سٹی، وارث خان، بنی، نیوٹاؤن، صادق آباد، رتہ امرال، چونترہ، گوجر خان، دھمیال، روات، جاتلی، نصیر آباد، کینٹ اور ویسٹریج کے علاقوں میں کیے گئے، سرچ آپریشنز کا مقصد امن و امان کا قیام اور جرائم کی بیخ کنی ہے، قانون کی بالادستی اور امن و امان کے قیام کیلیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

مجاھد حسین SDPO ٹل نے اپنے دفتر میں ایک جنرل اینڈ کرایم میٹنگ کا انعقاد کیا

جس میں sho,oii,DSb,DFC,s سپیشل برانچ محرر سٹاف اور بیٹ افسران نے شرکت کی

ٹل) محمد خالق اورکزئی سے) آج مجاھد حسین SDPO ٹل نے اپنے دفتر میں ایک جنرل اینڈ کرایم میٹنگ کا انعقاد کیا۔ جس میں sho,oii,DSb,DFC,s سپیشل برانچ محرر سٹاف※ اور بیٹ افسران نے شرکت کی۔ DSP مجاہد حسین نے ریکارڈ تھانہ، تفتیش اور سیکورٹی کے متعلق سخت ہدایات جاری کی۔ اور واضح کیا کہ جرایم کے خلاف جنگی بنیادوں پر کاروائیاں جاری رہے گی۔ جرائم پیشہ افراد کے ساتھ کسی قسم کی رعائت نہی ھوگی۔ عوام کیلئے اسکے دفتر کے دروازے کھلے ھیں۔ عوام کی تحفظ اولین ترجیحات ہیں۔ جسکی جناب DPORPO, صاحبان کے واضح احکامات ھے۔ آخر میں DSP صاحب نے خبردار کیا۔ کہ جرائم پیشہ افراد ے سرکل ٹل میں کوئی جگہ نہی۔ معاشرے کیلئے ناسور مجرمان علاقہ چھوڑ دیں۔ بصورت دیگر سخت کارروائی کے کیلئے تیار ہیں

۔علاوہ ازیں یہ بھی واضح کیا کہ دھشت گردوں، اور امن اماں میں خلل پیدا کرنے والوں کے خلاف جہاد جاری رہےگا)

آئی جی کی قیادت میں اسلام آباد پولیس کی جاری شاندار کارکردگی قابل ستائش ہے

ڈولفن پولیس بھی بہترین کام کر رہی ہے۔ کرسمس کی آمد ہے سیف سٹی کا دائرہ مسیحی برادریوں اور گرجا گھروں تک پھیلا جائے

اسلام آباد (سٹاف) آئی جی کی قیادت میں اسلام آباد پولیس کی جاری شاندار کارکردگی قابل ستائش ہے۔ ڈولفن پولیس بھی بہترین کام کر رہی ہے۔ کرسمس کی آمد ہے سیف سٹی کا دائرہ مسیحی برادریوں اور گرجا گھروں تک پھیلا جائے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اور مسیحی مذہبی رہنماؤں کا بیان۔ پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل سیکرٹریٹ کے انچارج اور سابق امیدوار قومی اسمبلی سید سبط الحیدر بخاری المعروف سبطی شاہ، مرکزی اقلیتی رہنماء راشد چوہان، ایم پی اے پنجاب نرگس فیض ملک، ضلعی صدر راجہ شکیل عباسی ایڈووکیٹ اور مسیحی پادریوں نے وفاقی پولیس چیف سید علی ناصر رضوی، ڈی آئی جی جواد طارق اور ایس ایس پی آپریشن قاضی علی رضاء کی قیادت میں پولیس کی جاری شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ آئی جی اسلام آباد کی جانب سے اصلاحات سے وفاقی پولیس کی کارکردگی نکھری ہے اور فیڈرل کیپیٹل میں جرائم کی شرح میں واضح کمی دیکھنے کو مل رہی ہے۔ سید سبط الحیدر بخاری کا کہنا تھا کہ حالیہ چند ماہ میں اسلام آباد کے مختلف تھانوں کی حدود میں ہونے والی بڑی وارداتوں کے درجنوں ملزمان کی گرفتاری اور بروقت مسروقہ سامان کی برآمدگی سے شہریوں کا پولیس پر اعتماد بڑھا ہے اسکا کریڈٹ پولیس حکام وافسران کو جاتا ہے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی اقلیتی رہنماء راشد چوہان نے کہا ہے کہ اسلام آباد کے عوام خود کو پہلے سے زیادہ محفوظ سمجھنے لگے ہیں جبکہ سیف سٹی سیکیورٹی کیمروں کا دائرہ مسیحی آبادیوں اور گرجا گھروں تک بڑھایا جائے تو مسیحی برادری بھی احساس عدم تحفظ سے چھٹکارا حاصل کر سکے گی۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ اسلام آباد پولیس نے حالیہ عرصے میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات اٹھائے ہیں جن سے پولیس اور عوام میں خلیج کم ہوئی ہے۔ ضلعی صدر راجہ شکیل عباسی ایڈووکیٹ اور ایم پی اے نرگس فیض ملک نے کہا کہ پولیس حکام کی جانب سے قانون کی عملداری کیلئے جاری کاوشیں لائق تحسین ہیں جبکہ جرائم کے تدارک کیلئے مزید کاوشوں کی ضرورت ہے تاکہ اسلام آباد کو کرائم فری شہر بنایا جاسکے۔ پیپلز پارٹی رہنماؤں نے تھانہ جات سمیت مختلف زونز ڈولفن پولیس بالخصوص ایس پی ڈولفن خالد اعوان کی کارکردگی کو بھی سراہا ہے انکی جانب سے ناکہ جات پر چیکنگ کے نظام کو موثر بنانے کیلئے دوروں اور نگرانی پر بھی اطمینان کا اظہار کیا

چوہدری واجد ندیم کے برادر اصغر چوہدری ماجد علی رشتہ ازدواج میں منسلک

دعوت ولیمہ میں سیاسی و سماجی شخصیات سمیت اہل علاقہ کی شرکت

سکھو (محمد فرقان قریشی) ڈھوک چھنی موہڑہ متیال نزد سکھو سے تعلق رکھنے والے چوہدری محمد ساجد کے صاحبزادے اور چوہدری واجد ندیم کے برادر اصغر چوہدری ماجد علی رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگے، دعوت ولیمہ گزشتہ روز سکھو نجی شادی ہال میں منعقد ہوئی، دعوت ولیمہ میں سیاسی و سماجی شخصیات سمیت علاقہ بھر سے ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی اور دولہا چوہدری ماجد علی کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا

ہیڈ ماسٹر (BS-17) سے ترقی دے کر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (DDEO)(BS-18) تعینات کر دیا گیا

حافظ محمد عرفان اس سے قبل گورنمنٹ ہائی سکول ہردوسودھی تحصیل نوشہرہ میں بحیثیت ہیڈ ماسٹر خدمات انجام دے رہے تھے

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) تعلیم کے شعبے میں طویل اور شاندار خدمات انجام دینے والے حافظ محمد عرفان کو حکومت پنجاب، سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے ہیڈ ماسٹر (BS-17) سے ترقی دے کر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (DDEO)(BS-18) تعینات کر دیا گیا حافظ محمد عرفان اس سے قبل گورنمنٹ ہائی سکول ہردوسودھی تحصیل نوشہرہ میں بحیثیت ہیڈ ماسٹر خدمات انجام دے رہے تھے ان کی محنت، لگن اور تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کی کاوشوں کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں اسی عہدے پر (تحصیل نوشہرہ، ضلع خوشاب میں بطور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر) مستقل طور پر ترقی دے دی گئی اس ترقی پر نہ صرف ان کے خاندان اور دوست احباب نے خوشی کا اظہار کیا ہے بلکہ خوشاب کے تعلیمی حلقوں نے بھی اس فیصلے کو سراہا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ اپنی نئی ذمہ داریوں میں بھی حسن طریقہ اور ایمانداری سے کام کرتے ہوئے علاقے کے تعلیمی نظام کو مزید بلندیوں تک لے جائیں گے ان کی ترقی پورے خوشاب ضلع کے لیے قابلِ فخر ہے۔

موجودہ حالات کے تناظر میں پاکستان سنی تحریک کی کال پر تنظیماتِ اہلسنّت راولپنڈی اسلام آباد کے مرکزی و ضلعی عہدیداران کا اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا

جس میں موجودہ صورتِ حال اور انتظامیہ کے ساتھ حالیہ رابطوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

راولپنڈی موجودہ حالات کے تناظر میں پاکستان سنی تحریک کی کال پر تنظیماتِ اہلسنّت راولپنڈی اسلام آباد کے مرکزی و ضلعی عہدیداران کا اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں موجودہ صورتِ حال اور انتظامیہ کے ساتھ حالیہ رابطوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں باہمی اتفاقِ رائے سے درج ذیل نکات جاری کیے گئے جسمیں صوبائی صدر پاکستان سنی تحریک شمالی پنجاب علامہ طاہر اقبال چشتی، رہنما علماء بورڈ پی ایس ٹی علامہ محمد سعید اختر صدیقی، رہنما جماعت اہلسنت پاکستان علامہ صالحین عاجز، رہنما تحریک صراط مستقیم علامہ محمد اشفاق صابری، رہنما جماعت جلالیہ پاکستان علامہ محمد رفاقت جلالی، رہنما جمیعت علماء پاکستان علامہ حافظ محمد حسین، رہنما علماء بورڈ پی ایس ٹی علامہ پیر غلام مرتضیٰ شاکر، سرپرست اعلیٰ سنی علماء کونسل پاکستان علامہ مفتی محمد عارف چشتی، رہنما تحریک لبیک اسلام علامہ مفتی مدثر حسین رضوی، رہنما تحریک فدایان ختم نبوت صاحبزادہ اخلاق احمد جلالی، ناظم انجمن طلباء اسلام پنجاب شمالی محمد احسن کبیر، ناظم الکرم فرینڈز راولپنڈی علامہ اللہ بخش چشتی، مرکزی سیکرٹری جنرل امن علماء کونسل پاکستان علامہ قاضی خضر محمود چشتی، نگران اعلیٰ بزم غوشیہ سلطانیہ پاکستان صاحبزادہ محمد قیصر شہزاد سلطانی، رہنما پاکستان فلاح پارٹی سید روف احمد، ڈویژنل صدر پاکستان سنی تحریک علامہ شوکت حسین نقشبندی، صدر بزم انوار رسالت پاکستان علامہ جواد مصطفیٰ خرم، مہتمم جامعہ غوثیہ رضویہ علامہ صاحبزادہ شاہد منصور چشتی، ضلعی صدر پاکستان سنی تحریک علامہ محمد عمران نظامی، چیرمین سنی علماء کونسل راولپنڈی علامہ ذوالفقار نعیمی، ناظم اعلی سنی علماء کونسل اسلام آباد علامہ ڈاکٹر مبشر احمد چشتی، ضلعی جنرل سیکرٹری پی ایس ٹی علامہ محمد نسیم صدیقی، رہنما تحریک لبیک اسلام علامہ داود عالم رضوی، جنرل سیکرٹری مرکزی میلاد کمیٹی چوہڑ ہڑپال حافظ محمد علی طیب، رہنما علماء بورڈ علامہ صاحبزادہ محمد عمار شاکر، ضلعی رہنما پی ایس ٹی آصف محمود عطاری، تحصیل صدر پاکستان سنی تحریک راولپنڈی علامہ خرم شہزاد جلالی، رہنما تحریک فدایان ختم نبوت راولپنڈی ذوالفقار علی قادری، رہنما جمیعت علماء پاکستان راولپنڈی حافظ محمد شعیب علی اور دیگر کی شرکتنظیماتِ اہلسنت راولپنڈی اسلام آباد کا مشترکہ اعلامیہ موجودہ حالات میں ہم اپنے تمام علماء، مشائخ اور کارکنانِ اہلسنّت کے ساتھ مکمل رابطے اور تعاون کے ساتھ کھڑے ہیں ہم انہیں ہرگز تنہا نہیں چھوڑیں گے، اور ہر ممکن قانونی واخلاقی معاونت جاری رکھیں گے ہم انتظامیہ سے درخواست کرتے ہیں کہ جو بے گناہ افراد زیرِ حراست ہیں انہیں جلد از جلد رہا کیا جائے، تاکہ شہر میں اعتماد اور مثبت فضا قائم رہے۔ راولپنڈی پولیس کے مثبت طرزِ عمل کا اعتراف اب تک جن علماء اکرام و کارکنان کو انتظامیہ کے تعاون کے ساتھ رہا کیا گیا ہے، اس پر ہم پولیس و انتظامیہ کے شکر گزار ہیں امید ہے کہ یہ تعاون مزید بڑھایا جائے گا اور غلط فہمیاں پیدا کرنے والے عناصر کی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔

خیبر پختونخوا میں زراعت کے شعبے میں ترقی کے وسیع مواقع موجود ہیں

جن سے استفادہ حاصل کرنے کے لئے گڈ گورننس روڈ میپ کے تحت مختلف اقدامات پر عملدرآمد میں تیزی لائی جائے

پشاور (اشتیاق خان سے) خیبر پختونخوا میں زراعت کے شعبے میں ترقی کے وسیع مواقع موجود ہیں جن سے استفادہ حاصل کرنے کے لئے گڈ گورننس روڈ میپ کے تحت مختلف اقدامات پر عملدرآمد میں تیزی لائی جائے، چیف سیکرٹری شہاب علی شاہ چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ کی زیر صدارت اجلاس میں محکمہ زراعت کے گڈ گورننس اقدامات پر جائزہ اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں سیکرٹری محکمہ زراعت اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ضم اضلاع میں ایک لاکھ پچاس ہزار زیتون کے درختوں پر قلم لگانے کا ہدف کامیابی سے مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ کسانوں کی معاشی حالت میں بہتری کیلئے جدید زرعی ٹیکنالوجی، تربیت اور وسائل فراہم کرنے پر کام جاری ہے۔ اسی طرح کسانوں کو ایک چھت تلے سہولیات کی فراہمی کیلئے 97 فارم سروسز سینٹرز میں ون ونڈو آپریشن جاری ہے۔ مزید بتایا گیا کہ مختلف منصوبوں کے ذریعے پانچ ہزار ایکڑ قابل کاشت بنجر زمین کی بحالی اور گندم، مکئی، چاول، گنے اور پھلوں سمیت بڑی فصلوں کی جی آئی ایس میپنگ جیسے منصوبے بھی حکومت خیبر پختونخوا کے گڈ گورننس روڈ میپ کا اہم حصہ ہیں۔ چیف سیکرٹری کا کہنا تھا کہ یہ اقدامات صوبے میں زرعی ترقی اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے لئے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔

ہنگو سٹی پولیس کا سرچ آپریشن قتل کے مقدمے میں مطلوب مجرم اشتہاری سمیت 12 ملزمان گرفتار

آر پی او کوہاٹ ریجن عباس مجید خان مروت کی واضح ہدایات، بھاری اسلحہ برآمد

ھنگو) محمد خالق اورکزئی سے) ہنگو سٹی پولیس کا سرچ آپریشن قتل کے مقدمے میں مطلوب مجرم اشتہاری سمیت 12 ملزمان گرفتار، بھاری اسلحہ برآمد آر پی او کوہاٹ ریجن عباس مجید خان مروت کی واضح ہدایات اور ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند کی براہِ راست نگرانی میں سٹی پولیس نے قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے علاقہ چمبہ گل اور سرکی پیالہ میں کامیاب سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن کیا۔ اس آپریشن کی قیادت ڈی ایس پی سٹی امجد خان اور ایس ایچ او سٹی محمود خان نے کی، جبکہ ایلیٹ فورس کے کمانڈوز بھی ان کے ساتھ شریک تھے۔ پولیس نفری نے منظم انداز میں جرائم پیشہ افراد کے گھروں کا محاصرہ کیا۔ محاصرے کے نتیجے میں قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری دانش ولد عبدالرحمن کو گرفتار کر لیا گیا۔ علاوہ ازیں، اشتہاریوں کو پناہ دینے اور سہولت فراہم کرنے والے 07 افراد کو بھی حراست میں لیا گیا، جن کے قبضے سے 02 کلاشنکوف، 05 پستول اور 175 کارتوس برآمد کیے گئے۔ ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند نے کہا کہ عوام کا تحفظ، امن کا استحکام اور شہریوں کی جان و مال کی حفاظت ہماری ذمہ داری بھی ہے اور عہد بھی۔ پولیس اپنے اس عہد کی تکمیل میں ہر قیمت پر اپنا کردار ادا کرتی رہے گی، اور کسی مجرم کو قانون سے بالاتر نہیں ہونے دیا جائے گا)

الحمدللہ مخی زئی پُل اب پیدل آمدورفت کے لیے کھول دیا گیا ہے

سخت سردی اور شدید موسم کے باعث اس وقت بھاری تعمیراتی کام ممکن نہیں



کرم) محمد خالق اورکزئی سے) مخی زیئ کے علاقے کے عوم نے اپنے جیب سے پیسے اکھٹے کر کے پل بنائی موزید برداشت نھی کرتے سردی یہ بات مخی زیئ کے ملک گل دار خان بنگش نے کہا کہ کے الحمدللہ مخی زئی پُل اب پیدل آمدورفت کے لیے کھول دیا گیا ہے۔ سخت سردی اور شدید موسم کے باعث اس وقت بھاری تعمیراتی کام ممکن نہیں، اس کو ابھی اس سردی میں مکمل کری یہ بات مخی زیئ کے نوجوان قیادت اپنے علاقے کیلئے اوز۔ ملک گل درخان بنگش نے صحافی کو بتایا کہ مخی زئی منصوبے کا تیسرا مرحلہ اگلی گرمیوں تک کافی ٹیم ھے۔ یہ پل سب کے لیے ہے، ہر قبیلے، ہر خاندان، ہر مسلک، ہر رنگ، ہر پس منظر کے لوگوں کے لیے۔ اِن شاء اللہ سب لوگ اس پل سے آسانی اور سکون کے ساتھ فائدہ اٹھاسکیں گے۔ اللہ کرے یہ پل ہماری قوم کے لیے رابطے، حفاظت، وحدت اور آسانی کا ذریعہ بنے۔ براہِ کرم انہوں نے کہا کہ اور اپیل کی موجودہ M N A۔اور M p A۔ اور موجودہ وزیر اعلی سہیل خان افریدی سے گزارش ہے کے جو کام رہگے وہ پوری طور پر بنائی اور اس کو بقایا کام پورا کری)